☆ ☆ ☆ پاک سرزمین کا نظام......قوت اخوت عوام ☆ ☆ ☆
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
ایڈیٹر
امداداللہ قریشی
www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 15 | ہفتہ 10 رجب المرجب 1446ھ، 11 جنوری 2025ء، 24 پوہ 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 85

مریم نواز: نواز شریف دورے کے بعد ایک بار پھر معیشت کیلئے اچھی خبریں آنے لگی ہیں

تعلیمی میدان میں ترکیہ کے تعاون کی مشکور' پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں، دونوں ممالک کے وقت گزرنے کے ساتھ تعلقات مضبوط ہو رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب نے ملتان یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا دورہ کیا اور گرلز ہاسٹل کا سنگ بنیاد رکھ دیا، مست یونیورسٹی میں جدید گوگل کلاس رومز، ڈیجیٹل لائبریری کا بھی وزٹ کیا

ملتان (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ تعلیم کے شعبے میں ترکیہ کے ساتھ شراکت داری چاہتے ہیں۔ ملتان میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز کا کہنا تھا کہ ترک وفد کو خوش آمدید کہتی ہوں، تعلیمی میدان میں ترکیہ کے تعاون کی مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں، دونوں ممالک کے وقت گزرنے کے ساتھ تعلقات مضبوط ہو رہے ہیں۔ مریم نواز کا مزید کہنا تھا کہ رجب طیب اردوان پاکستان کے بہترین دوست ہیں، تعلیم کے شعبے میں ترکیہ کیساتھ شراکت داری چاہتے ہیں۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ پنجاب مریم (بقیہ نمبر 30)

پاکستان کو 2047ء تک 3 ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کا عزم

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے معاشی ترقی کیلئے 'اڑان پاکستان' منصوبے کا آغاز

اسلام آباد (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی معاونت سے معاشی ترقی کیلئے 'اڑان پاکستان' منصوبے کا آغاز کر دیا گیا۔ پاکستان کو 2047ء تک 3 ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کا عزم، 'اڑان پاکستان' کے تحت 5 سالہ اقتصادی منصوبہ شروع ہو گیا، 'اڑان پاکستان' کے ذریعے معاشی ترقی کے منصوبوں پر عمل درآمد کیلئے تمام صوبوں، وزارتوں اور شعبوں کا پختہ (بقیہ نمبر 2)

تحریکِ انصاف کے 153 کارکنان کی ضمانتیں منظور، 24 کی مسترد

انسداد دہشتگردی عدالت نے 177 پی ٹی آئی کارکنوں کی درخواستِ ضمانت پر فیصلہ سنا دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے 26 نومبر کے کیسز میں پاکستان تحریکِ انصاف کے 177 کارکنان کی ضمانت کی درخواستوں پر فیصلہ سنا دیا۔ اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے گرفتار (بقیہ نمبر 4)

ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں بچا، اپنے کیسز عالمی سطح پر لے جائیں گے: عمران خان

ہم اسلام آباد ہائی کورٹ گئے، سپریم کورٹ بھی گئے، کوئی ہماری بات سننے کو تیار نہیں، بانی پی ٹی آئی' رانا ثنا کی پریس کانفرنس سن کر عمران خان مسکرائے

جب عمران خان نے باہر آنا ہوا تو فجر کے وقت جیل کا دروازہ کھل جائے گا' ذاتی معالج کو نہیں ملنے دیا جا رہا یہ ٹارچر ہے، علیمہ خان کی ملاقات کے بعد گفتگو

راولپنڈی: بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں بچا، ہم اپنے کیسز عالمی سطح پر لے جائیں گے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمران خان کی بہن علیمہ خان نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ ہم اسلام آباد ہائی کورٹ گئے، سپریم کورٹ گئے، کوئی ہماری بات سننے کو تیار نہیں۔ ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں بچا، ہم اپنے کیسز کو بین الاقوامی سطح پر لے (بقیہ نمبر 6)

کیا آرمی افسر کو اتنا تجربہ ہوتا ہے کہ سزائے موت تک سنا دی جاتی ہے: جسٹس جمال مندوخیل

ملٹری کورٹس میں ٹرائل کے طریقہ کار پر مطمئن کریں، آرمی ایکٹ کا اطلاق صرف فوج پر ہوتا ہے، جسٹس جمال خان مندوخیل' جس آفیسر نے ٹرائل سنا ہی نہیں وہ کیسے فیصلہ دیتا ہوگا' جسٹس مسرت ہلالی

ملٹری کورٹس میں کیسے ٹرائل کیا جا رہا ہے مراحل کیا ہیں سب بتائیں، سب سمجھ رہے ہیں سویلین عدالتوں کی طرح ملٹری کورٹس ٹرائل نہیں ہوتا، ملٹری کورٹس کے ٹرائل کی کوئی مثال دیں' جسٹس نعیم اختر افغان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائلز سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ ملٹری کورٹس میں ٹرائل کے طریقہ کار پر مطمئن کریں، آرمی ایکٹ کا اطلاق صرف فوج پر ہوتا ہے، فوجی افسران کو بنیادی حقوق اور انصاف ملتا ہے یا نہیں ہم سب کو مدنظر رکھیں گے۔ جسٹس امین الدین خان (بقیہ نمبر 1)

غریب عوام اور تاجر پر ٹیکسز کا بوجھ نہیں ڈالیں گے وزیراعظم

محصولات کے مقدمات کے جلد سے جلد نمٹائے جانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں' اپیلیٹ ٹریبونلز ان لینڈ ریونیو میں بین الاقوامی معیار کی افرادی قوت کو مسابقتی تنخواہوں، مراعات اور پیشہ ورانہ ٹیلنٹ کی بنیاد تعینات کیا جائے

کام میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، ایف بی آر اصلاحات پر کام تیزی سے جاری ہے، جدید خودکار نظام سے کرپشن کا خاتمہ اور کسٹمز کلیئرنس کیلئے درکار وقت میں خاطر خواہ کمی آئی' شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم نے ایف بی آر کو محصولات کے مقدمے جلد نمٹانے کی ہدایت کر دی۔ اسلام آباد میں وزیراعظم شہباز شریف کے زیر صدارت ان لینڈ ریونیو کے اپیلیٹ ٹریبونلز کے امور پر جائزہ اجلاس ہوا، اجلاس میں وزیراعظم نے عدالتوں میں رکی ہوئی محصولات (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے ورلڈ لیگ کے سیکرٹری جنرل شیخ ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسی ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان کو کہیں منتقل کرنے کے امکانات ہو سکتے ہیں' رانا ثناء

جیل کے اندر ہی ٹرائل کا فیصلہ بھی بانی پی ٹی آئی کی سکیورٹی کے سبب کیا گیا تھا

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے سیاسی مشیر رانا ثنا نے کہا ہے کہ بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کو سکیورٹی یا صحت کے مسائل کی وجہ سے کہیں منتقل کرنے کے (بقیہ نمبر 13)

ملالہ یوسفزئی عالمی کانفرنس میں شرکت کیلئے آج پاکستان آئیں گی

11 اور 12 جنوری کو اسلام آباد میں ہونے والی دو روزہ کانفرنس میں مہمان خصوصی ہوں گی

لاہور (این این آئی) نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی خواتین کی تعلیم کے فروغ کے لئے منعقد ہونے والی عالمی کانفرنس میں شرکت کے لئے آج (ہفتہ) کے روز پاکستان آئیں گی۔ بتایا گیا ہے کہ ملالہ یوسفزئی 11 اور 12 جنوری کو اسلام آباد میں ہونے والی 2 روزہ کانفرنس میں مہمان خصوصی (بقیہ نمبر 33)

سرکاری کوٹے پر 5 ہزار خالی نشستوں پر حج درخواستوں کی وصولی شروع

لاہور (این این آئی) وزارت مذہبی امور کی جانب سے سرکاری کوٹے پر 5 ہزار خالی نشستوں پر حج درخواستوں کی وصولی جمعہ (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد، پی آئی اے پرواز کے ذریعے پیرس جانیوالے مسافر ایئرپورٹ پر کھڑے ہیں

بلاول بھٹو: سسک کر چلنے والے انٹرنیٹ سپیڈ میں ہم سرمایہ کاری کو کیسے راغب کریں

آپ نے فائر وال بھی ڈال دی اور وی پی این پر پابندی لگا دی، ویب سائٹ بھی بند کر دی، مغربی ممالک سے پاکستان کے اندرونی معاملات پر بیانات آ رہے ہیں

رائے ونڈ (یو این پی) سسک کر چلنے والے ایسے انٹرنیٹ سپیڈ میں ہم سرمایہ کاری کو کیسے راغب کریں؛ بلاول بھٹو، بلاول ہاؤس بحریہ ٹاؤن ذرائع کے مطابق چیئرمین پی پی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آپ نے فائر وال بھی ڈال دی اور وی پی این پر پابندی لگا دی، ویب سائٹ بھی (بقیہ نمبر 66)

پنجاب گڈ گورننس، میرٹ اور کارکردگی میں تمام صوبوں کو لیڈ کر رہا ہے: عظمیٰ بخاری

مریم نواز پنجاب کا پیسہ پنجاب کے عوام پر خرچ کر رہی ہیں، پنجاب کا پیسہ وفاق پر چڑھائی کے لیے خرچ نہیں ہو رہا

مریم نواز جانوروں کیساتھ سیاسی بونوں' سیاسی نیم پاگلوں کا بھی علاج کریں گی' وزیر اطلاعات کا بیرسٹر سیف کے بیان پر ردِ عمل

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات و رہنما مسلم لیگ ن عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب گڈ گورننس، میرٹ اور کارکردگی میں تمام صوبوں سے لیڈ کر رہا ہے۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ مریم نواز پنجاب کا پیسہ پنجاب کے عوام پر خرچ کر رہی ہیں، پنجاب کا پیسہ وفاق پر چڑھائی کے لیے خرچ نہیں ہو رہا، مریم نواز جانوروں کے ساتھ سیاسی بونوں اور سیاسی (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد، چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ لائبریری کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور میں مزید 3 امیگریشن اینڈ پاسپورٹ دفاتر کھولنے کا حتمی فیصلہ

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں مزید 3 امیگریشن اینڈ (بقیہ نمبر 7)

پاکستان کے ہر کونے سے مہمان نوازی ملی' ڈونلڈ بلوم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں متعین امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 8)

7 جعلی کمپنیوں کی سولر پینل کی درآمدات کی آڑ میں 106 ارب کی منی لانڈرنگ

درآمد کیے جانیوالے سولر پینل کی مجموعی مالیت انکم ٹیکس ڈکلیئریشن کے مطابق 11 کروڑ 90 لاکھ روپے تھی

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے 106 ارب روپے کی منی لانڈرنگ بے نقاب کرتے ہوئے اسکینڈل میں ملوث 7 جعلی کمپنیوں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ (بقیہ نمبر 23)

خصوصی فورس رائیٹ مینجمنٹ پولیس کو جدید آلات سے لیس کرنے کا فیصلہ

60 ہزار سے زائد لاجسٹک ضروریات کی فہرست مرتب' دائرہ صوبے میں بڑھایا جائیگا

لاہور (این این آئی) پرتشدد مظاہروں کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے بنائی گئی خصوصی فورس رائیٹ مینجمنٹ پولیس کو جدید آلات سے لیس کرنے اور اس کا دائرہ کار صوبے کے تمام شہروں (بقیہ نمبر 22)

9 مئی مقدمات' عمر ایوب و دیگر کی بریت کی درخواستوں پر فیصلہ محفوظ

سرگودھا (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے 9 مئی کے 6 مقدمات میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب و دیگر کی بریت (بقیہ نمبر 21)

سٹیٹ بینک کی ایکسچینج کمپنیز کو وی پی این استعمال کرنے کی اجازت

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ایکسچینج کمپنیز کو وی پی این (ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورک) کے (بقیہ نمبر 20)

محسن نقوی کی مولانا سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

امدادی اشیاء کے قافلوں کی پاراچنار آمد پر اظہارِ اطمینان' بعض عناصر نے جان بوجھ کر کرم ایشو کو غلط رنگ دیا، وفاقی وزیر داخلہ

مولانا فضل الرحمن سے دیرینہ نیاز مندی ہے، پاکستان کی سیاست میں ان کا مثبت کردار قابلِ تعریف ہے' ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن کی رہائش گاہ جا کر ان سے ملاقات اور خیریت دریافت کی ہے۔ اس موقع پر محسن نقوی نے مولانا فضل الرحمن کی صحت سے متعلق نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے سربراہ جے یو آئی ف مولانا فضل الرحمٰن ملاقات کر رہے ہیں

شاہد خاقان عباسی کی جماعت 'عوام پاکستان پارٹی' الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کی جماعت عوام پاکستان پارٹی کو رجسٹر کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رجسٹریشن (بقیہ نمبر 5)

ملک احمد خان نے سپیکر پنجاب اسمبلی کا عہدہ دوبارہ سنبھال لیا

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے بیرون ملک دورے (بقیہ نمبر 27)

چودھری پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد کرنے کا تحریری حکم جاری

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت لاہور نے ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن ریفرنس پر تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ سابق (بقیہ نمبر 26)

مانیٹری پالیسی کا اعلان 27 جنوری کو متوقع' ریٹ میں 2 سے 3 فیصد کمی کا امکان

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک رواں سال کی پہلی ششماہی میں چار بار مانیٹری پالیسی کا اعلان کرے گا۔ 27 جنوری کو مرکزی بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس ہوگا۔

لطیف کھوسہ کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالنے کا نوٹیفکیشن معطل

سیکریٹری داخلہ یقینی بنائیں سردار لطیف کھوسہ کو بیرون ملک جانے سے نا روکا جائے' تحریری فیصلہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سردار لطیف کھوسہ کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالنے کا 26 دسمبر کا نوٹیفکیشن آئندہ سماعت تک معطل کر دیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ سردار لطیف کھوسہ کو 10 جنوری سے 24 جنوری تک (بقیہ نمبر 28)

ایف آئی اے اور پولیس کو خدیجہ شاہ کو ہراساں نہ کرنے کا حکم

دورانِ سماعت درخواست گزار خدیجہ شاہ کی جانب سے وکیل آمنہ علی عدالت پیش ہوئیں

اسلام آباد (این این آئی) ہائی کورٹ نے ایف آئی اے اور پولیس کو پی ٹی آئی رہنما خدیجہ شاہ کو ہراساں نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ (بقیہ نمبر 25) سپریم کورٹ کی ممبر جیل اصلاحاتی کمیٹی و پی ٹی آئی رہنما خدیجہ شاہ کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست پر سماعت ہوئی، جس میں چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے آئندہ (بقیہ نمبر 20)

وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق سے ورلڈ کشمیر فورم کے چیئرمین ڈاکٹر حاجی محمد رفیق ملاقات کر رہے ہیں

جتنا ہو سکا مسائل حل کروں گا' چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق (بقیہ نمبر 14)

ہائیکورٹ نے افغان موسیقاروں کو زبردستی واپس بھیجنے سے روک دیا

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے افغان موسیقاروں کو زبردستی (بقیہ نمبر 15)

پاکستان پیٹرولیم کا گیس کی پیداوار شروع کرنے کا اعلان

کراچی (این این آئی) معیشت کیلئے اچھی خبر، پاکستان پیٹرولیم نے گیس کی (بقیہ نمبر 16)

پی پی 51 سیالکوٹ سے کامیاب ن لیگی امیدوار کیخلاف درخواست خارج

درخواست گزار کے پاس جیت کا کوئی ثبوت موجود نہیں ہے' وکیل (ن) لیگی امیدوار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے الیکشن ٹریبونل نے پی پی 51 سیالکوٹ سے کامیاب مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کے خلاف درخواست خارج کر دی۔ جسٹس سلطان تنویر احمد نے بطور الیکشن ٹریبونل ن لیگی امیدوار کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دینے کی درخواست پر سماعت (بقیہ نمبر 24)

لاہور، اپوزیشن اراکین قائد حزب اختلاف احمد خان کی قیادت میں پنجاب اسمبلی کی سیڑھیوں پر احتجاج کر رہے ہیں

دسمبر 2024ء ترسیلات زر میں 3.1 ارب ڈالر آئے' 5.6 فیصد اضافہ

پہلی ششماہی کے دوران مجموعی طور پر 17.8 ارب ڈالر آئے' 32.8 فیصد اضافہ' سٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) دسمبر 2024ء کے دوران ترسیلات زر میں 3.1 ارب ڈالر آئے جو ماہ بہ ماہ 5.6 فیصد اضافہ ہے۔ کارکنوں کی ترسیلات زر میں مالی سال 25ء کی پہلی ششماہی (بقیہ نمبر 17)

اعجاز چودھری کی ضمانت کی درخواستوں پر وکلاء صفائی کو دلائل کا آخری موقع

ہمیں کہتے ہیں آپ فیصلہ نہیں کرتے اور خود عدالتوں میں پیش نہیں ہوتے، ایڈمن جج منظر علی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے پی ٹی آئی رہنما اعجاز چودھری کی ضمانت کی درخواستوں پر وکلاء صفائی کو دلائل کا آخری موقع پر دے دیا۔ لاہور کی انسداد (بقیہ نمبر 18)

لاہور ہائیکورٹ کا ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کیلئے ملتان کو گرین سٹی بنانے کا حکم

ملتان شہر کی ہریالی میں اضافے کیلئے جامع فریم ورک تشکیل دیا جائے' موٹروے ایم تھری کے ساتھ ایک گرین سٹی میں تبدیل کریں

متعلقہ محکموں سے ماہانہ بنیادوں پر کارکردگی رپورٹس کے حصول' جائزے کے لیے نظام تشکیل دیا جائے' 15 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے لیے ملتان کو گرین سٹی بنانے کا حکم دیدیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس جواد حسن نے ماحولیاتی آلودگی سے متعلق طاہر جمال کی درخواست پر 15 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا، درخواست میں لاہور ہائیکورٹ کے 2020 میں جاری کردہ ایک آرڈر پر عملدرآمد کی استدعا کی گئی تھی، 2020 کے آرڈر میں عوام کے لیے بنیادی سہولیات اور ایم تھری موٹروے پر (بقیہ نمبر 12)

سعودی عرب، یو اے ای، چین سمیت 7 ملکوں سے 258 پاکستانی بے دخل

7 بھکاریوں سمیت 232 افراد سعودی عرب جبکہ یو اے ای سے 21 پاکستانی ڈی پورٹ ہوئے، ذرائع

کراچی (این این آئی) سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور چین سمیت 7 ملکوں سے 258 پاکستانیوں کو بے دخل کر دیا گیا۔ امیگریشن ذرائع کے مطابق 7 بھکاریوں سمیت 232 افراد سعودی عرب جبکہ یو اے ای سے 21 پاکستانی ڈی پورٹ ہوئے، اسی طرح چین، قطر، انڈونیشیا، (بقیہ نمبر 9)

پی آئی اے کا ساڑھے 4 سال بعد یورپ کیلئے فلائٹ آپریشن بحال، پہلی پرواز پیرس روانہ

یورپ کی فضاؤں میں ایک بار پھر سبز ہلالی پرچم لہرانا شروع ہو گیا ہے، برطانیہ کیلئے پروازوں کا اجرا جلد ہوگا' وزیر دفاع کا خطاب

معطلی مئی 2020 میں کراچی میں ہونیوالے پی آئی اے طیارہ حادثے کے بعد کی گئی تھی جس میں 97 افراد جاں بحق ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) یورپی یونین کی پابندی کے خاتمے کے بعد قومی ایئر لائن کی پہلی پرواز اسلام آباد سے پیرس روانہ ہو گئی۔ قومی ایئر لائن کا یورپ کے لیے فلائٹ آپریشن ساڑھے 4 سال بعد بحال ہوا ہے۔ پرواز پی کے 749 نے 323 مسافروں کے ساتھ پیرس کے لیے اڑان بھری۔ فرانس میں پی آئی اے کے مینیجر رضوان کے مطابق یہ پرواز اسی شام پیرس انٹرنیشنل چارلس ڈیگال ایئرپورٹ پر اترے گی۔ ترجمان کے مطابق مسافر (بقیہ نمبر 19)

کوئٹہ میں کوئلے کی کان میں دھماکہ، 12 کان کن پھنس گئے

کانکنوں کو نکالنے کے لیے راستہ بنا لیا گیا ہے، ریسکیو ٹیمیں کانکنوں تک پہنچنے کے لیے مصروف عمل

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں سپین کاریز کے علاقے سنجدی میں کوئلے کی کان میں گیس بھر جانے کے باعث دھماکہ ہو گیا۔ چیف مائنز انسپکٹر کے مطابق دھماکے کے باعث کان بیٹھ گئی، (بقیہ نمبر 10)

حکومت' پی ٹی آئی مذاکرات کا تیسرا دور شاید آخری ہو' شوکت یوسفزئی

پی ٹی آئی نے مذاکرات کر کے حکومت کو بے نقاب کر دیا حکومت مذاکرات سے خوفزدہ لگ رہی ہے، گفتگو

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما شوکت یوسفزئی نے خبردار کیا ہے کہ حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان مذاکرات کا تیسرا دور شاید آخری ہو۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 11)



کراچی، وفاقی وزیر احسن اقبال میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

سیئول، وفاقی وزیر کامرس جام کمال خان ایگزیکٹو ڈائریکٹر آف ڈی ای ڈی سی آپریشن سے ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

شہر میں چوری ڈکیتی اور راہزنی کی درجنوں وارداتیں

شہری لاکھوں روپے نقدی طلائی زیورات موبائل فون اور دیگر چیزوں سے محروم ہوگئے

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری ڈکیتی اور راہزنی کی درجنوں وارداتوں کے دوران شہری لاکھوں روپے نقدی طلائی زیورات موبائل فون اور دیگر چیزوں سے محروم ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق نشتر کالونی کے علاقہ میں فاروق کی فیملی سے 6 لاکھ نقدی طلائی زیورات دیگر اشیاء۔ سمن آباد میں عثمان کی فیملی سے 5 لاکھ نقدی زیورات دیگر اشیا۔ غازی آباد میں عدنان کی فیملی سے تین لاکھ نقدی زیورات اور دیگر اشیاء۔ فیصل ٹاؤن میں محمود سے ایک لاکھ اور موبائل فون، شاہدرہ ٹاؤن میں زین کی فیملی سے دو لاکھ نقدی زیورات اور دیگر اشیا۔ بھاٹی گیٹ میں برکت سے ایک لاکھ اور موبائل فون۔ ہنجروال میں فرقان سے ایک لاکھ نقدی اور موبائل فون۔ نواب ٹاؤن میں ناصر سے 70 ہزار اور موبائل فون۔ لاری اڈا میں عاطف سے 50 ہزار اور موبائل فون۔ نولکھا میں تبسم سے 10 ہزار نقدی موبائل فون اور دیگر اشیا چھین لی گئیں۔ ماڈل ٹاؤن سے گاڑی جبکہ شاہدرہ رنگ محل ہڈیارہ ٹاؤن شپ اور مستی گیٹ سے موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں۔

ہنجروال کے علاقے میں پسند کی شادی کرنے والی بیٹی کو قتل کرنے کی کوشش

شدید زخمی حالت میں 20 سالہ شمائلہ کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کردیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ہنجروال کے علاقے میں پسند کی شادی کرنے والی بیٹی کو قتل کرنے کی کوشش، شدید زخمی حالت میں 20 سالہ شمائلہ کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس نے لڑکی کی والدہ، والد اور دو چچا کو گرفتار کرکے ان سے پستول برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا تفصیلات کے مطابق ہنجروال کی رہائشی 19 سالہ شمائلہ نے مدنی نامی لڑکے سے پسند کی شادی کی ہوئی تھی گزشتہ روز شمائلہ کے چاچا امتیاز نے شمائلہ کے والد فیاض بھائی سلیم اور والدہ سے ہم مشورہ ہوکر شمائلہ پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوگئی پولیس نے لڑکی کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کرکے ملزمان فیاض، امتیاز، سلیم اور خاتون مسرت بی بی کو گرفتار کرکے ان سے پسٹل 30 بور بمعہ گولیاں برآمد کرکے تھانہ ہنجروال میں سب انسپکٹر کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا گیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان نے پسند کی شادی کرنے پر شمائلہ کو قتل کرنے کی کوشش کی ان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

لاہور: مغلپورہ انوسٹیگیشن پولیس کی کارروائی

کارروائی کرتے ہوئے موبائل سنیچر ڈکیت گینگ کے 3 ملزم گرفتار کرلیے

لاہور (کرائم رپورٹر) مغلپورہ انوسٹیگیشن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موبائل سنیچر ڈکیت گینگ کے 3 ملزم گرفتار کرلیے۔ تفصیلات کے مطابق مغلپورہ انوسٹیگیشن پولیس نے انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کے دوران ڈکیتی اور موبائل چھیننے کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ سہیل عرف سہیلا اور اس کے ساتھی خاور اور معصوم کو گرفتار کرکے ان سے لاکھوں مالیت کیموبائل فونز، نقدی، ناجائز اسلحہ موٹر سائیکل اور لیپ ٹاپ برآمد کرلیا۔

انویسٹی گیشن تھانہ قائداعظم انڈسٹریل ایریا پولیس نے پیشہ ور متحرک مانی موبائل سنیچر ڈکیت گینگ کے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) انویسٹی گیشن تھانہ قائد اعظم انڈسٹریل ایریا پولیس نے پیشہ ور متحرک مانی موبائل سنیچر ڈکیت گینگ کے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا، تفصیلات کے مطابق تھانہ قائد اعظم انڈسٹریل ایریا انوسٹیگیشن پولیس نے کاروائی کے دوران موبائل فون چھیننے اور گن پوائنٹ پر ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ عمران عرف مانی اور اس کا ساتھی ہارون کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضے سے شہریوں سے چھینے گئے لاکھوں مالیت کے موبائل فونز، نقدی اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا۔

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا سانحہ جی پی او چوک کے شہدا پولیس کی 17 ویں برسی پر خراجِ عقیدت پیش

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سانحہ جی پی او چوک کے شہدا پولیس کی 17 ویں برسی پر خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ فرض کی راہ میں جانیں قربان کرنے والوں کو پنجاب پولیس سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 2008 ?ء میں آج ہی کے دن پنجاب پولیس کے 16 افسران و اہلکاروں نے قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ جی پی او چوک سانحہ میں شہید ہونے والوں میں 02 اے ایس آئیز اور 14 اہلکار شامل تھے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ سانحہ جی پی او چوک کے شہدا پولیس کی یاد ہمیشہ ہمارے دلوں میں تازہ رہے گی اور ملک و قوم کی حفاظت کے لئے لاہور پولیس کا ہر سپاہی فرنٹ لائن فورس کی حیثیت رکھتا ہے۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ جام شہادت نوش کرنے والے غیور افسران و اہلکار لاہور پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ سانحہ پی او چوک کے شہدا کے اہلخانہ کو محکمہ پولیس میں ملازمتیں فراہم کی گئی ہیں اور شہدا پولیس کے ورثا کی فلاح و بہبود کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

محترمہ سعدیہ راشد بیت الحکمہ میں ہمدرد یونیورسٹی کے طلبہ کے بنائے ہوئے قرآنی آیات کے فن پارے (کیلی گرافی) کی نمائش کا افتتاح کررہی ہیں

صوفی فیسٹول تاریخ ساز اور حُسنِ انتظام کا شہکار تھا، اوقاف اور حکومت پنجاب کو مبارکباد، چیئرمین نیشنل مشائخ کونسل

انتہا پسندی اور فرقہ واریت کے تدارک کے لیے ایسے فیسٹول مثبت اور موثر ہیں

روحانی اقدار کے فروغ سے سوسائٹی میں نرمی، گداز، بھائی چارہ، اخوت اور انسان دوستی کی ترویج ہوگی، ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

لاہور (سپیشل رپورٹر) صوفی فیسٹول تاریخ ساز اور حُسنِ انتظام کا شہکار تھا، اوقاف اور حکومت پنجاب کو مبارکباد، چیئرمین نیشنل مشائخ کونسل خواجہ غلام قطب الدین فریدی کی ایوان اوقاف آمد اور سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری سے ملاقات، انہوں نے کہا کہ اوقاف لیڈر شپ نے فلاحی معاشرے کی تشکیل کو ممکن بنانے کے لئے گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں، اس موقع پر سیکرٹری اوقاف نے کہا کہ صوفی فیسٹول سے تہذیب، ادب، روحانیت، رواداری اور بھائی چارے کی فضاء مستحکم ہوئی، انتہا پسندی اور فرقہ واریت کے تدارک کے لیے ایسے فیسٹول مثبت اور موثر ہیں۔ ایک سو سے زائد قومی و بین الاقوامی سکالرز، صوفی دانشور، صاحبان فکر و فن، آرٹسٹ اور عمائدین شریک ہوئے۔ صوفیاء نے ہمیشہ رواداری، انسان دوستی اور بقائے باہمی کا درس دیا۔ روحانی اقدار کے فروغ سے سوسائٹی میں نرمی، گداز، بھائی چارہ، اخوت اور انسان دوستی کی ترویج ہوگی۔ واضح رہے کہ محکمہ اوقاف کا تاریخ ساز، چار روزہ ''صوفی فیسٹول 2025ء'' رنگ و نور، علم و دانش کے موتی بکھیرتے ہوئے، رواداری، انسان دوستی کی ترویج کے عزم کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ جس میں مقابلہ حسن قرات، حُسن نعت، حُسن تقریر، صوفی آرٹ اینڈ کرافٹ ایگزیبیشن، مجلس درویش، رنگ رومی، رقص درویش، صوفی گائیکی، ''نے'' بانسری، انجمن عارفاں، محفل سماع، لیکچر و نشست سوال و جواب، صوفی مشاعرہ، ڈرامہ ''بُلھا''، تسبیح سازی اور کوزہ گری سمیت دیگر تقریبات کے اہتمام کے ساتھ نمائش کتب، کرافٹ بازار اور فوڈ کورٹس بھی آراستہ کی گئیں، جو زائرین و شائقین کی خصوصی توجہ کا مرکز رہیں۔

ڈسکہ: دو مسلح ڈاکوؤں نے

نقدی اور موبائل فون چھین لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مسلح ڈاکوؤں نے نقدی اور موبائل فون چھین لیا تھانہ موترہ کے علاقہ کوٹ بھکراں کا حسن اپنی موٹر سائیکل پر جارہا تھا کہ اس کو دو مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی بیس ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

ڈولفن سکواڈ کی مختلف علاقوں میں کاروائیاں

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ نے مختلف علاقوں میں کاروائیاں کرتے ہوئے اسلحہ کی نمائش کرنے والے 4 ملزم گرفتار کرلیے۔ ترجمان کے مطابق ڈولفن سکواڈ نے تھانہ جوہر ٹاؤن، گجر پورہ، غالب مارکیٹ کے علاقے میں سٹاپ اینڈ سرچ کے دوران اسلحے کی نمائش کرنے والے ملزمان حسن، جواد، علی اور فریاد کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 2 پستول، 2 رائفلیں برآمد کرکے انہیں مزید تفتیش کے لیے اسلحہ سمیت متعلقہ تھانوں کی پولیس کے حوالے کردیا۔

تین ملزمان کا میاں بیوی اور مہمانوں پر تشدد مار مار کر لہولہان کردیا

موضع گلوٹیاں موڑ کا تنویر اپنی بیوی اور مہمانوں اسلم اور اسکی بیوی رضیہ بی بی کے ہمراہ گھر میں موجود تھے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تین ملزمان کا میاں بیوی اور مہمانوں پر تشدد مار مار کر لہو لہان کردیا موضع گلوٹیاں موڑ کا تنویر اپنی بیوی اور مہمانوں اسلم اور اسکی بیوی رضیہ بی بی کے ہمراہ گھر میں موجود تھے کہ اسی دوران ملزمان خالد، عبداللہ اور طارق آگئے اور آتے ہی انہیں تشدد کرکے زخمی کردیا وجہ عناد مقدمہ بازی بتائی جاتی ہے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

پتنگ بازوں، پتنگ فروشوں اور مینوفیکچررز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے، ڈاکٹر عثمان انور

جان لیوا سرگرمی کی ہرگز اجازت نہیں اور خونی دھندے میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس اپنائیں

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے تمام آر پی اوز، ڈی پی اوز کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ پتنگ بازوں، پتنگ فروشوں اور مینوفیکچررز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے۔ جان لیوا سرگرمی کی ہرگز اجازت نہیں اور خونی دھندے میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس اپنائیں جبکہ دھاتی ڈور اور پتنگوں کے آن لائن کاروبار میں ملوث عناصر کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ والدین اپنے بچوں کو اس خونی کھیل سے دور رکھیں جبکہ اساتذہ اور سول سوسائٹی خطرناک کھیل اور کاروبار کی روک تھام میں اپنا کردار ادا کریں۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ شہری پتنگ بازی کی صورت میں 15 پر اطلاع دے کر ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔ پتنگ فروشوں اور پتنگ بازوں کے خلاف کاروائیوں کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 31 ملزمان گرفتار، 34 مقدمات درج کئے گئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 5500 سے زائد پتنگیں، 300 ڈور چرخیاں برآمد اور 18 مقدمات کے چالان جمع کروائے گئے۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں 19 ملزمان گرفتار، 22 مقدمات درج، 70 پتنگیں اور 25 ڈور چرخیاں برآمد کروائی گئیں۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ گذشتہ سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں 12525 ملزمان گرفتار، 11866 مقدمات درج کیے گئے جبکہ ملزمان کے قبضہ سے 06 لاکھ 77 ہزار سے زائد پتنگیں، 36 ہزار سے زائد چرخیاں ڈور برآمد کی گئی ہیں۔

سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس

اجلاس میں سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے ہدایت کی کہ چینی باشندوں کی سکیورٹی کے ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ٹرائی سیریز، چیمپئنز ٹرافی کے پرامن انعقاد کیلئے فول پروف سکیورٹی انتظامات کا بھی حکم دیا۔ سی سی پی او نے پتنگوں، دھاتی ڈور کی تیاری کے ہاٹ سپاٹ ایریاز پر ریڈ کرنے، دھاتی ڈور، پتنگوں کے خونی کاروبار میں ملوث افراد کیخلاف، بھکاری مافیا اور چوری کی وہیکلز کے سپیئر پارٹس بیچنے والے کباڑیوں کیخلاف کارروائی جبکہ منشیات فروشی، جوئے، فحاشی کے اڈوں کیخلاف کارروائیوں میں تیزی لانے کی ہدایت بھی کی۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ ایس پیز اور ایس ڈی پی اوز اپنے فیلڈ سٹاف سے مسلسل رابطے میں رہیں، فیلڈ سٹاف کی فیڈ بیک سے آپریشنل پلاننگ میں بہتری آئے گی۔

ڈسکہ: اشتہاری ملزمان پولیس کو چکمہ دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے

پولیس نے اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا تو انہوں نے پولیس آگئی کا شور مچادیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اشتہاری ملزمان پولیس کو چکمہ دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزمان اجمل، وقاص اور لیاقت اس وقت میترانوالی اور کنڈن سیاں میں اریب، فرحان اور زین کیساتھ موجود ہیں پولیس نے اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا تو انہوں نے پولیس آگئی کا شور مچادیا جس پر اشتہاری ملزمان پولیس کو چکما دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

پولیس نے واردات کی منصوبہ بندی ناکام بنا کر دو ملزمان کو گرفتار کرلیا

ملزمان کے قبضہ سے موٹر سائیکل اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرکے مقدمات درج کرلیے

لاہور (کرائم رپورٹر) لوہاری گیٹ پولیس نے واردات کی منصوبہ بندی ناکام بنا کر دو ملزمان کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق لوہاری گیٹ پولیس نے خفیہ اطلاع پر کاروائی کرتے ہوئے قدیمی باغ کے قریب سے دو کئی ریکارڈ یافتہ موٹر سائیکل چور گینگ کے سرغنہ سردار علی اور محمد علی بٹ کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضہ سے موٹر سائیکل اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرکے مقدمات درج کرلیے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں پولیس کو مطلوب تھے دوران تفتیش انکشاف ہوا کہ ملزمان راوی روڈ، ٹبی سٹی اور اسلامپورہ سمیت لاہور کے مختلف مقامات پر وارداتیں کرتے تھے

Lahore
Sports Festival
Grand Opening Ceremony
09th January 2025

منہاج یونیورسٹی لاہور کے سالانہ سپورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب میں ڈپٹی چیئرمین بی او جی پروفیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری افتتاح کررہے ہیں جبکہ وی سی پروفیسر ڈاکٹر ساجد محمود شہزاد، رجسٹرار ڈاکٹر خرم شہزاد اور دیگر بھی اس موقع پر موجود ہیں

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین لنگڑیال کی ہدایت پر ضلع کونسل اور تحصیل ایڈمنسٹریشن ڈسکہ کا تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

میلاد چوک ڈسکہ میں تجاوزات کی زد میں آنے والی دوکانوں اور تھڑوں کو گرا کر 1632 اسکوائر فٹ جگہ واگزار کروالی گئی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین لنگڑیال کی ہدایت پر ضلع کونسل اور تحصیل ایڈمنسٹریشن ڈسکہ کا تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، میلاد چوک ڈسکہ میں تجاوزات کی زد میں آنے والی دوکانوں اور تھڑوں کو گرا کر 1632 اسکوائر فٹ جگہ واگزار کروالی گئی اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ ماہم مشتاق نے بتایا کہ ڈسکہ میں عارضی اور مستقل تجاوزات کے خلاف جامع مہم کا آغاز کردیا گیا ہے میلاد چوک کے ارگرد 1632 اسکوائر فٹ کے علاوہ اب تک ڈسکہ میونسپل کمیٹی کی حدود میں 2 کنال 10 مرلے اراضی کو تجاوزات مافیا سے واگزار کروایا گیا ہے انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے مکمل خاتمہ تک آپریشن جاری رہے گا دوکاندار اور تجاوزات کنندگان از خود اپنی تجاوزات ہٹادیں بصورت دیگر تجاوزات مسمار کی جائیں گی اور مقدمات اور جرمانے بھی کیے جائیں گے۔

ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1379 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا

جن میں 652 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1379 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 652 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 810 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (72 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 808 ڈرائیوز، 86 کم عمر ڈرائیور، 502 مسافر اور 169 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 252 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 260 متاثرین کے ساتھ پہلے فیصل آباد 105 حادثات میں 104 متاثرین کے ساتھ دوسرے، گوجرانوالہ 76 حادثات میں 82 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1479 متاثرین میں 1216 مرد اور 217 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 217 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 822 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 440 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 1207 موٹر سائیکلز، 87 آٹو رکشے، 161 کاریں، 31 وین، 11 مسافر بسیں، 50 ٹرک اور 135 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے ایس ایچ او موترہ کو تبدیل کردیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے ایس ایچ او موترہ کو تبدیل کردیا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق نے کارکردگی کے لحاظ سے ضلع بھر میں بہترین فرائض سر انجام دیتے ہوئے پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے ایس ایچ او انسپکٹر نعمان بٹر کو حاجی پورہ سے تبدیل کر کے تھانہ موترہ اور موترہ سے انسپکٹر محمد توقیر خان کو تھانہ رنگپورہ تعینات کردیا ہے۔

2025ء میں بھی پولیس شہدا کے اہلخانہ کی ویلفیئر اولین ترجیح، گھروں کی فراہمی کا سلسلہ جاری

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور ڈولفن سکواڈ کے شہید کانسٹیبل محمد عدنان کے اہلخانہ کو 01 کروڑ 35 لاکھ روپے مالیت کا گھر دے دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) 2025ء میں بھی پولیس شہدا کے اہلخانہ کی ویلفیئر اولین ترجیح، گھروں کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور ڈولفن سکواڈ کے شہید کانسٹیبل محمد عدنان کے اہلخانہ کو 01 کروڑ 35 لاکھ روپے مالیت کا گھر دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق شہید کے اہلخانہ کو انکی پسند کے مطابق لاہور کی نجی ہاؤسنگ سکیم میں گھر خرید کر دیا گیا۔ کانسٹیبل محمد عدنان نے گذشتہ سال شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جام شہادت نوش کیا۔ شہید کانسٹیبل محمد عدنان کے لواحقین میں اہلیہ اور 01 بیٹی شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی خصوصی کاوش پر حکومت پنجاب نے شہید کے اہلخانہ کے گھر کیلئے فنڈز جاری کئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے شہید کانسٹیبل محمد عدنان کی لازوال قربانی کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کانسٹیبل محمد عدنان نے اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ گذشتہ سال 27 پولیس شہدا کی فیملیز کیلئے حکومت پنجاب سے گھروں کی خریداری کیلئے منظوری لی گئی جبکہ 2017ء سے قبل کے پولیس شہدا کی فیملیز کو 170 پلاٹس اور گھروں کی تعمیر کیلئے 03 کروڑ 60 لاکھ روپے جاری کیے گئے۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ پنجاب پولیس اپنے بہادر شہدا کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ پنجاب پولیس کانسٹیبل محمد عدنان جیسے 1650 سے زائد بہادر شہداء کی امین فورس ہے۔

ختنے کروانے کیلئے لایا گیا 23 دن کا بچہ مبینہ غلط انجکشن لگنے سے جاں بحق

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ختنے کروانے کیلئے لایا گیا 23 دن کا بچہ مبینہ غلط انجکشن لگنے سے جاں بحق۔ پولیس ذرائع کے مطابق ضلع گوجرانوالہ کا رہائشی پولیس ملازم کمسن بھتیجے خضر کے ختنے کروانے چوک دھرم کوٹ نجی ہسپتال لایا اجہاں پر کمسن بچہ ختنے کے دوران جاں بحق ہوگیا انہوں نے الزام لگایا کہ ڈاکٹر نے نان کوالیفائیڈ اسسٹنٹ سے انجکشن لگوایا جس سے بچے کی موت ہوئی پولیس ملازم ذیشان نے ڈاکٹر اور عملہ کے خلاف کارروائی کیلئے تھانہ ستراہ میں درخواست درج کروادی۔

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

پاکپتن انرجی پرائیویٹ لمیٹڈ
ہمارے ہاں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر ریکم جنوری 2025 کیلئے کنزیومر پرائس 2953 روپے ہوگی
اس نرخ کا اطلاق پاکستان کے تمام شہروں کیلئے ہے
پاکپتن انرجی پرائیویٹ لمیٹڈ کو ریٹیل نیٹ ورک کے لئے پاکپتن، بنگلہ حیات، حویلی لکھا، دیپالپور، حجرہ شاہ مقیم اور عارفوالا میں مالی طور پر پارٹیاں درکار ہیں
ڈسٹری بیوٹرز حضرات سے گزارش ہے کہ کنزیومر پرائس سے تجاوز نہ کریں
پاکپتن پرائیویٹ لمیٹڈ 17 ایس پی دیپالپور روڈ پاکپتن شریف۔

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ
ہمارے ہاں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر ریکم جنوری 2025 کیلئے کنزیومر پرائس 2953 روپے ہوگی
اس نرخ کا اطلاق پاکستان کے تمام شہروں کیلئے ہے
اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ کو ریٹیل نیٹ ورک کیلئے بہاولنگر، چشتیاں، منچن آباد اور عارفوالا میں مالی طور پر پارٹیاں درکار ہیں
ڈسٹری بیوٹرز حضرات سے گزارش ہے کہ کنزیومر پرائس سے تجاوز نہ کریں
اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ مین جی ٹی روڈ 9 کلومیٹر عارفوالا روڈ توگیرہ شریف روڈ بہاولنگر


PUNJAB SOCIO-ECONOMIC REGISTRY
اب ہوگا سب کا شمار
پی ایس ای آر
CM PUNJAB
MARYAM
NAWAZ

اب ہوگا سب کا شمار
پی ایس ای آر
وزیرِ اعلیٰ پنجاب
مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر
نگہبان رمضان پیکج
حاصل کرنے کیلئے خاندانوں کے سربراہان
15 فروری 2025 تک پی ایس ای آر میں لازمی رجسٹریشن کروالیں
رجسٹریشن کے لیے
رجسٹر ہونے کیلئے پنجاب بھر کے 4,000 سے زائد یونین کونسل اور بلدیہ کے دفاتر میں قائم رجسٹریشن سنٹرز میں اپنا اندراج کروائیں۔
یا
آن لائن ویب پورٹل پر خود اپنے کوائف کا اندراج کریں۔
http://pser.punjab.gov.pk
یا
QR کوڈ کو سکین کریں
اپنے قریبی رجسٹریشن سنٹر جانے کیلئے QR کوڈ سکین کریں
یاد رکھیں! نگہبان رمضان پیکج 2025 کے مستحقین کا انتخاب صرف پی ایس ای آر میں رجسٹر ہونے والے خاندانوں میں سے ہی کیا جائے گا!
معلومات اور مزید رہنمائی کیلئے ہیلپ لائن پر کال کریں 0800-02345
SPL-62

روزنامہ قوت
لاہور
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

لائنز واقوام متحدہ کے باہمی اشتراک سے

تقریب نیروبی کینیا میں منعقد ہوگی

ڈسکہ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) 13 فروری 2025 لائنز کلب انٹرنیشنل و اقوام متحدہ کی باہمی شراکت سے عالمی 47ویں سالانہ کے حوالہ سے نیروبی (کینیا) میں منعقدہ پروقار تقریب کیلئے فیضان ایم کپور SCA/PMJF پاسٹ ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب انٹرنیشنل خدمات کا مستقبل تھیم کے ایمبیسیڈر مقرر کیے گئے ہیں۔ خدمات کا مستقبل کے عملی کردار کی ادائیگی کیلئے لائنز/ لیوز ایم۔ڈی 305 پاکستان سے رجوع کیجئے۔

دیپالپور تھانہ سٹی دیپالپور کے علاقہ پھٹیاں والا پل کے قریب پولیس مقابلہ

زیر حراست 01 ڈاکو مدثر ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی حملہ آور 02 ملزمان فرار اوکاڑہ زخمی

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور تھانہ سٹی دیپالپور کے علاقہ پھٹیاں والا پل کے قریب پولیس مقابلہ اوکاڑہ زیر حراست 01 ڈاکو مدثر ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی حملہ آور 02 ملزمان فرار اوکاڑہ زخمی ڈاکو نے سٹی دیپالپور کے علاقہ عیسیٰ لنگاہ میں دوران واردات معصوم شہری کو فائر مار کر زخمی کیا تھا اوکاڑہ تھانہ سٹی دیپالپور پولیس زیر حراست ڈاکو کو مقدمہ نمبر 55/25 بجرم 394 میں اسکی نشاندھی پر ریڈ کے لیے مکان پر گئی اوکاڑہ 02 ملزمان اپنے ساتھی کو پولیس حراست سے چھڑانے کی نیت سے حملہ آور ہو گیا اوکاڑہ حملہ آور ملزمان پولیس وین پر مسلسل فائرنگ کرتے رہا اوکاڑہ حملہ آور ملزمان زیر حراست ڈاکو کو چھیننے کی غرض سے مسلسل فائرنگ کرتے رہے اوکاڑہ پولیس نے بھی حق حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی اوکاڑہ ملزمان کی طرف سے فائرنگ رکی تو زیر حراست ڈاکو زخمی حالت میں پڑا تھا جو اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہوا اوکاڑہ حملہ آور ملزمان رات کی تاریکی فائدہ اٹھاتے ہوئے بھاگ جانے میں کامیاب ہوگیا اوکاڑہ سٹی دیپالپور پولیس نے حملہ آور ملزمان کی گرفتاری کیلئے ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں اوکاڑہ گرفتار ڈاکو کو برائے علاج معالجہ ٹی ایچ کیو ہسپتال دیپالپور منتقل کردیا گیا۔

اسسٹنٹ کمشنر تحصیل مریدکے کی سربراہی میں نارنگ منڈی اور مریدکے میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کا آغاز

مریدکے کے تمام مرکزی بازاروں شاہراہوں کو کھلا کر دیا ہے جس کے لئے بھاری مشینری کا استعمال کیا گیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) وزیراعلی پنجاب مریم نوازکی ہدایت پر پنجاب بھر میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کرنے کے احکامات جاری اسسٹنٹ کمشنر تحصیل مریدکے میاں توصیف احمد کی سربراہی میں نارنگ منڈی اور مریدکے میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کا آغاز کر دیا ہے مریدکے کے تمام مرکزی بازاروں شاہراہوں کو کھلا کردیا ہے جس کے لئے بھاری مشینری کا استعمال کیا گیا جبکہ چیف آفیسر بلدیہ نارنگ عارف نواز سندھو کی قیادت میں نارنگ منڈی میں بلدیہ کا عملہ متحرک رہا صدر بازار ریل بازار اور ریلوے روڈ بازار سمیت تجارتی مراکز اور مصروف شاہراؤں کا دورہ ڈور ٹو ڈور دوکانداروں کو وارننگ حد بندی بتا دی گئیں خلاف ورزی کی صورت میں سامان ضبط اور کارروائی کی جائے گی سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر مریدکے میاں توصیف احمد کا کہنا تھا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز کے احکامات پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے گا تجاوزات مافیا کے خلاف سخت کاروائی کریں پہلے مرحلے میں مریدکے میں آپریشن کیا گیا ہے جو جاری رہے گا اور نارنگ منڈی میں وارننگ دے کر حد بندی بتا دی گئی ہے جو خلاف ورزی کرکے اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

نارنگ منڈی: اسسٹنٹ کمشنر مریدکے میاں توصیف احمد تجاوزات کیخلاف آپریشن کی نگرانی کر رہے ہیں

پاکستان وسائل سے مالا مال ہے اور وہ بطور وزیر ٹرانسپورٹ کے شعبے کی بہتری کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہیں

صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خاں نے فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (فیڈمک) کا دورہ کیا

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خاں نے فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (فیڈمک) کا دورہ کیا اور مقامی سرمایہ کاروں کی طرف سے قائم یونیورسل موٹرز فیکٹری کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر نے یونیورسل موٹرز کے عہدیداران سے ملاقات کی۔ سیکرٹری ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی ہمایوں رشید سیال اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر یونیورسل موٹرز کے عہدیداران نے بتایا کہ ان کی کمپنی ای وی بسوں کی تیاری کر رہی ہے اور الیکٹرک ٹیکنالوجی سے آراستہ بینو بسیں/کوچ آئندہ 6 ماہ میں سڑکوں پر ہوگی جس سے آمدورفت میں معیاری سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ نے یونیورسل موٹرز کے زیر اہتمام ای بسوں کی تیاری کے بارے میں آگاہی لی اور ایک تیار شدہ بس میں جاکر سہولیات کا بھی مشاہدہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں حکومت کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کا پختہ عزم رکھتی ہے اور سرمایہ کاروں کو سازگار ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان وسائل سے مالا مال ہے اور وہ بطور وزیر ٹرانسپورٹ کے شعبے کی بہتری کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ اس ضمن میں صوبہ کے بڑے شہروں میں الیکٹرک بسیں چلانے پر تیز رفتار اقدامات جاری ہیں۔ صوبائی وزیر نے یونیورسل موٹرز کے عہدیداران سے کہا کہ وہ بسوں کی تیاری کا عمل جلد مکمل کریں تاکہ ان سے بسیں خریدی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ مسافروں کو معیاری، آرام دہ اور سہل سفری سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے۔

فیصل آباد: ایف ڈی اے کی طرف سے مدینہ ٹاؤن میں تجاوزات کیخلاف بھرپور آپریشن کیا جارہا ہے

ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ایف ڈی اے کی اینٹی انکروچمنٹ ٹیم کی کارروائی

مدینہ ٹاؤن کے مختلف بازاروں سے عارضی وپختہ تجاوزات کا صفایا کردیا اور تجاوزات میں ملوث تیس دکانداروں کے خلاف چالان سپیشل جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت کو بھجوادیئے

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ایف ڈی اے کی اینٹی انکروچمنٹ ٹیم نے بھاری مشینری کے ساتھ سخت ترین کارروائی کرتے ہوئے مدینہ ٹاؤن کے مختلف بازاروں سے عارضی و پختہ تجاوزات کا صفایا کردیا اور تجاوزات میں ملوث تیس دکانداروں کے خلاف چالان سپیشل جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت کو بھجوادیئے۔ تفصیلات کے مطابق بعض عوامی شکایات پر ڈی جی ایف ڈی اے نے متعلقہ شعبے کو مدینہ ٹاؤن سے تجاوزات کو زیرو کرنے کی ہدایت جاری کیں جس پر ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ون جنید حسن منج کی زیرنگرانی اسٹیٹ آفیسر میاں قمر شہزاد کی سربراہی میں انسپکٹر اسلم انصاری، اسلم گجر اور دیگر سٹاف پر مشتمل ایف ڈی اے کی اینٹی انکروچمنٹ ٹیم نے مدینہ ٹاؤن میں بسم اللہ چوک، جٹاں نوالا چوک، مین سوساں روڈ، ایس ایس آر اور آئی ایس آر روڈز پر بھاری مشینری کے ساتھ آپریشن کرکے دکانداروں کی طرف سے سرکاری جگہ پر تعمیر کیے تھڑوں، کاؤنٹرز اور دیگر عارضی تجاوزات کا خاتمہ کردیا اور تجاوزات میں استعمال ہونے والا سامان قبضہ میں لیکر تیس دکانداروں کے خلاف چالان سپیشل جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں بھجوادیئے۔ دکانداروں کو خبردار کیا گیا ہے کہ وہ سرکاری جگہوں پر قبضہ جمانے اور عوامی راستوں کو روکنے سے اجتناب کریں بصورت دیگر باز نہ آنے کی صورت میں تجاوزات میں ملوث قانون شکن افراد کو حوالہ پولیس کیا جائیگا۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے نے کہا ہے کہ ایف ڈی اے کے زیر کنٹرول رہائشی کالونیوں اور کمرشل مارکیٹس میں تجاوزات کو زیرو کرنے کی بھرپور مہم جاری ہے لہذا تجاوزات کو رضا کارانہ طور پر فوری ختم کردیا جائے وگرنہ وہ کسی قسم کے نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے اور قصوروار دکانداروں کو قانونی کارروائی کا بھی سامنا کرنا پڑے گا۔

عرفان اللہ وڑائچ بھاری اکثریت سے جیتیں گے، رانا نصر اللہ خان

ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس امیدوار کی جیت کیلئے پرعزم ہیں۔ ملک شہباز احمد اعوان

ڈسکہ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ انتخابات میں ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار صدر عرفان اللہ وڑائچ کے اعزاز میں سابق صدر سیالکوٹ بار رانا نصر اللہ خان کیجانب سے سیالکوٹ کی نجی مارکی میں پرتکلف ضیافت کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈسٹرکٹ بار سیالکوٹ کے بڑے وکلاء گروپس نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ اس دوران سابقہ وموجودہ بار عہدیداران و وکلاء رہنماؤں نے ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار صدر چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کیلئے دوران خطاب اپنی بھرپور ووٹ وسپورٹ و کھلی حمایت کا عظم دہرایا۔ اس موقع پر سینئر وکیل رہنماء و ایس اینڈ اے کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے کہا کہ 11 جنوری انشاء اللہ ہمارے امیدوار صدر کی جیت کے سورج کیساتھ طلوع ہوگا۔

فیصل آباد پریس کلب کی نو منتخب کابینہ کا پہلا اجلاس: صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے اہم اقدامات کا اعلان

صحافیوں کو ان کے حقوق دلوانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، صدر شاہد علی نے اس سال کو "صحافی کالونی کے حصول کا سال" قرار دیتے ہوئے اعلان کیا

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) فیصل آباد پریس کلب کی نو منتخب کابینہ کا پہلا اجلاس زیر صدارت صدر شاہد علی منعقد ہوا۔ اجلاس میں کابینہ نے صحافیوں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے کئی اہم فیصلے کیے۔ صدر شاہد علی نے اس سال کو "صحافی کالونی کے حصول کا سال" قرار دیتے ہوئے اعلان کیا کہ صحافیوں کو ان کے حقوق دلوانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پریس کلب انسٹیٹیوٹ میں نئی کلاسز کا آغاز اسی ہفتے سے کیا جائے گا تاکہ ممبران کو مزید مواقع فراہم کیے جاسکیں۔ سیکرٹری عزادار حسین نے اجلاس کو بتایا کہ 9 جنوری کو ممبران کے بچوں کے لیے سندباد میں ایک روزہ مفت جھولوں کا انتظام کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ہلال احمر ہسپتال کے ساتھ ایم او یو سائن کیا گیا ہے، جس کے تحت ممبران کو مفت طبی سہولیات اور کمرے فراہم کیے جائیں گے۔ مزید برآں، اخوت فاؤنڈیشن کے ساتھ بھی معاہدے پر کام ہو رہا ہے، جس کے تحت ممبران کے بچوں کو تعلیمی وظائف دیے جائیں گے۔ صدر شاہد علی نے مزید کہا کہ وہ ان سینئر صحافیوں کے لیے اعزازیہ مختص کرنے کی کوشش کریں گے جنہوں نے کم از کم بیس سال شعبہ صحافت میں خدمات انجام دی ہیں۔ سینئر نائب صدر جی اے تنویر نے کہا کہ صحافی کالونی کے حوالے سے ماضی میں بھی کام ہوا ہے، لیکن اس سال اس جدوجہد کو پایہ تکمیل تک پہنچانا اولین ترجیح ہوگی۔ اجلاس میں چیئرمین الیکشن کمیٹی میاں بشیر اعجاز اور ان کی ٹیم کو بہترین انتظامات اور شفاف الیکشن کے انعقاد پر خراج تحسین پیش کیا گیا۔ افشاں بتول نے الیکشن کمیٹی کو آئندہ الیکشن کے لیے برقرار رکھنے کی قرارداد پیش کی، جسے کثرت رائے سے منظور کر لیا گیا۔ اجلاس میں نومنتخب کابینہ کے عہدیداران نے اپنا تعارف کروایا اور فیصل آباد پریس کلب کے ممبران کی فلاح و بہبود کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا۔ اجلاس میں نائب صدور ظفران سرور، ردا سندھو، فنانس سیکرٹری شوکت ملک، جوائنٹ سیکرٹریز ندیم جاویدانی، اورنگزیب ملک، اور ایگزیکٹو ممبران افشاں بتول، نعیم شاکر، رانا حنا جمیل، رفعت انور، شاہد محمود، کمال بٹ، رانا محسن فاروق، ارشد انصاری، سعید طاہر، توفیق یوسف، علی رضا، ملک نادر مان، اور سلیم راجپوت نے شرکت کی۔ اجلاس میں ممبران نے صحافیوں کی فلاح و بہبود اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا اور مستقبل میں بھی اس جدوجہد کو جاری رکھنے کا عزم ظاہر کیا۔

فیصل آباد: پریس کلب کی کابینہ کے اجلاس صدر شاہد علی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں سیکرٹری عزادار حسین، سینئر نائب صدر جی اے تنویر، نائب صدور ردا سندھو، ظفران سرور، جوائنٹ سیکرٹریز اورنگزیب ملک، ندیم جاودانی فنانس سیکرٹری ملک شوکت اور ایگزیکٹو ممبران اظہار خیال کر رہے ہیں

چھانگا مانگا اور اسکے گردونواح میں آوارہ، اور باولے کتوں کی بھرمار

گزشتہ ایک ماہ میں سینکڑوں افراد کتوں کے کاٹنے سے زخمی ہو گئے، اعلیٰ حکام نوٹس لیں

محکمہ ہیلتھ اور متعلقہ انتظامیہ خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے میں مصروف

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) چھانگا مانگا اور اسکے گردو نواح میں آوارہ، اور باولے کتوں کی بھرمار، گزشتہ ایک ماہ میں سینکڑوں افراد کتوں کے کاٹنے سے زخمی ہو گئے محکمہ ہیلتھ اور متعلقہ انتظامیہ خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے میں مصروف اعلیٰ حکام نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق چھانگا مانگا، چونیاں، الہ آباد، کنگن پور، اور گردونواح میں آوارہ اور باولے کتوں نے ڈیرے جما لئے تحصیل بھر کے سرکاری ہسپتالوں سے اکٹھی کی گئی معلومات کے مطابق گزشتہ ایک ماہ میں کتوں نے تقریبا 400، کے قریب مرد، خواتین اور بچوں کو کاٹ کر شدید زخمی کیا گزشتہ روز گاؤں مقام اور کوٹ وساوا سنگھ کے رہائشی، محمد شفیع، سکینہ بی بی اور جعفر مسیح کے بیٹی کو باولے کتوں نے شکار بنا ڈالا تحصیل چونیاں میں روز بروز کتوں کے شہریوں پر حملوں کے واقعات بڑھتے جا رہے ہیں جنکے باعث سکول جانے والے طلباء، طالبات سمیت شہریوں میں خوف و حراس پھیل رہا ہے جبکہ اسسٹنٹ کمشنر چونیاں، میونسپل کمیٹی چونیاں اور محکمہ ہیلتھ کے متعلقہ افسران ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے کوئی عملی اقدامات نہیں اٹھا رہے ہیں عوامی سماجی حلقوں، نے وزیر اعلیٰ پنجاب، اور ڈی سی قصور سے فوری نوٹس لیکر آوارہ اور باولے کتوں کو تلف کروانے کا مطالبہ کیا ہے۔

پریس کلب کوٹ رادھا کشن کا اہم اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا

اجلاس میں موجودہ باڈی کو تحلیل کر دیا گیا اور چوہدری کاشف حمزہ کمبوہ کو قائم مقام صدر تعینات کر دیا گیا

PRESS CLUB
KOT RADHA KISHEN

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) پریس کلب کوٹ رادھا کشن کا اہم اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا اجلاس میں موجودہ باڈی کو تحلیل کر دیا گیا اور چوہدری کاشف حمزہ کمبوہ کو قائم مقام صدر تعینات کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پریس کلب کوٹ رادھا کشن کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں چیئرمین مجلس عاملہ چوہدری ارشاد اسلم خان نے دیگر اراکین کی مشاورت سے موجودہ باڈی تحلیل کردی اور چوہدری کاشف حمزہ کمبوہ کو قائم مقام صدر پریس کلب تعینات کر دیا گیا ہے، جبکہ پریس کلب کے ممبران کی مشاورت سے الیکشن سال 2025-2026 کے لئے چیئرمین الیکشن بورڈ چوہدری ارشاد اسلم خاں کو مقرر کیا گیا ہے، انشاءاللہ جلد ہی الیکشن کی تاریخ اناؤنس کر دی جائے گی۔

پولیس تھانہ کینٹ شریف شہریوں کے گھر چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کر رہی

جو کسی صورت قابل قبول نہیں شہری عبدالمالک کا الزام

گیمبر اوکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) پولیس تھانہ کینٹ شریف شہریوں کے گھر چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کر رہی ہے جو کسی صورت قابل قبول نہیں شہری عبدالمالک کا الزام تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ صدر سرکل تھانہ کینٹ کے علاقے نواحی گاؤں چک نمبر 44 تھری آر کے رہائشی عبدالمالک جٹ نے گیمبر پریس کلب رجسٹرڈ کے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز پولیس تھانہ کینٹ کے اے ایس آئی غلام مرتضی تین چار سرکاری ملازموں کے ساتھ میرے گھر میں گھس کر چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے میری بچیوں اور عورتوں کو بدتمیزی اور گالی گلوچ کرتا رہا میرے لائسنس والے پسٹل 25 ہزار روپیہ کو لے کر تھانے آ گیا جہاں پر انہوں نے میرے ساتھ انتہائی رف زبان اور گالی گلوچ کرتا رہا میرا ڈی پی او اوکاڑہ سے پرزور مطالبہ ہے کہ میرا لائسنس والا پسٹل اور میری رقم مجھے واپس دلوائی جائے

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

ڈپٹی کمشنر نے ضلع میں جاری ترقیاتی اسکیموں پر جاری کام کے حوالے سے متعلقہ افسران سے بریفنگ لی

جھنگ (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں متعلقہ محکموں کے افسران سمیت ضلعی افسران بھی شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ضلع میں جاری ترقیاتی اسکیموں پر جاری کام کے حوالے سے متعلقہ افسران سے بریفنگ لی اور افسران کو باقاعدگی سے اسکیموں کے وزٹ کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو جاری ترقیاتی سکیموں میں میٹریل کی کوالٹی چیک کرنے کے حوالہ سے بھی احکامات جاری کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر گڈ گورننس اور شفافیت کے حوالے سے اقدامات جاری ہیں۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کی جانب سے ضلع میں جاری اور نئی ترقیاتی سکیموں بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

پاسپورٹ آفس شیخوپورہ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے آفس کے بیرونی احاطہ کا دورہ کیا

ٹاؤٹ مافیا کو شہریوں کے استحصال کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائیگی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر آصف گل

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاسپورٹ آفس شیخوپورہ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر آصف گل نے آفس کے بیرونی احاطہ کا دورہ کیا اور سڑک پر قائم کی گئی تجاوزات کو اپنے عملہ کے ہمراہ ہٹانے سمیت ٹاؤٹ مافیا اور ایجنٹوں کے خلاف تھانہ سٹی اے ڈویژن کی مدد سے کاروائی کی اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر آصف گل نے کہا کہ ٹاؤٹ مافیا کو شہریوں کے استحصال کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی آفس کے سکیورٹی عملہ کو ایجنٹوں اور ٹاؤٹوں کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت کی ہے اور خود بھی روزانہ کی بنیاد پر آفس کے بیرونی احاطہ کا وزٹ کر کے شہریوں سے ملاقاتیں کر رہا ہوں تاکہ انہیں ٹاؤٹوں کے ہتھے چڑھنے سے بچایا جاسکے، شہری پاسپورٹ آفس شیخوپورہ کی کارکردگی سے نہایت خوش اور مطمئن ہیں جو ہمارے لئے اعزاز کی بات ہے تمام امور کی مانیٹرنگ اور سائلین سے ملاقاتیں میرا معمول ہے تاکہ ان کی شکایات کا ازالہ کر کے فوری ریلیف فراہم کرنے سمیت عملہ کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جاسکے، انہوں نے مزید کہا کہ ٹاؤٹ مافیا کی منفی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے کی گئی کاروائیاں نہایت کارگر ثابت ہوئی ہیں اور سائلین کو ٹاؤٹوں سے چھٹکارا ملا ہے پاسپورٹ بنوانے کے نام پر کسی کو شہریوں کا مالی استحصال ہرگز نہیں کرنے دیں گے۔

اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے، سائرہ افضل تارڑ

ہمارا ماضی اور حال گواہ ہے کہ ہم نے عوامی تنقید کو ہمیشہ خندہ پیشانی سے برداشت کیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ کی کوآرڈینیٹر برائے پاپولیشن ویلفیئر، سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ نے کہا ہے کہ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے۔ آج ہر شعبہ میں تنظیم سازی کے لیے سیاست کو ترویج دی جا رہی ہے جس کے باعث اختلاف رائے کی بدولت بہتری کے لیے کام کرنے کی نوعیت میں مثبت تبدیلی دیکھنے کو مل رہی ہے۔ پریس کلب تمام سیاسی سرگرمیوں کا مرکز ہونا چاہیے۔ ہمارا ماضی اور حال گواہ ہے کہ ہم نے عوامی تنقید کو ہمیشہ خندہ پیشانی سے برداشت کیا اور تنقید کی صورت میں سامنے آنے والے مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ وہ پریس کلب میں ڈسٹرکٹ پریس کلب/یونین آف جرنلسٹس کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دینے کے لیے منعقدہ میٹ دی پریس سے خطاب کر رہی تھیں۔ اس موقع پر لیگی رہنما چودھری احمد بخش تارڑ، رائے قمر الزماں کھرل، خالد محمود بٹ، طارق محمود دھوتھڑ، شیخ نوید احسان سمیت کارکنوں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ سائرہ افضل تارڑ کا کہنا تھا کہ پاکستان کے مسائل میں سب سے سنگین مسئلہ بڑھتی ہوئی آبادی ہے۔ پاکستان میں بڑھتی ہوئی آبادی کی شرح مسلم ممالک سمیت دنیا کے دیگر ممالک میں سب سے زیادہ ہے جو کہ خطرناک ہے۔ اس پر قابو پانے کے لیے عملی اقدامات کی بھرپور کوشش کی جارہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ میں بہت ساری اصلاحات کو یقینی بنایا گیا ہے جس سے مذکورہ محکمے کی کارکردگی میں تبدیلی دیکھنے کو ملے گی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اسلام ایک روشن خیال مذہب ہے جو ہمیں مسائل سے حل کے لیے اور بچوں کی بہتر پرورش کی تعلیم دیتا ہے ہمیں جو بات مناسب نہیں لگتی ہم اس بات کو دین کے ساتھ منسلک کر کے انتہائی حساس بنا دیتے ہیں۔ اپنے اظہار خیال میں ان کا کہنا تھا کہ شہر کی صفائی ستھرائی میں محلہ جات کی صفائی میں کچھ مسائل پیش آرہے ہیں، جنہیں چند روز تک ٹھیک کر لیا جائے گا۔ شہر میں مناسب جگہوں پر چند دن میں بڑے کنٹینرز رکھ دیے جائیں گے، جس سے شہر میں صفائی ستھرائی کے مسائل بڑی حد تک کم ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت کرنا اور محنت سے لوگوں کے مسائل حل کرنا ہمارے اولین فرائض میں سے ایک ہے۔ اس مقصد کے لیے ہم ہمہ وقت ہر قسم کی تنقید سننے کے لیے تیار ہیں لیکن تنقید کرنے والوں پر بھی لازم ہے کہ تنقید کریں ذاتیات پر نہ اتریں۔ اس موقع پر صدر پریس کلب چودھری جاوید اسد، جنرل سیکرٹری کاشف احسان تارڑ، نائب صدر حافظ عبدالقدیر چودھری و دیگر عہدیداران نے مبارکباد پیش کرنے پر سائرہ افضل تارڑ اور دیگر لیگی رہنماؤں کا شکریہ ادا کیا۔

ظفروال، محکمہ زراعت (توسیع) کے زیر انتظام زرعی بیٹھک کا انعقاد

جس میں مقامی زرعی ماہرین سمیت علاقہ بھر کے ترقی پسند کاشتکاروں نے بھرپور شرکت کی

محکمہ زراعت
حکومت پنجاب

ظفروال (زاہد چوہدری سے) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) نارووال جناب چوہدری افتخار احمد کی زیر صدارت تحصیل ظفروال دب، پیلس فیروز پور میں ایک زرعی اکٹھ کا اہتمام کیا گیا جس میں مقامی زرعی ماہرین سمیت علاقہ بھر کے ترقی پسند کاشتکاروں نے بھرپور شرکت کی پروگرام کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) بدوملی جناب محمد عدل صاحب نے کاشتکاروں کو جدید پیمانے پر گندم کی کاشت کے مختلف مراحل بارے تفصیل سے آگاہ کیا۔ مزید ان کا کہنا تھا کہ کاشتکار متوازن کھادوں کے استعمال بروقت آبپاشی اور جڑی بوٹیوں کے کنٹرول سے اپنی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کر سکتے ہیں اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت ظفروال جناب محمد عقیل افضل صاحب نے کاشتکاروں کو سبزیوں اور تیل دار اجناس کی کاشت کے حوالے سے سفارشات پیش کیں اسسٹنٹ ڈائریکٹر پلانٹ پروٹیکشن نارووال محمد فرحان صاحب نے کاشتکاروں کو گندم کی کنگی اور کانگیاری کی پہچان اور انسداد بارے تفصیل سے آگاہ کیا۔ پروگرام کے اختتام پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) چوہدری افتخار احمد صاحب نے پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے انے والی سکیموں اور دیگر جاری ترقیاتی منصوبوں کے طریقہ کار پر روشنی ڈالی۔

چنیوٹ: کسان بورڈ کے رہنما سید نور الحسن شاہ کسانوں کے منعقدہ ہنگامی اجلاس کے دوران خطاب کرتے ہوئے

حکومت پنجاب نے گنے کی قیمت مقرر نہیں کی جس پر کاشتکاروں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے

گنے کی قیمت تعین نہ کرنے اور کرشنگ سیزن نا شروع کرنے پر ضلع چنیوٹ کے کاشتکاروں کی اہم بیٹھک

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت پنجاب نے گنے کی قیمت مقرر نہیں کی جس پر کاشتکاروں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ گنے کی قیمت تعین نہ کرنے اور کرشنگ سیزن نا شروع کرنے پر ضلع چنیوٹ کے کاشتکاروں کی اہم بیٹھک تفصیلات کے مطابق اڈا جامعہ آباد پر کسان رہنما مہر وسیم جپہ کے ڈیرے پر کسان اتحاد کی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا ہے جس میں ضلع بھر سے کسانوں کاشتکاروں کی کثیر تعداد شریک ہوئی ہے۔ کسان رہنما سید نور الحسن شاہ، سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ملک فتح شیر کھوکھر، چیئرمین پاکستان کسان اتحاد امجد علی جپہ، رہنما جماعت اسلامی سید ذوالفقار علی شاہ، تحصیل صدر مزمل عباس جپہ، سابق ناظم مہر مختار احمد جپہ، تحصیل چیئرمین فخر عباس بھنگا، سابق چیئرمین شاہد عباس جپہ، سابق چیئرمین سرفراز احمد غازی، مہر محمد ایوب جپہ ایڈووکیٹ، چوہدری عبدالحق بلوکا ایڈووکیٹ، چوہدری طفیل لونا، سابق چیئرمین مہر دلاور جپہ، نمبردار بھوآنہ مہر عمر دراز جپہ سمیت کسانوں گنے کے کاشتکاروں کی کثیر تعداد میٹنگ میں شریک ہوئی ہے۔ اس موقع پر تمام کسان تنظیموں نے مشترکہ اعلامیہ جاری کیا ہے کہ شوگر ملیں اور سرمایہ دار کسان، کاشتکار کا استحصال کر رہے ہیں۔ کسانوں کی جتنی بھی تنظیمیں ہیں وہ کاشتکار کے حق میں اس وقت ایک ہو گئی ہیں۔ جب تک گنے کی امدادی قیمت مقرر نہیں کی جاتی گنے کی چھلائی نہیں کریں گے۔ کرشنگ سیزن جلد نا شروع کرنے سے گندم کی بوائی تاخیر کا شکار ہو رہی ہے پہلے بھی کاشتکاروں کو نقصان ہوا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ زراعت ملک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے 72 فیصد لوگ شعبہ زراعت سے وابستہ ہیں۔ کسان اتحاد کا کہنا تھا کہ کسانوں اور کاشتکاروں نے تہیہ کیا ہے کہ حکومت ہمیں مافیا کہے یا جو ہم مطالبات پر ڈٹ گئے ہیں جلد از جلد گنے کی قیمت مقرر کی جائے اور کرشنگ سیزن شروع کیا جائے تاکہ کسان کسی بھی نقصان سے بچ سکے۔

فیصل آباد، چمن آئس بار اور نوجوان نسل کی سرگرمیاں، کیبن بکنگ کے حوالے سے تشویش کا اظہار

انتظامیہ اور متعلقہ ادارے ان فوڈ پوائنٹس پر نظر رکھیں تاکہ نوجوان نسل کو تعمیری سرگرمیوں کی طرف مائل کیا جاسکے اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لائی جاسکے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) چمن آئس بار اور نوجوان نسل کی سرگرمیاں، کیبن بکنگ کے حوالے سے تشویش کا اظہار (تفصیلات کے مطابق) تھانہ غلام محمد آباد کے علاقہ صدر بازار نزد میزان بینک میں عرصہ دراز سے ایک فوڈ پوائنٹ "چمن آئس بار" کے نام سے کام کر رہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق اس جگہ پر نوجوان طلبہ و طالبات اور دیگر افراد کی آمدورفت زیادہ ہے، جہاں کیبن بکنگ 1000 سے 1500 روپے فی گھنٹہ کے حساب سے کی جا رہی ہے۔ شہری حلقوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اس طرح کی جگہوں پر نوجوان نسل غیر ضروری مشاغل میں وقت ضائع کر رہی ہے، جس کے سدباب کے لیے اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح فیصل آباد کے دیگر علاقوں جیسے ستیانہ، سمندری، ملت، نڑوالا، گلبرگ روڈ اور دیگر مقامات پر بھی فوڈ پوائنٹس کی بڑھتی ہوئی تعداد پر نظر رکھنے کی درخواست کی جا رہی ہے۔ شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ انتظامیہ اور متعلقہ ادارے ان فوڈ پوائنٹس پر نظر رکھیں تاکہ نوجوان نسل کو تعمیری سرگرمیوں کی طرف مائل کیا جاسکے اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لائی جاسکے۔

چھانگا مانگا کے نواحی علاقہ الہ آباد کے رہائشی 13 سالہ رضوان کو 10 روز گزرنے کے باوجود پولیس ٹریس نہ کرسکی

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) چھانگا مانگا کے نواحی علاقہ الہ آباد کے رہائشی 13 سالہ رضوان کو 10 روز گزرنے کے باوجود پولیس ٹریس نہ کرسکی ورثاء غم سے نڈھال اعلیٰ حکام سے نوٹس کی اپیل تفصیلات کے مطابق الہ آباد محلہ کوٹ میواتی کے رہائشی محنت کش راشد منہاس کا 13 سالہ بیٹا رضوان جو دس روز قبل گھر سے گاڑیوں میں سودا سلف فروخت کرنے کیلئے نکلا تھا آج تک نہ مل سکا تھانہ الہ آباد پولیس نے مدعی کی درخواست پر مقدمہ تو درج کیا تاحال ابھی تک بچے کا سراغ لگانے میں ناکام رہی۔

جرمنی میں مقیم قادیانی خاتون نے مجاہد ختم نبوت امیر تحریک فدایان ختم نبوت قاری محمد افضل باجوہ کے ہاتھوں توبہ کرکے فتنہ قادیانیت پر لعنت بھیج کر اسلام قبول کرلیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جرمنی میں مقیم قادیانی خاتون نے مجاہد ختم نبوت امیر تحریک فدایان ختم نبوت قاری محمد افضل باجوہ کے ہاتھوں توبہ کرکے فتنہ قادیانیت پر لعنت بھیج کر اسلام قبول کرلیا خاتون تنویر اسلام جرمنی میں مقیم ہیں فتنہ قادیانیت کی اصل حقیقت جان کر آن لائن ویڈیو کال پر قاری محمد افضل باجوہ کے ہاتھ پر توبہ کی مسلمان ہوگئیں اس موقع پر انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی کا شکر ہے کہ اس نے اسلام کی دولت عطا کی اسلام ہی سچا مذہب ہے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آخری رسول اور خاتم النبیین ہیں قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا نبوت کا سلسلہ مکمل ہوچکا ہے قاری محمد افضل باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فتنہ قادیانیت کے خلاف کام جاری رہے گا انہیں کسی صورت بھی اسلام کے خلاف کام کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔

ساہیوال پولیس کا موٹر سائیکل چوری میں ملوث گینگز کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری

تھانہ فرید ٹاؤن چوکی کوٹ خادم علی شاہ کی بڑی کاروائی موٹر سائیکل چور گینگ عرفان عرف فانی مصلی گینگ کے دوارکان گرفتار

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال پولیس کا موٹر سائیکل چوری میں ملوث گینگز کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری۔ تھانہ فرید ٹاؤن چوکی کوٹ خادم علی شاہ کی بڑی کاروائی موٹر سائیکل چور گینگ عرفان عرف فانی مصلی گینگ کے دوارکان گرفتار، ملزمان کے قبضہ سے سات چور شدہ موٹر سائیکل مالیتی 5 لاکھ روپے برآمد۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او ساہیوال کی زیر قیادت ساہیوال پولیس تھانہ فرید ٹاؤن انچارج چوکی کوٹ خادم علی شاہ سب انسپکٹر شاہد علی نے ہمراہ ٹیم کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چور گینگ عرفان عرف فانی گینگ کے دوارکان گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 7 چوری شدہ موٹر سائیکل مالیتی 5 لاکھ روپے برآمد کر لیے۔

ساہیوال، تھانہ فرید ٹاؤن چوکی کوٹ خادم علی شاہ کی بڑی کاروائی موٹر سائیکل چور گینگ عرفان عرف فانی مصلی گینگ کے دوارکان گرفتار کرلئے

تہذیب یافتہ اقوام ہمیشہ رول آف لاء پر عملدرآمد کرتی ہیں، حکیم اویس عادل قریشی

کلائنٹس کی وکالت بھرپور صلاحیتیں بروئے کار لاتے کرتی ہوں، عاصمہ اویس قریشی

ڈسکہ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) مہذب وشائستہ قومیں قانون پر عملدرآمد سے پہچانی جاتی ہیں۔ وطن عزیز پاکستان میں رہنے والے اور غیر ممالک میں مقیم تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے پاکستانی یہ کوشش کریں انکے افکار و کردار سے وطن عزیز کا دنیا ہائے ممالک میں عزت و وقار بڑھے۔ ان باتوں کا اظہار معروف فوجداری و سول وکلاء حکیم اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹس و میڈم عاصمہ اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں کہیں بھی ہوں ہمیں اخلاقیات کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔

سول سوسائٹی آرگنائزیشن (CSO) نے شہریوں کے نیٹ ورک فار بجٹ اکاؤنٹیبلٹی کے تحت سرگودھا میں صحت اور تعلیم کے بجٹ مختص کرنے پر ایک اہم مکالمے کا انعقاد کیا

سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) سول سوسائٹی آرگنائزیشن (CSO) نے شہریوں کے نیٹ ورک فار بجٹ اکاؤنٹیبلٹی کے تحت سرگودھا میں صحت اور تعلیم کے بجٹ مختص کرنے پر ایک اہم مکالمے کا انعقاد کیا۔ یہ مکالمہ ضلع۔ سرگودھا 365 نیوز کے آفس میں منعقد ہوا، بجٹ پر خصوصی سیشن دیتے ہوئے محمد عمران کا کہنا تھ 22-1202 سے 25-2024 تک کے بجٹ رجحانات کا تجزیہ کیا گیا، اور ان بنیادی شعبوں کو درپیش بنیادی ڈھانچے کی کمزوریوں اور علاقائی تفاوتوں پر روشنی ڈالی گئی۔ اس ایونٹ میں اس بات پر زور دیا گیا کہ بجٹ میں بتدریج اضافہ ملک کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ناکافی رہا ہے، اور صحت اور تعلیم دونوں شعبوں میں صوبوں کے درمیان واضح تفاوت موجود ہیں۔ تجزیے سے معلوم ہوا کہ وفاقی صحت کے اخراجات، 2042-2025 میں 56,356 ملین روپے تک پہنچنے کے باوجود، مجموعی وفاقی بجٹ کا صرف ایک چھوٹا حصہ بنتے ہیں، جو مسلسل ناکافی مالی معاونت کی نشاندہی کرتا ہے۔ صوبائی بجٹ میں نمایاں تفاوت پائی گئی، سندھ نے 2021 سے اپنے صحت کے بجٹ کو دوگنا کر کے 321,712 ملین روپے کر دیا اور 64 فیصد عوامی صحت کی خدمات کے لیے مختص کیے۔ پنجاب کا صحت بجٹ، 371,806 ملین روپے کے ساتھ، زیادہ تر اسپتال کی خدمات پر مرکوز ہے، جس کی وجہ سے احتیاطی دیکھ بھال کم فنڈز کے ساتھ رہ جاتی ہے۔ خیبر پختونخوا نے 2023-24 تک اپنے ترقیاتی بجٹ میں 197 فیصد کے قابل ذکر اضافے کا مظاہرہ کیا، جس میں اسپتال کے بنیادی ڈھانچے پر توجہ دی گئی، جب کہ بلوچستان، جسے 77,167 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں، بنیادی ڈھانچے اور خدمات کے فرق سے نمٹنے میں مشکلات کا سامنا کر رہا ہے۔ پاکستان میں 589,122 اسپتال کے بستروں کی کمی ہے، جو صحت کی دیکھ بھال کی سہولیات کو وسعت دینے کی فوری ضرورت کو اجاگر کرتی ہے، خاص طور پر بلوچستان اور خیبر پختونخوا جیسے کم وسائل والے علاقوں میں، جہاں فی کس صحت کے اخراجات تشویشناک حد تک کم ہیں۔ تعلیم کے شعبے میں، وفاقی مختص رقم 145,403 ملین روپے سے بڑھ کر 191,650 ملین روپے ہوگئی، لیکن اس بجٹ کا بڑا حصہ 76 فیصد اعلیٰ تعلیم کی طرف جاتا ہے، جس سے پرائمری اور سیکنڈری تعلیم کو کم وسائل فراہم کیے گئے۔ صوبائی سطح پر، سندھ کا تعلیمی بجٹ ایک متوازن تقسیم کے ماڈل کے طور پر ابھرا، جس میں 507,576 ملین روپے سے زائد مختص کیے گئے، جو پرائمری، سیکنڈری اور اعلیٰ تعلیم میں مساوی فنڈنگ کو یقینی بناتا ہے۔ اس کے برعکس، پنجاب کا بجٹ، اگرچہ 191,540 ملین روپے کے ساتھ اہم ہے، لیکن زیادہ تر اعلیٰ تعلیم کی خاطر مختص نظر آتا ہے، جس میں صرف 7 فیصد پرائمری تعلیم کے لیے مختص ہے۔ خیبر پختونخوا نے بھی اسی طرز پر عمل کیا، اپنے 101,271 ملین روپے کے بجٹ کا 73 فیصد اعلیٰ تعلیم کے لیے مختص کیا، جب کہ بلوچستان نے 24-2025 میں اپنے تعلیمی بجٹ میں 218 فیصد اضافہ کر کے بنیادی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پرائمری اور سیکنڈری تعلیم پر نمایاں طور پر توجہ مرکوز کی۔ مکالمے کا اختتام دونوں شعبوں میں ساختی مالیاتی خلا کو دور کرنے کے لیے اہم سفارشات کے ساتھ ہوا۔ اس بات پر زور دیا گیا کہ پاکستان کو تمام سطحوں پر اپنے صحت کے بجٹ میں اضافہ کرنا چاہیے، اسپتال کے بنیادی ڈھانچے کو ترجیح دینی چاہیے، اور صحت کی دیکھ بھال کے عدم مساوات کو کم کرنے کے لیے کم وسائل والے علاقوں کو فنڈنگ کو نشانہ بنانا چاہیے۔ عوامی-نجی شراکت داری اور احتیاطی صحت کی دیکھ بھال پر زیادہ زور دینے کو خدمات کی فراہمی کو بڑھانے کے لیے اہم حکمت عملیوں کے طور پر تجویز کیا گیا۔ تعلیم کے شعبے میں، بجٹ مختص کو دوبارہ متوازن کرنا ضروری سمجھا گیا تاکہ پورے ملک میں مضبوط تعلیمی بنیاد کے لیے پرائمری اور سیکنڈری تعلیم کو ترجیح دی جا سکے۔ نمایاں تفاوتوں کا سامنا کرنے والے علاقوں، جیسے کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا، میں مساوی تعلیمی رسائی کو یقینی بنانے کے لیے ہدفی سرمایہ کاری کی سفارش کی گئی۔ دیہی اسکولوں میں پانی، صفائی اور حفظان صحت (WASH) کی سہولیات کی توسیع کی ضرورت کو حاضری بڑھانے اور طلبہ کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے ایک اہم قدم کے طور پر بھی اجاگر کیا گیا۔

صاف شفاف اور میرٹ پر ایمانداری کے ساتھ ڈرائیونگ لائسنس جاری کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے

حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور ڈرائیونگ لائسنس انتہائی ضروری ہے، ڈی پی او پاکپتن

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) صاف شفاف اور میرٹ پر ایمانداری کے ساتھ ڈرائیونگ لائسنس جاری کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے آئی جی پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کے ویژن کے مطابق اور ڈی پی او پاکپتن کی ہدایت پر ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء میرٹ پالیسی کے تحت جاری رکھے ہوئے ہیں ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے آئے ہوئے تمام افراد کو ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور ڈرائیونگ لائسنس انتہائی ضروری ہے ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ڈرائیونگ کرنا قانوناً جرم ہے لہذا ٹریفک قوانین کو اپنا کر اپنی اور دوسروں کی قیمتی جانیں محفوظ بنائیں ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر پاکپتن پیر ریاض احمد اور موٹر وہیکل آفیسر سید محمد فہد جیلانی نے کمرشل ٹیسٹ لینے کے دوران میڈیا نمائندوں اور کینیڈیٹس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنس کا حصول اور ٹریفک قوانین کی پابندی از حد ضروری ہے کیونکہ نوجوان ہمارے روشن مستقبل کے ضامن ہیں انکی آبیاری کرنا اور حادثات سے محفوظ رکھنا ہماری ذمہ داری ہے والدین کو چاہئے کہ انہیں کم عمری اور ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر کوئی بھی گاڑی یا موٹر سائیکل چلانے سے منع کریں۔

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

حکومتی گورننس کو درپیش بڑے چیلنجز

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کے سفر کا آغاز ہو چکا ہے۔ اب ہم نے گروتھ کی طرف بڑھنا ہے۔ گزشتہ روز کراچی میں پاکستان سٹاک ایکسچینج کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان آئی ایم ایف پروگرام میں موجود ہے اس لئے جو وعدے ہم نے آئی ایم ایف سے کئے ہوئے ہیں وہ نبھانے ہونگے۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ حکومتی پالیسیوں کی بدولت ملک میں معاشی استحکام آیا ہے اور اب ہمارے اہداف معاشی ترقی کو معاشی نمو میں بدلنے کے ہیں۔ اڑان پاکستان اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ جس سے ملک میں معاشی خوشحالی اور سماجی ترقی ہوگی۔ ٹیکس وصولی کا ذکر کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ گزشتہ چھ ماہ کے دوران آئی ایم ایف کا ہدف جی ڈی پی کے تناسب سے 10.5 فیصد تھا لیکن ہم نے 10.8 فیصد حاصل کر لیا اور اب رفتار مزید بڑھانے کیلئے ہمیں بنکوں سے سرمائے اور قرضوں کی ضرورت ہے۔ ہم نے آئی ایم ایف سے کئے وعدوں کی بہر صورت پاسداری کرنی ہے لیکن اس وقت ہمیں اہداف کو حاصل کرنا ہے۔ ہمیں بصیرت اور دانشمندی کیساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ وزیر اعظم کے بقول ہماری سرزمین کے نیچے کھربوں ڈالر کے قدرتی وسائل موجود ہیں۔ حال ہی میں یہاں کا دورہ کرنے والے مغربی سرمایہ کاروں نے مٹی تلے دبے خزانوں کو تلاش کرنے میں دلچسپی ظاہر کی ہے اور وہ خام مال اٹھانے کی بجائے پاکستان میں صنعتیں لگانا چاہتے ہیں۔ دریں اثنا آغا خان یونیورسٹی اور فیس لیس کسٹمز اسسمنٹ سسٹم کی افتتاحی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ کسٹم سیلز ٹیکس سمیت تمام محصولات میں اضافہ ضروری ہے۔ ملک میں سرمایہ کاری لانے کیلئے ٹیکسوں میں کمی کرنا ہوگی۔ ٹیکس چوری میں کمی ہوگی تو سرمایہ کاروں کا حوصلہ بڑھے گا اور ملک میں سرمایہ کاری آئیگی۔ ہمارے محصولات کے اہداف میں چار سو ارب روپے کا فرق ہے۔ ٹیکس چوری کے ذریعے ملک کا پیسہ کھایا جا رہا ہے۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ حکومتی کوششوں کے باعث معاشی اشارے مستحکم ہیں۔ پالیسی ریٹ 22 فیصد سے کم ہو کر 13 فیصد پر آگیا ہے۔ مہنگائی 38 فیصد سے چار اعشاریہ ایک فیصد پر آگئی ہے۔ برآمدات میں اضافہ ہو رہا ہے ٹیکسٹائل کی برآمدات 11 فیصد بڑھی ہیں ترسیلات زر میں 24 فیصد اور آئی ٹی برآمدات میں 34 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ہم سب کو مل کر ملکی معیشت کو مضبوط کرنا ہے۔ ہم یکسو ہیں کہ بجلی کی قیمتیں کم کریں گے۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ بجلی کا گردشی قرضہ 2 ہزار 500 ارب روپے ہے۔ اس میں بجلی چوری سمیت دیگر عوامل شامل ہیں۔ ہم بندرگاہوں سمیت تمام شعبوں میں ای گورننس کا نظام نافذ کرینگے۔ عوام کو صحت و تعلیم کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ میں نے خادم پاکستان کا حلف اٹھاتے ہی وعدہ کیا تھا کہ جب تک ہر پاکستانی کو معیاری تعلیم اور صحت کی سہولیات تک رسائی نہ مل جائے میں چین سے نہیں بیٹھوں گا۔ موجودہ اتحادی حکومت بے شک ملک کی اقتصادی ترقی معیشت کے استحکام مہنگائی کے خاتمہ اور عوام کے روٹی روزگار کے گھمبیر مسائل حل کرنے کی سرتوڑ کوشش کر رہی ہے اور اس سلسلہ میں جو اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں انکے ثمرات حاصل ہوتے نظر بھی آرہے ہیں تاہم آئی ایم ایف کی شرائط پر من و عن عملدرآمد کی مجبوری ٹیکس وصولی کے سسٹم میں موجود خرابیوں اور ملک میں جاری سیاسی عدم استحکام کے باعث حکومت کو اب تک معاشی ترقی کے اہداف پورے کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ آئی ایم ایف تو عرصہ دراز سے آکاس بیل کی طرح ملک کی معیشت کے ساتھ چمٹا ہوا ہے جس کی شرائط پوری کرتے کرتے عوام کو عملاً راندہ درگاہ بنا دیا گیا ہے جو آئی ایم ایف کے تقاضوں پر ٹیکسوں کی شرح بڑھانے اور نئے ٹیکس لگانے کے باعث بے لگام ہوتی مہنگائی کا مزید بوجھ اٹھانے کے قابل ہی نہیں رہے اور حکومتی پالیسیوں کے خلاف طوفان اٹھانے کا تہیہ کئے بیٹھے ہیں۔ ہمارے لئے اس سے بڑی بدقسمتی اور کیا ہو سکتی ہے کہ ہمارا ہر حکمران آئی ایم ایف کے رواں پروگرام کو آخری پروگرام بنانے کے عزم کا اظہار کرنے کے باوجود ملک کو آئی ایم ایف کے قرضوں سے نجات نہیں دلا سکا اور ہماری معیشت پر آئی ایم ایف کا شکنجہ مضبوط سے مضبوط تر ہوتا رہا ہے۔ موجودہ حکومت بھی قوم کو آئی ایم ایف سے خلاصی دلانے کی سرتوڑ کوششوں میں مصروف ہے مگر جب تک ہم آئی ایم ایف کے ساتھ منسلک ہیں اسکے قرض کی اگلی قسط کی وصولی کیلئے اسکی ہر شرط سر جھکا کر پورا کرنا ہمارے حکمرانوں کی مجبوری بن چکا ہے۔ یہ شرائط لامحالہ حکومت کو عوام کے زیر استعمال ہر چیز پر نئے ٹیکس لگانے اور مروجہ ٹیکسوں کی شرح میں مزید اضافہ پر مجبور کرتی ہیں نتیجتاً عوام مہنگائی کے سونامیوں کی مزید زد میں آتے ہیں۔ اسی طرح آئی ایم ایف کی شرائط کے تحت بجلی گیس پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں اضافہ در اضافہ کیا جاتا ہے تو اس سے عام آدمی ہی متاثر نہیں ہوتا ملک کی صنعتوں کا پہیہ بھی سست پڑ جاتا ہے کیونکہ بجلی گیس پٹرول سے چلنے والی صنعتوں پر مہنگائی کا بوجھ پڑتا ہے تو وہ اپنی پیداوار کم کرنے اور اپنی اشیا کے نرخ بڑھانے پر مجبور ہو جاتی ہیں چنانچہ اس کا براہ راست اور بالواسطہ بوجھ بھی عوام پر آن گرتا ہے جو پہلے ہی مرے کو مارے شاہ مدار کی تصویر بنے بیٹھے ہوتے ہیں۔ آئی ایم ایف کے شکنجے میں جکڑی حکومت کی مجبوریوں کا اس سے ہی بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ حکومت نے بجلی کے بلوں میں کمی کیلئے سیلز ٹیکس کم کرنے کا عندیہ دیا اور یہ تجویز آئی ایم ایف کو بھجوائی تو آئی ایم ایف نے اس تجویز کو یکسر مسترد کر دیا اور حکومت کو باور کرایا کہ سیلز ٹیکس میں چھوٹ سے اس کیلئے ٹیکس اہداف کا حصول ممکن نہیں رہے گا۔ اس صورتحال میں حکومت عوام کو بجلی کے بلوں میں کمی کے محض سہانے خواب ہی دکھا سکتی ہے جبکہ یہ خواب ٹوٹنے سے عوام کا ردعمل حکومت کیلئے ناقابل برداشت ہو سکتا ہے۔ اس سے بادی النظر میں یہی محسوس ہوتا ہے کہ ہمارا سارا نظام آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن پر ہی چل رہا ہے اور ہماری خود مختاری بھی آئی ایم ایف کے پاس گروی رکھی جا چکی ہے۔ اس صورتحال میں فلاحی ریاست کا خواب کیسے پورا ہو سکتا ہے۔ بجلی کے بلوں میں اضافہ در اضافہ کا دوسرا بڑا سبب پیپلز پارٹی مسلم لیگ (ن) اور پی ٹی آئی کے ادوار میں نجی تھرمل پاور کمپنیوں کے ساتھ کئے گئے ناروا معاہدے ہیں جن کے تحت حکومت بجلی کی پیداوار کے بغیر بھی ان کمپنیوں کو ماہانہ اربوں روپے ادا کرنے کی پابند ہے۔

ہم کب تک رسومات میں جکڑے رہیں گے؟

حرف تخلیق

خالد غورغشتی

عزیز بھائیو، ہماری زندگی کی اکثر خوشیاں تو رسم و رواج اور ارد گرد کے لوگ کھا جاتے ہیں۔ جیسا کہ سونا ڈھائی لاکھ تولہ سے تجاوز ہونے کی وجہ سے اکثریت کی پہنچ سے دور ہوتا جا رہا ہے، اس لیے درمیانے طبقے کی شادیاں بھی پہنچ سے دور ہو رہی ہیں۔ جنھوں نے سونے کا دکھاوا ضرور کرنا ہوتا ہے۔ اگر چہ بعد میں برسوں تک سنبھال کر رکھ دیا جاتا ہے اور تقریبات پر بھی نہیں پہنا جاتا۔ درمیانی یا نچلے طبقے کے لوگ اتنے بے وقوف ہوتے ہیں کہ لڑکا پوری عمر موٹر سائیکل چلاتا ہے لیکن بارات کے دن نئی کاریں کرائے پر لے کر دلہن کے گھر پہنچ جاتا ہے اور شادی سے اگلے دن وہی دولہا اور دلہن موٹر سائیکل پر جا رہے ہوتے ہیں۔ شادی کے دنوں خوب فضول خرچی کی جاتی ہے۔ اگر بچت کی جائے تو انہی پیسوں سے چھوٹی موٹی گاڑی با آسانی خریدی جا سکتی ہے۔ جہیز کی صورت میں لڑکی کو درجنوں بستر، کمبل، رضائیاں، تکیے دیے جاتے ہیں جو کسی پیٹی یا الماری میں کئی سال بند رہتے، اس سے بھی بچ فعل یہ ہے کہ لڑکی کے لیے دونوں طرف سے کئی قسم کے سوٹ اور جوتے اس لیے خریدے جاتے ہیں کہ آنے والے مہمانوں کو دکھائے جائیں جو بعد میں فیشن ختم ہوتے ہی بے کار ہو جاتے ہیں۔ یہ نادان لوگ ساری عمر دال روٹی کھاتے ہیں، ایک ایک روپے کی بچت کرتے ہیں اور شادی پر صرف دکھاوے کے لیے بریانی مٹن بیف اور پتہ نہیں کیا کیا انتظام کرتے ہیں۔ وہ بھی ایک بار نہیں بلکہ مہندی، بارات اور ولیمہ کے لیے لڑکے کی شادی پر تقریباً بیس لاکھ لگا دیں گے لیکن سادگی سے شادی کر کے باقی پیسے اس لڑکے کو نہیں دیں گے کہ وہ اپنا کوئی کام کاج کر سکے۔ دلہن کے ایک فنکشن کا میک اپ پچیس ہزار سے شروع ہو کر لاکھوں تک پہنچ جاتا ہے جو کہ پانچ سے سات گھنٹوں کے لیے ایک جعلی تصویر پیش کرتا ہے۔ اب تو فوٹو سیشن کے لیے لاکھوں لگا دیے جاتے ہیں، تاکہ یہ سب دکھاوا، جس کو کرنے کے لیے لڑکی اور لڑکے دونوں کے گھر والے اگلے ایک سال تک قرض چڑھا لیں گے۔ زندگی میں آگے جا کر اس کو یاد کر کے روئیں گے بھی، اگر یہ سب کچھ نہ کیا ہوتا تو زندگی مختلف ہوتی۔ ان سارے معاملات میں لڑکی لڑکے والے دونوں برابر کے شریک جرم ہوتے ہیں۔ موجودہ دور میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باوجود شادی بیاہ و دیگر تقریبات کے موقع پر مسلسل فضول خرچی سے کام لیا جا رہا ہے۔ جس کے نتیجے میں ایک کثیر تعداد کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، خصوصاً نچلے طبقے سے تعلق رکھنے والے حضرات کے لیے یہ رسومات دردِ سر بنی ہوئی ہیں۔ شادی بیاہ کا مروجہ نظام غریب بچیوں کی شادی میں ایک رکاوٹ بن چکا ہے، جسے ختم کرنا ہم میں سے ہر ایک کی ذمہ داری ہے کیونکہ ان رسومات کی وجہ سے جتنے بھی لوگ متاثر ہوں گے، ان کا وبال رسم و رواج پر عمل کرنے والوں پر بھی ہو گا۔ جیسا کہ ہمارے معاشرے میں بیٹی رحمت ہے، جیسے دعوی کرنے کے باوجود بیٹی کی کما حقہ عزت نہیں کی جاتی۔ شادی سے پہلے لڑکی کو امتحان کے چند مراحل طے کرنے ہوتے ہیں، جن کو سر کرنے کے بعد ہی ایک بیٹی لڑکے والوں کے ہاں مقبولیت کا سرٹیفکیٹ حاصل کرتی ہے۔ سب سے پہلے لڑکی کا سر کے بالوں سے لے کر پیر کے ناخنوں تک بغور جائزہ لیا جاتا ہے؛ اگر پسند آجاتی ہے تو اس کے بعد جہیز کی بات کی جاتی ہے، بعض تو لڑکی سے زیادہ پیسے کو ترجیح دیتے ہیں۔ دولت کے مقابلے میں وہ اپنے بیٹے کے لیے ترش رو اور سخت مزاج لڑکی کو بھی گوارا کر لیتے ہیں۔ بہر حال لڑکے کے والے اپنے بیٹے کی زیادہ سے زیادہ قیمت لگاتے ہیں، اگر بیٹا خاطر خواہ قیمت میں بک گیا تو ٹھیک، ورنہ رشتہ منظور نہیں کیا جاتا۔ رشتہ منظور ہونے کے بعد منگنی میں حوا کی بیٹی کو نمائش کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، جس میں تماش بین کا کردار ادا کرتے ہوئے خواتین و حضرات بنت حوا کی مختلف زاویوں سے تصویریں لیتے ہیں اور دیکھتے ہی دیکھتے پورے شہر میں یہ تصویریں عام ہو جاتی ہیں۔ اس کے بعد شادی کی باری آتی ہے باراتیوں کا کھانا لڑکی والوں کو کھلانا پڑتا ہے، جو شریعت کی رو سے خلاف سنت ہے۔ لڑکے والے اپنے من پسند کھانوں کی فہرست بنا کر لڑکی والوں کو بھیج دیتے ہیں اور ساتھ میں باراتیوں کی تعداد بھی بتا دی جاتی ہے۔ اتنی تکلیف اٹھانے کے بعد بھی والدین کو یہ خوف لاحق ہوتا ہے کہ ان کی بیٹی سسرال میں سکھی رہے گی یا نہیں۔ یہ تو ایک امیر باپ کی بیٹی کی کہانی تھی۔ غریب باپ کی بیٹی کی کہانی کا تو ہم تصور بھی نہیں کر سکتے۔ اس کی کہانی شروع ہونے سے قبل ہی ختم ہو جاتی ہے۔ اب دیکھتے ہیں کہ ایسی شادی کے متعلق اسلام کی کیا تعلیمات ہیں۔ اسلام کسی پر ظلم کرنے کی قطعاً اجازت نہیں دیتا اور نہ ہی کسی کو اس کی وسعت سے زیادہ کا مکلف بناتا ہے۔ لڑکی والوں کو جہیز اور باراتیوں کے کھانے وغیرہ کا مکلف کرنا اسلام میں جائز نہیں۔ شریعت نے تمام انسانوں کا لحاظ رکھتے ہوئے نکاح کا جو معیار مقرر کیا ہے اس پر مفلس ترین شخص بھی با آسانی عمل کر سکتا ہے۔ شادی میں بے جا خرافات اور فضول رسم و رواج کا اسلام سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں۔ اسلام تو سستی اور سادہ شادی کی تعلیم دیتا ہے۔ رسول اللہ نے فرمایا کہ سب سے برکت والا نکاح وہ ہے جس میں کم خرچ ہو۔ اسی طرح توفیق نہ ہونے کے باوجود شادی اور ولیمہ میں رشتیداروں، دوست و احباب کو مدعو کرنا اور ان کے لیے پر تکلف طعام کا بندوبست کرنا بھی شریعت کی رو سے نامناسب ہے۔ رسول اللہ نے حضرت عبدالرحمان بن عوف رضہ کے کپڑوں پر زعفران کے پیلے دھبے دیکھ کر فرمایا کہ یہ کیسے دھبے ہیں؟ عرض کیا کہ میں نے ایک انصاری عورت سے نکاح کر لیا ہے، آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمھاری شادی میں برکت کرے، ولیمہ کرو، اگر چہ ایک بکری کا ہی ہو۔ دیکھیے صحابی نے رسول اللہ کو بھی دعوت نہیں دی پھر بھی آپ ان سے ناراض نہیں ہوئے بلکہ ان کو دعا دی۔ آج ہمارے ہاں بھولے سے بھی کسی کو شادی کی دعوت نہ دی جائے تو رشتے ٹوٹ جاتے ہیں۔ رسول اللہ کی یہ حدیث ان لوگوں کے لیے ایک سبق ہے۔ شادی بیاہ میں بے جا اخراجات کرنے اور شادی کی تقریبات ہوٹلوں میں منعقد کرنے کے کئی نقصانات ہیں۔ ان ہی فضول رسومات کی چکی میں بے زر لوگ پس رہے ہیں۔ دن رات محنت مزدوری کے بعد بھی وہ اپنی بیٹی کی شادی کرنے سے قاصر رہتے ہیں یا پھر مجبوراً انھیں کسی زمین دار یا وڈیرے سے سود پر قرضہ لینا پڑتا ہے اور پوری زندگی وہ سود سے جان نہیں چھڑا سکتے۔ کئی بیٹیاں جہیز وغیرہ کی وجہ سے ٹھکرائے جانے پر احساسِ کمتری کا شکار ہو کر خودکشی کر کے اپنی جان دے دیتی ہیں۔ اس کے علاوہ شادی ہال اور ہوٹلوں میں شادی کرنے سے نہ صرف شرعی حدود کی خلاف ورزی کی جاتی ہے بلکہ اس کام میں ایک بڑی رقم بھی خرچ کی جاتی ہے، دراصل یہ تمام رسومات ہندوؤں کی طرف سے آئی ہیں لہٰذا ان کا اسلامی تعلیمات سے کوئی تعلق نہیں۔ شادی ہال میں شادی کرنے سے اور بھی کئی خرابیاں لازم آتی ہیں جیسے بے جا اسراف، ناچ گانا، فوٹو گرافی، بے پردگی، مرد و زن کا اختلاط وغیرہ لہٰذا ان گناہوں کی وجہ سے ایسی جگہوں پر شادی کرنا شرعی نقطہ نظر سے جائز نہیں۔ آج امیر لوگ اگر اپنی شادیوں میں اعتدال کا مظاہرہ کریں اور فضول رسم و رواج کو ختم کر دیں تو کئی غریب اور مفلس بیٹیوں کے لیے شادی کی راہ ہموار ہو سکتی ہے، خصوصاً لڑکے والے جہیز کی پروا کیے بغیر لڑکی والوں کی حوصلہ افزائی کریں اور انہیں نامناسب شرائط کا پابند نہ کریں تو رسومات کا بڑھتا ہوا طوفان تھم سکتا ہے۔ مال دار لوگ شادی پر خرچ کیے جانے والے پیسے اگر غریب اور بے سہارا بچیوں کی شادی پر خرچ کریں تو یہ عمل ان کے لیے آخرت میں نجات کا سبب بن سکتا ہے۔ افسوس دلہن کا نیم برہنہ لباس، نامحرم مردوں کا عورتوں کو مختلف زاویوں سے زوم کر کے کیمرے میں بند فلمیں بنانا اور باپ، بھائی کے کان پر جوں تک نہ رینگنا اور تو اور بعض دین دار گھرانوں میں بھی اس موقع پر حیا کا جنازہ اٹھتا نظر آتا ہے کہ دل خوف سے کانپ جاتا ہے۔ مووی میکر ایسے بن ٹھن کر شادی کے پروگرام میں آتا ہے جیسے شادی ہی ان کی ہو۔ نہ جانے ہماری عزت کیسے گوارہ کر جاتی ہے کہ ایک غیر مرد ہماری نئی نویلی دلہن کو مختلف بے ہودہ سٹائلوں سے اس کا فوٹو سیشن کرے۔ دکھ تو اس بات کا کہ اب تو ایسے رنج و غم کا وقت ہے کہ کس کس چیز کا رونا رویا جائے؟ دلہا میاں خود مووی میکر کو ہدایت دے رہا ہوتا ہے یہ میری بہن ہے، میری کزن، میری خالہ، یہ دلہن کی بہن، اماں اور خالہ وغیرہ ہیں۔ اس کے ساتھ ہی اسے سختی سے کہتا ہے کہ سب خواتین کی تصویر ٹھیک سے بنانا۔ لمحہ فکریہ تو یہ ہے کہ جو بندہ جتنا غریب ہے وہ اتنا ہی زیادہ پیسہ ان گناہ کی رسموں پر خرچ کرتا ہے، خواہ ادھار ہی کیوں نہ مانگنا پڑے۔ پوچھو تو یہ لوگ کہتے ہیں ہماری برادری میں ایسا کرنا رواج ہے، خاندان میں ناک کٹ جائے گی، لوگ کیا کہیں گے، فلاں کی شادی پر ناچ گانا، عورتوں کا رقص، آتش بازی، فائرنگ نہیں ہوئی، شادی میں جانے کا مزہ نہیں آیا۔ جن لوگوں کو دکھانے کے لیے آپ یہ سب بے جا رسمیں ادا کرتے ہیں ان کو آپ کے بیٹے، بیٹی کی طلاق سے کوئی فرق نہیں پڑتا، ان لوگوں کو کوئی پروا نہیں کہ آپ نے پیسہ اُدھار لیا ہے۔ یہی لوگ آپ کی اولاد کی طلاق کے موقع پر کہتے ہیں اتنی فحاشی تو پھیلائی تھی، ان لوگوں نے شادی کے موقع پر تو انجام تو برا ہی ہونا تھا۔ اگر دنیا نہیں جینے دیتی دنیا کو نہ دیکھو، اپنی جیب کو دیکھو۔ اسلام کی حدود کو دیکھو، اسلام نے تو شادی کو انتہائی آسان بنایا ہے۔ ان مٹی کے پتلوں کو ناجائز خوش کرنے کے لیے گناہ گار مت بنیں۔ اللہ تعالیٰ کو خوش کریں تو آپ کی شادی ضرور کامیاب ہوگی۔ اکثر لوگ شادیوں کے موقع پر گھروں، پلاٹوں، سڑکوں پر ٹینٹ لگا لیتے ہیں اور عورتوں کا ناچ دیکھتے ہیں۔ نکاح کا ان ناچنے والی عورتوں سے کیا تعلق ہے؟ بہت سی شادیوں میں دیکھا ہے گھروں کے بزرگ بھی ان بے ہودہ محفلوں میں شامل ہوتے ہیں اور ان عورتوں سے عجیب و غریب حرکتیں کرتے ہیں اور بہت سی جگہوں پر دیکھنے میں آیا ہے کہ دلہا میاں خود ان عورتوں کے ساتھ رقص کے ساتھ ساتھ ناجائز حرکتیں کرنا بھی ضروری سمجھتا ہے۔ آپ خود فیصلہ کریں یہ شادی کے موقع پر آپ اللہ کے عذاب کو دعوت دے رہے ہیں کہ نہیں؟ ایسی شادی میں برکت کیسے آسکتی ہے؟ فحش عورت کے ناچ میں جو گناہ اور خرابیاں ہیں ان کو سب جانتے ہیں۔ اب ڈھولک کی بات کریں تو عورتیں ساری ساری رات ڈھولک کی خوب ڈھلائی کر کے اپنا سارا غصہ ڈھولک پر نکال دیتی ہیں۔ ڈھولک کی آواز سے آس پاس کے لوگوں کی نیند میں خلل آتا ہے کہ نہیں؟ ڈھولک سے دل کو راحت نہیں ملتی تو بڑے بڑے سپیکر لے کر اس پر ساری رات اور سارا دن گانے لگائے جاتے ہیں۔ (جاری ہے)

دہشتگردی کی آڑ میں مفادات کے حصول کی جنگ

طلسم خیال

طاہر قریشی

ضلع کرم (سابقہ نام کرم ایجنسی) خیبر پختونخوا میں ایک ضلع ہے۔ یہاں پر اکثریت اُورکزئی، چمکنی، منگل، حاجی، خوجل خیل وزیر اور طوری قبائل آباد ہیں۔ ارضِ پاکستان کی جنتِ نظیر وادی اور اسٹریٹیجک وجغرافیائی اہمیت کا حامل انتہائی اہم علاقہ پارا چنار افغانستان کے تین صوبوں (ننگر ہار، خوست اور پکتیا) کے علاوہ دیگر تین قبائلی علاقوں خیبر، اورکزئی اور شمالی وزیرستان کے ساتھ ساتھ ضلع ہنگو سے بھی متصل ہے۔ کئی دہائیوں سے یہ علاقہ اپنی جغرافیائی اہمیت و اسٹریٹیجک خدو خال کی وجہ سے بین الاقوامی اسٹیبلشمنٹ کے درمیان میں کشمکش کی وجہ سے میدان جنگ بنا ہوا ہے۔ افغانستان کا مشہور پہاڑی علاقہ تورہ بورہ سپین غر ''کوہ سفید'' کے پہاڑی سلسلے کے اندر ایک طرف سے صوبہ ننگر ہار اور دوسری طرف سے پارا چنار کے مضافاتی گاؤں زیڑان سے لگتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ پاکستان کے کسی بھی علاقے بشمول تمام قبائلی علاقوں کے افغان دارالحکومت کابل سے نزدیک ترین اور کم ترین فاصلے پر واقع ہے اور اس علاقے کی شکل ایک مثلث کی سی ہے، چنانچہ بین الاقوامی اسٹریٹیجک اصطلاحات میں کرم ایجنسی کے صدر مقام پاراچنار کو طوطے کی چونچ یعنی ''Parrots Beak'' کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ کرم کے شورش زدہ علاقے میں ایک بار پھر سے حالات خراب ہو رہے ہیں۔ اِس کی بنیادی وجوہات سے وہ لوگ بخوبی واقف ہیں جنہوں نے اِن وجوہات کی بنیادوں کو ختم کر کے نئی بنیادِ تعمیر رکھنی ہے لیکن اِن شورش زدہ علاقوں کے علاج کو ہومیو پیتھک طریقہ علاج کی طرز سے کرنے پر ہی زور دیا جا رہا ہے۔ اصل خرابی کو بری طرح سے نظرِ انداز کیا جا رہا ہے۔ کرم قبائل کا تنازعہ کوئی زمین و جائیداد کی ملکیت تک ہی محدود نہیں رہا ہے اس میں بھی کئی شر پسند ممالک کا گھناؤنا کھیل شامل ہو گیا ہے جنہوں نے ریاست کے اندر ہی ایک اور ریاست قائم کرنے کی مذموم سازش شروع کر رکھی ہے۔ ایک مسلک کے فروغ کی کوشش شعوری عمل رہا ہے، ماضی میں جیسے کراچی میں مخصوص طبقاتِ فکر کے مخصوص علاقے قائم کیے گئے تھے ایسے ہی کرم کا علاقہ مسلکی و مذہبی بنیادوں پر تقسیم کیا جا رہا ہے جہاں بہت تیزی کے ساتھ عوام کی ذہن سازی کی جا رہی ہے، غیر ملکی پیسے اور وسائل کے ذریعہ ذہن سازی کا یہ عمل پورے منظم طریقے سے جاری ہے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ جدید جنگی تربیت بھی دے کر نوجوانوں کو تیار کیا جا رہا ہے جو شیر خوار بچوں تک کو بہیمانہ انداز میں قاتل کر رہے ہیں اور نسل کشی کا عمل بھی جاری ہے۔ کیا قانون نافذ کرنے والے اداروں اور حکومت کو معلوم نہیں کہ کالعدم تنظیموں کے اس کھیل سے انسانیت دم توڑ رہی ہے، کیا اب بھی وہ وقت نہیں آیا کہ ہوش کے ناخن لیے جائیں اور جانب دارانہ اقدامات سے گریز کیا جائے۔ حال ہی میں کرم میں سرکاری مذاکراتی ٹیم پر حملہ کیا گیا، ڈی سی سمیت پانچ افراد زخمی ہوئے جس سے اُمن معاہدے کے عمل کو شدید دھچکا پہنچا، سیکورٹی ذرائع نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ وہ پُرتشدد واقعات روکیں گے لیکن اُمن معاہدے اور اُمن کمیٹی کی یقینی دہانیوں کے باوجود ضلع کرم کے علاقے بگن میں درجنوں مسلح دہشت گردوں نے سرکاری مذاکراتی ٹیم پر فائرنگ کی جس سے اُمن و امان کی کوششوں کو شدید دھچکا پہنچا۔ اس حملے میں ڈپٹی کمشنر سمیت تین پولیس اہل کار اور دو فرنٹیئر کور کے اہل کار شدید زخمی ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر کو تین گولیاں لگیں تاہم ان کی حالت خطرے سے باہر بیان کی جا رہی ہے۔ ڈی سی اور ایک زخمی اہل کار کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے پشاور منتقل کر دیا گیا تھا۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے اس واقعہ پر سینئر حکام سے تفصیلی رپورٹ طلب کرتے ہوئے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ اعلیٰ سیکیورٹی اور سرکاری حکام نے اس واقعہ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ واقعہ نہ صرف اُمن معاہدے کی خلاف ورزی ہے بلکہ اس سے علاقے میں پہلے سے موجود انسانی بحران مزید سنگین ہو گیا ہے۔ حکومت اور سیکیورٹی ذرائع نے واضح کر دیا ہے کہ آئندہ کسی بھی قسم کے پُرتشدد واقعات کو پوری قوت سے روکا جائے گا۔ کرم کے عوام کو اب اپنے تحفظ اور اپنے علاقے کے مستقبل کے لیے متحد ہونا ہوگا۔ سب جانتے ہیں کہ رواں سال میں چار جنوری کو ضلع کرم کے زیریں علاقے میں ایک پُر امن اور اُمید افزا واقعہ افسوس ناک سانحہ میں تبدیل ہو گیا تھا جب خوراک اور ادویات سمیت ضروری سامان لے جانے والا قافلہ اُمن معاہدے کے تحت روانہ ہونے والا تھا۔ اس قافلے کو مقامی اُمن کمیٹیوں کی طرف سے محفوظ راستے کی ضمانت دی گئی تھی، صبح جب مذاکراتی ٹیم قافلے کی روانگی کے لیے راستہ صاف کر رہی تھی تو چالیس پچاس مسلح شدت پسند دہشت گردوں نے ڈپٹی کمشنر جاوید محسود اور قافلے کی گاڑیوں پر فائرنگ کر دی تھی۔ سوائے ایک آدھ باا ثر شخص کے امن کمیٹیوں کی طرف سے یقین دہانی کے باوجود اس واقعہ پہ سنگین سوالات اٹھائے ہیں کہ اس طرح کی قابل مذمت حرکت کیسے ممکن ہوئی۔ اب وقت آگیا ہے کہ مقامی عوام کو اُمن کمیٹی کے رہنماؤں کو جواب دہ بنانا ہوگا اور اُن سے یہ سوال کرنا ہوگا کہ وہ اپنی دی گئی ضمانتوں پر عمل کرنے میں کیسے ناکام رہے؟ علاقے کے عوام کے لیے ضروری ہے کہ وہ مقامی رہنماؤں سے وضاحت اور جوابات طلب کریں۔ ایم پی اے ملک ریاض شاہین، ملک غنی، ڈاکٹر قادر، حاجی کریم، ملک سیف اللہ اور حاجی شریف جیسے نمایاں مقامی شخصیات نے علاقے میں اُمن یقینی بنانے کا عہد کیا تھا لیکن یہ افسوس ناک واقعہ اس بات کی سخت یاددہانی ہے کہ انتہا پسند عناصر اس علاقے میں اُمن کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ سرکاری ذرائع کے بقول اگر مقامی لوگ ان عناصر کے خلاف متحد نہیں ہوئے تو اس کے نتائج خود انہیں ہی بھگتنا ہوں گے۔ اب پہلے سے زیادہ ضروری ہے کہ کمیونٹی اپنے درمیان موجود امن دشمنوں کو پہچانے اور ان کا سامنا کرے۔ اسی حوالے سے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور نے کرم کے ڈپٹی کمشنر اور دیگر زخمی افراد کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ علی امین گنڈا پور نے کہا کہ کرم میں امن معاہدے کے بعد پیش آنے والا یہ واقعہ انتہائی افسوس ناک اور قابل مذمت ہے۔ خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ نے اس حملے کو حکومت کی امن کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کی گئی شرم ناک کوشش قرار دیا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ فائرنگ میں ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، یہ واقعہ ان عناصر کی جانب سے منصوبہ بندی کے تحت کیا گیا ہے جو کرم میں امن کی بحالی نہیں چاہتے۔ درست ہے کہ صوبائی حکومت کرم میں امن بحال کرنے اور عوام کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے پُرعزم ہے تاہم فریقین کے درمیان معاہدہ اس بات کا ثبوت ہے کہ کرم کے لوگ پُر امن ہیں اور علاقے میں استحکام چاہتے ہیں لیکن کچھ چنیدہ اور انتہا پسند عناصر کرم میں امن نہیں چاہتے لیکن ان کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی۔ اسی تناظر میں وزیرِ داخلہ محسن نقوی سے عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ ایمل ولی خان نے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے لوئر کرم کی تحصیل بگن میں سرکاری گاڑیوں پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کرم اور دیگر زخمیوں سے ہمدردی و یکجہتی کا اظہار کیا۔ محسن نقوی نے درست کہا کہ ''ملک دشمن قوتیں فائرنگ کی آڑ میں دراصل امن معاہدے کو سبوتاژ کرنا چاہتی ہیں، سرکاری گاڑیوں پر حملہ بزدل دشمن کی سوچی سمجھی سازش ہے لیکن ان کے یہ مذموم عزائم ناکام رہے۔ ہم کے پی کے حکومت سے رابطے میں ہیں، زخمی ڈپٹی کمشنر کرم کی جان سب سے زیادہ عزیز ہے، سکیورٹی فورسز اور امن جرگہ کی مخلصانہ کاوشوں کی قدر کرتے ہیں، گرینڈ جرگہ کے تمام عمائدین کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں'' دونوں رہنماؤں نے خوارجی دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کو سراہتے ہوئے دہشت گردی کے جنگ کے شہداً کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ''شہداً کی عظیم قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، اپنی قیمتی جانیں قربان کرنے والے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔'' ایمل ولی خان نے کہا کہ ''شہداً نے اپنے قیمتی لہو سے امن کی آبیاری کی ہے۔ پاکستان کی خاطر جانیں نچھاور کرنے والے قوم کے ہیرو ہیں۔'' امر واقعی یہی ہے کہ جب تک امن دشمنوں کو نکیل نہیں ڈالی جاتی، کالعدم تنظیموں اور کرم میں لگائے گئے اسلحہ کے ڈھیروں کو ختم نہیں کیا جاتا اور پورے علاقے کو دہشت گرد اور شدت پسند عناصر سے پاک نہیں کیا جاتا ہمارے صدر، وزیرِ اعظم، وزراءِ اعلیٰ، وزیرِ داخلہ اور سیاسی زعماء مذمتی بیانات ہی دیتے رہیں گے۔ مذمت کسی مسئلے کا کوئی آبرومندانہ حل نہیں البتہ ''مرمت ہی شافی و کافی مصدقہ حل ہے'' جسے اختیار کرنے میں مزید تاخیر کرنا ضلع کرم کی عوام پہ مزید ظلم کرنا ہوگا۔ دعا ہے کہ اللہ رب العزت وطنِ عزیز اور اہلِ وطن کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور وطنِ عزیز کو امن کا گہوارہ بنا دے آمین یارب العالمین۔

عوام کے مسائل کا حل ضروری

زیر و زبر

راؤ غلام مصطفیٰ

Email:rgmustafa555@yahoo.com

عالمی بنک کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں 40 فیصد آبادی خط غربت سے نیچے زندگی بسر کر رہی ہے۔ ورلڈ بنک کی اندازوں کے مطابق سنہ 2026ء تک یہ شرح 40 فیصد سے اوپر رہنے کا امکان ہے۔ یہ اعداد و شمار معاشی سمت کو درست دھارے میں لانے والے حکمرانوں کے لئے غور و فکر کے متقاضی ہیں۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں معاشی و سیاسی صورتحال نازک مراحل میں ہے۔ پاکستان کے موجودہ زمینی حقائق، جیسا کہ سیاسی و معاشی عدم استحکام اور امن و امان کی ناقص صورتحال میں معیشت کو استحکام دینا سب سے بڑا چیلنج ہے۔ لیکن معاشی استحکام کے لئے کوئی سنجیدہ عملی اقدامات دیکھنے میں نہیں آ رہے۔ پاکستان کی معیشت کا اس وقت سب سے بڑا مسئلہ شارٹ ٹرم (قلیل مدتی) اہداف ہونا چاہیے۔ حکومت کی توجہ ایسے اہداف پر ہے جو لانگ ٹرم (طویل مدتی) ہیں۔ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت مقرر کئے گئے شارٹ ٹرم اہداف حاصل نہیں کئے جا رہے جیسا ٹیکس کی وصولی وغیرہ ایسے میں کیسے ممکن ہے کہ ملک کسی بڑے اہداف کی طرف بڑھ پائے۔ ایسے اہداف کا حصول شفافیت، استقامت اور عوامی شمولیت کے بغیر ہرگز ممکن نہیں ہے۔ ہمارے حکمرانوں کی حالت یہ ہے کہ قرض کی بیساکھیوں پر کھڑے ہو کر ترقی و خوشحالی کے بلند آہنگ دعوے کرتے نظر آتے ہیں۔ اقتدار میں آنے والا حکمران آئی ایم ایف سے قرض پروگرام نہ لینے کی یقین دہانیاں کرواتا ہے۔ لیکن بدقسمتی سے ہمارے حکمران 25 بار یہ کہہ چکے ہیں کہ یہ پروگرام آخری ہے۔ اور حقیقت یہ ہے پاکستان دنیا میں سب سے زیادہ 25 بار آئی ایم ایف پروگرام حاصل کرنے والا ملک بن چکا ہے۔ ضرورت ہے کہ حکومت آئی ایم ایف کی جانب سے شارٹ ٹرم اہداف کے حصول پر کام کرے جو اس وقت حاصل نہیں ہو پا رہے۔ ایسے حالات میں حکومت کی جانب سے طویل مدتی اہداف کے حصول کو ممکن بنانا قطعی ناممکن ہے۔ ملک میں بے روزگاری، مہنگائی، غربت میں اضافہ کا سبب بن رہے ہیں۔ کچھ دن قبل اراکین اسمبلی کی تنخواہوں میں لاکھوں روپے کا اضافہ کیا گیا۔ یہ اضافہ غیر معمولی ہی نہیں بلکہ غریب عوام پر ظلم کے مترادف ہے۔ پاکستان جیسے غریب اور ترقی پذیر ملک جہاں کی بڑی آبادی خط غربت کے نیچے زندگی بسر کرنے پر مجبور ہے۔ وہاں عوام کے نمائندوں کی تنخواہ میں اضافہ کی مد میں قومی خزانے پر بوجھ ڈالنا المیہ ہے۔ ایک طرف مزدور کو خون پسینہ بہانے کے باوجود اس کی مقررہ اجرت بھی وقت پر نہیں ملتی اور دوسری طرف عوام کے نمائندے مراعات سمیٹنے میں مصروف ہیں۔ قانونی بلوں کی منظوری کے ذریعے طبقہ اشرافیہ تنخواہوں اور مراعات میں اضافہ کو اپنا حق سمجھتا ہے۔ ڈیڑھ کروڑ غریبوں کے چولہے دو وقت کی روٹی میسر نہ ہونے کے باعث ٹھنڈے پڑے ہیں۔ اس طبقے کا مقصد حیات مفادات، اختیارات اور اقتدار کا حصول ہے۔ جمہوری ممالک میں جمہوریت کو مکمل کرنے کے کچھ لوازمات ہوا کرتے ہیں جہاں جمہور کے مفادات اور بنیادی حقوق کو اشرافیہ اپنا حق سمجھ کر سلب کرے وہ معاشرے جمہوری نہیں ہوا کرتے۔ عام آدمی جب کوئی چیز خریدنے کے لئے مارکیٹ جاتا ہے تو بے پر قیمتوں کا سن کر اس کے ہوش ٹھکانے نہیں رہتے۔ مارکیٹ کے اندر ایک ایسا مافیا مسلط ہے جو مانیٹرنگ کے طریقہ کار متحرک نہ ہونے کے باعث بے دھڑک عام آدمی کی جیب پر نقب لگا رہا ہے۔ پہلے تحصیل سطح پر اسسٹنٹ کمشنر کے زیر اہتمام پرائس کنٹرول کمیٹیاں ہوتی تھیں لیکن اب ان کا کردار ختم کر دیا گیا۔ جس کے باعث ہر دوسرے دوکاندار نے اپنا من پسند ریٹ مقرر کیا ہوا ہے۔ ہمارے ہاں مقامی سطح کی چھوٹی چھوٹی مارکیٹیں ہیں جو مہنگائی کو کم کرنے کے حکومتی اقدامات نہ ہونے کے باعث مہنگائی میں اضافہ کا سبب بن رہی ہیں۔ مارکیٹوں میں موجود ذخیرہ اندوز مافیا اشیائے خورد و نوش ذخیرہ کر کے مارکیٹ میں قلت پیدا کرتا ہے اور جیسے ہی قیمت میں اضافہ ہوتا ہے وہ اپنا دوگنا منافع سمیٹ لیتا ہے۔ پاکستان میں مناپلی کنٹرول اتھارٹی تو موجود ہے لیکن وہ کیا کرتی ہے کسی کو کچھ معلوم نہیں ہے۔ ملک میں مہنگائی کے بے لگام ہونے کی بڑی وجہ انتظامیہ کی لوز منیجمنٹ ہے۔ بیوروکریسی اپنے دفاتر سے نکل کر عمل درآمد کو یقینی بنانے میں سنجیدہ نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے مارکیٹوں کو ذخیرہ اندوز مافیا کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ جو حکومت کی گورننس کو گہنا رہے ہیں مہنگائی مسئلہ نہیں یہ بحران بے روزگاری میں اضافہ کے باعث تقویت پکڑ رہا ہے۔ لوگ روزگار کے مواقع نہ ہونے کے باعث خودکشیوں پر مجبور ہو چکے ہیں۔ حکومت کو چاہیئے کہ روزگار کے مواقع پیدا کرے تاکہ غریب کا چولہا جل سکے۔ ایسے الارمنگ حالات پیدا ہو چکے ہیں جس سے آئے دن بے یقینی کی صورتحال میں اضافہ ہو رہا ہے۔ لوگوں کو روزگار کی فراہمی حکومت کے اولین اہداف میں شامل ہونا چاہیئے۔ جب عام آدمی کا معیار زندگی بہتر ہوگا تو عام آدمی کے قومی دھارے میں شامل ہونے سے ملکی ترقی و خوشحالی کو دوام ملے گا۔ ملک اس وقت بحرانی کیفیت سے گزر رہا ہے لیکن حکمرانوں کو چاہیئے کہ عام آدمی کی حیات کو آسودہ بنانے کے لئے بھی ترجیحی اقدامات کرے۔ ضلع سطح پر پرائس کنٹرول کمیٹیاں فعال بنائی جائیں مافیاز کو لگام دی جائے تاکہ عام آدمی کا چولہا جل سکے۔ اشد ضرورت ہے قلیل مدتی اہداف حاصل کر کے ملکی معیشت کے ساتھ عام آدمی کو سنبھالا دیا جائے۔ تاکہ ملکی معیشت کو استقامت کے ساتھ عام آدمی کی زندگی میں بھی آسودگی آسکے۔ اب دیری کی گنجائش نہیں ہے عام آدمی مسائل کی دلدل میں پور پور ڈوب چکا ہے۔ پاکستان میں پیسے کے بہاؤ میں بھی کمی واقع ہو چکی ہے۔ لوگ غیر یقینی حالات کی وجہ سے پیسے کو روک کر بیٹھے ہیں۔ نئی گاڑیوں اور زمینی جائیداد کی خرید و فروخت نہ ہونے کے برابر ہے۔ جس کے باعث مارکیٹ میں پیسے کی گردش رک گئی ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری، غربت ایسے مہلک مسائل ہیں جن کا تدارک وقت کی ضرورت ہے۔ حکمرانوں کا منصب ان سے صرف باتوں کی نہیں عملی اقدامات اور نتائج کا تقاضا کرتا ہے۔ حکومت کو چاہیئے کہ ملکی معاشی صورتحال کو بہتر بنانے کے ساتھ عام آدمی کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لئے واضح منصوبہ بندی کرتے ہوئے ملک کو مسائل کے بحران سے نجات دلائے۔

بادشاہ اور فقیر کا در (حصہ اول)

بزم درویش

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

help@noorekhuda.org

ہندوستان کے رہنے والے محو حیرت اور مبہوت ہو کر حیران کن منظر دیکھ رہے تھے، جس نے بھی یہ منظر دیکھا اس کی سانس رک گئی آنکھیں پتھرا گئیں اور وہ سنگی مجسمے کی طرح ساکت ہو گیا، دل و دماغ اور نظر یہ منظر اور اس کی حقیقت تسلیم کرنے کو تیار نہیں تھے، منظر واقعہ ہی بہت حیران کن اور دل و دماغ کو مفلوج کرنے والا تھا کیونکہ کوئی بھی ذی روح یہ تسلیم کرنے کو تیار نہیں تھا کہ کل تک جو خود کو مشکل کشا ان داتا اور شہنشاہ ہند سمجھتا تھا وہ خود آج سوالی بن کر اپنا خالی دامن پھیلائے اپنی عظیم سلطنت کا ولی عہد وارث مانگنے اجمیر شریف میں ایک ایسے مرد حق فقیر کے در پر جا رہا تھا، جو سالوں پہلے اس فانی دنیا سے پردہ کر کے آسودہ خاک ہو چکا تھا روحانیت اور تصوف کے مخالفین نے شہنشاہ کو بہت سمجھانے کی کوشش کی کہ آپ کے فقیر کے در پر جانے سے عوام کے ذہن خراب ہو جائیں گے کہ لوگ تو آپ سے مرادیں مانگتے ہیں اور آپ ایک قبر سے اپنی مراد مانگنے جا رہے ہیں بادشاہ سلامت آپ تو خود روزانہ ہزاروں حاجت مندوں کی خالی جھولیاں بھرتے ہیں اور اگر آج آپ اپنا دامن کسی فقیر کی قبر پر جا کر پھیلائینگے تو آپ کی بادشاہت کی عظیم عمارت زمین بوس ہو جائے گی کیونکہ یہ وہی بادشاہ تھا جو دین الٰہی کا موجد تھا مخلوق کا مشکل کشا مغلیہ خاندان کا وہ عظیم بادشاہ جس نے برصغیر پاک و ہند پر تقریباً پچاس سال حکومت کی جس نے جو چاہا وہ کیا لیکن آج بے بسی کی تصویر بنا ننگے پاؤں اجمیر شریف جا رہا تھا۔ مغلیہ سلطنت کے عظیم ترین بادشاہ اکبر اعظم کا یہ سفر کوئی افسانہ نہیں بلکہ حقیقت ہے کیونکہ اس سفر کی گواہی خود اکبر اعظم کے بیٹے شہنشاہ جہانگیر نے دی ہے جہانگیر نے اپنی خودنوشت میں اس تاریخی واقعہ کو بیان کیا ہے کہ میرے والد صاحب نے میری ولادت کے لیے فتح پور سے اجمیر تک پیدل سفر کیا تھا، یہ فاصلہ ایک سو بیس کوس ہے سینکڑوں کلو میٹر پیدل ننگے پاؤں سفر کرنے کی وجہ سے شہنشاہ کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے تھے آغاز سفر پر وزیروں مشیروں اور خدمت گزاروں نے بادشاہ سلامت کو بہت سمجھایا کہ راستہ بہت مشکل پتھریلا ہے اس لیے بادشاہ سلامت سواری استعمال کریں تو آسانی ہوگی لیکن اکبر اعظم نے کیا خوب کہا کہ ہم اصل سلطان الہند کے دربار سوالی بن کر جا رہے ہیں اس لیے ادب و احترام کا تقاضہ یہی ہے کہ ننگے پاؤں سوالی بن کر جایا جائے۔ دیکھنے والے حیران اس بات پر تھے کہ یہ وہی شہنشاہ تھا جس نے نیا مذہب دین الٰہی ایجاد کیا تھا، اکبر اعظم جب تخت نشین ہوا تو ابھی کم سن تھا دنیاوی اور مذہبی تعلیم نہ ہونے کے برابر تھی، درباری علما مبارک اور اس کے دونوں بیٹوں ابوالفضل اور فیضی نے اکبر کی کم عمری کا ناجائز فائدہ اٹھانا شروع کیا اکبر کے مذہبی عقیدے کو کمزور اور غلط رنگ دینا شروع کر دیا ان دنیا پرستوں نے ہندو برہمنوں کے ساتھ مل کر اس کم عقل حکمران کو اس حد تک متاثر اور مجبور کیا کہ بادشاہ نے نیا مذہب دین الٰہی ایجاد کر لیا، اکبر کے اس مذہب پر ہندو دھرم کا رنگ زیادہ نمایاں تھا، اکبر کے سامنے آگ جلائی جاتی اور سریلے گویے اپنی سریلی آواز میں حمد کے اشعار گنگناتے اس طرح وہ آتش پرستی کا جواز فراہم کرتے بادشاہ سلامت مخصوص اوقات میں سورج کے سامنے سر جھکا کر بیٹھ جاتا یہ ایک قسم کی آفتاب پرستی تھی، گنگا جمنا کا پانی مقدس بتایا گیا بادشاہ سلامت گھر اور سفر میں یہی پانی استعمال کرتا ملازمین کی باقاعدہ ایک جماعت تھی جو دریا کنارے مامور رہتی جو سر بمہر کوزے بھر کر لاتی تمام کھانے گنگا جل میں پکائے جاتے آتش پرستی آفتاب پرستی اور گنگا جل پینے کا بعد اکبر اعظم نے تمام ہندوؤں کو خدائے واحد کا پجاری قرار دیا۔ ہندوؤں کو مزید خوش کرنے کے لئے گائے کا ذبیحہ حرام قرار دے دیا گیا، بادشاہ ہر قسم کے گوشت پر پابندی لگانا چاہتا تھا ہندوؤں کو خوش کرنے کے لئے ایک فرمان جاری کیا گیا کہ قصابوں اور ماہی گیروں کے گھروں کو عام آبادی سے علیحدہ کر دیا جائے اور معاشرے کے باقی لوگ اگر ان سے مراسم رکھیں تو ان سے تاوان لیا جائے، اسلام نے سور کے گوشت کو حرام قرار دیا ہے اکبر کو اس پر بھی اعتراض تھا کہ اگر سور کو بے غیرتی کی وجہ سے حرام قرار دیا گیا ہے تو شیر یا اس طرح کے دوسرے جانوروں کو حلال ہونا چاہیے، اکبر اپنی بدتمیزیوں اور گستاخیوں میں تمام حدود کراس کرتا جا رہا تھا کہ اب وہ سرعام مذہب اسلام کی تعلیمات اور عقائد کا مذاق اڑاتا، ایک دن تو اس حد تک گر گیا کہ سر عام درباریوں سے مخاطب ہو کر بولا ملت اسلامی کا سارا سرمایہ بد عقلی کا مجموعہ ہے) معاذ اللہ (حقیقت میں مبارک اس کے بیٹے اور چالاک عیار برہمنوں نے اکبر کے دل و دماغ پر پوری طرح غلبہ پا لیا تھا اب اکبر کی زبان سے وہی الفاظ ادا ہوتے جو یہ مکار اور عیار ٹولہ چاہتا تھا، دیوان خانے میں کسی کو جرات نہ تھی کہ وہ اعلانیہ نماز پڑھ سکے۔ صاحب نصاب لوگوں پر زکو معاف کر دی اس کی وہ کمزور دلیل یہ دیتا کہ وہ لوگوں کے معاشی حالات بہتر بنانا چاہتا ہے، اور پھر سجدہ تعظیمی کا اجرا کیا گیا اب جو بھی بادشاہ سے ملنے یا دیدار کے لئے آتا تو وہ اکبر کو سجدہ کرتا پھر سجدہ کی رسم اتنی زیادہ ہو گئی کہ سجدہ کرنے والا اپنی دستار کو سر سے اتار کر ہاتھ میں پکڑ لیتا اور ننگا سر بادشاہ کے پاں پر رکھ دیتا اور زبان سے یہ کہتا میں اپنے دل کی توجہ بادشاہ کی اطاعت کی طرف مبذول کرتا ہوں، تعظیمی سجدہ دین اسلام کی کھلم کھلا خلاف ورزی تھی کیونکہ اسلام میں قیامت تک کے لئے خدا کے علاوہ تمام سجدوں کو حرام قرار دیا ہے، ملاقات کے وقت اسلام علیکم کی بجائے ایک دوسرے کو اللہ اکبر کہا جاتا، درباری فتنہ گر مبارک اس کے بیٹے بادشاہ کو نبوت کے بعد خدا بنانے کے چکر میں تھے۔ بادشاہ ان حماقتوں میں غرق تھا کہ اچانک ایک واقعہ نے اس کے ہوش اڑا دیئے، اکبر نے اپنی سلطنت کو مضبوط کرنے کے لیے راجہ مان سنگھ کی بہن جودھا بائی سے شادی کی تھی ملکہ ہندو دھرم پر قائم تھی اس نے محل میں ہی ایک چھوٹا سا مندر بنا رکھا تھا جس کے اندر ہندو دیوتاؤں کی مورتیاں رکھی ہوئی تھیں، اکبر اعظم لوگوں کا داتا بن کر بیٹھا تھا لیکن اپنا مسئلہ دیکھ کر دہل گیا کہ مغل شہنشاہ کے کئی بیٹے ہوئے مگر جلدی ہی مر گئے جودھا بائی نے اپنے دیوتاں کے سامنے بہت ماتھا رگڑا لیکن وہ ماں نہ بن سکی، اکبر اکثر سوچتا کہ کیا مشکل کشا ہے کہ اپنا مسئلہ تو حل نہیں کر سکا لہٰذا بادشاہ پریشان رہنے لگا ایک دن ایک درباری نے بادشاہ سے کہا کہ جناب آپ کی پریشانی کا حل فتح پور میں ایک فقیر حضرت سلیم چشتی کے پاس ہے، جو آپ کو ہندوستان کا وارث دینے میں مدد کر سکتا ہے (جاری ہے)

وہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی!



صدائے سحر

شاہد ندیم احمد

sadaaysehar@gmail.com

ملک میں سیاسی استحکام ہوگا تو ہی معاشی استحکام لایا جا سکے گا، اس کا اہل سیاست اور اہل ریاست دونوں کو ہی بخوبی ادراک ہے، لیکن اس جانب کوئی سنجیدہ پیش رفت دکھائی نہیں دیے رہی ہے، حکومت اور تحریک انصاف کے مابین مذاکرات کے دور ضرور چل رہے ہیں، مگر حکومتی وزراء کے طرز عمل سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اس معاملہ میں بہت زیادہ سنجیدہ نہیں ہیں، حالانکہ ملک و قوم کے مفاد کا تقاضا ہے کہ حکومت نہ صرف تحریک انصاف سے مذاکرات کی کامیابی کے لیے سنجیدگی اور متانت کا مظاہرہ کرے، بلکہ بہتر ہوگا کہ پارلیمنٹ کے اندر اور باہر کی دیگر جماعتوں کو بھی ان مذاکرات کا حصہ بنا کر وسیع تر قومی مفاہمت اور سیاسی استحکام کا راستہ تلاش کیا جائے کہ اس میں ہی جمہوریت کی بقا اور ملک و قوم کی فلاح ہے! اس ملک میں کسی ایک نے بھی کبھی جمہوریت کی بقا کے بارے سوچا ہے نہ ہی ملک و قوم کی فلاح کا کبھی خیال رکھا ہے، اس ملک میں جمہوریت کے علمبرداروں نے ہی جمہوریت کو اپنے پاؤں تلے روندا ہے اور ملک و قوم کی فلاح کو پس پشت ڈالے رکھا ہے، اس ملک میں جو بھی آیا ہے، اس نے بڑے بڑے وعدے اور دعوے ضرور کیے ہیں، مگر اپنے کسی ایک دعوے پر پورا اُترے ہیں نہ ہی اپنا کوئی وعدہ پورا کر پائے ہیں، یہاں پر ہر حکومت کا طرز عمل، وہ وعدہ ہی کیا جو وفا ہو گیا، سے مختلف دکھائی نہیں دیتا ہے، اس کے باوجود آزمائے کو ہی آزمایا جا رہا ہے اور عوام کو مجبور کیا جا رہا ہے کہ ان آزمائے ہوئے حکمرانوں کے جھوٹے دعوؤں اور جھوٹے وعدوں پر یقین کریں، عوام ایسا کچھ کر رہے ہیں نہ ہی ان آزمائے ہوں کا ساتھ دیے رہے ہیں، عوام ان کے خلاف سراپا احتجاج ہیں، بلکہ ان کے ہر ظلم و جبر کا بڑی دلیری سے مقابلہ بھی کر رہے ہیں۔ عوام بار ہا آزمائے حکمرانوں اور آزمائی حکومت سے چھٹکارہ چاہتے ہیں، عوامی امنگوں کے مطابق حکومتوں کی تبدیلی کا ذریعہ صرف عام انتخابات ہیں، لیکن اگر انتخابات ہی ڈھونگ ہوں، جیسا کہ فروری 2024 میں اربوں روپے لٹا کر ڈراما رچایا گیا تو موجودہ صورتحال میں پاکستان میں غیر جانبدار صاف اور شفاف انتخابات کا انعقاد بعید از قیاس ہے، اس ملک میں جب تک فروری 2024 کے انتخابات میں فارم 47 کے ذریعہ بڑے پیمانے پر انتخابی نتائج میں رد و بدل کی تحقیقات اور ذمے داران کو کیفر کردار تک نہیں پہنچایا جاتا اور نتائج کے رد و بدل کے ذریعہ اسمبلی میں آنے والے افراد کو تاحیات نااہل قرار نہیں دیا جاتا تو اس وقت تک کوئی بھی انتخاب معتبر اور قابل قبول نہیں ہوگا۔ افر دیکھا جائے تو گزشتہ انتخابات میں پی ٹی آئی ہی سب سے زیادہ متاثر فریق ہے، اس سے فارم 47 کے ذریعہ حق حکمرانی چھینا گیا ہے، لہٰذا اسے ہی آگے بڑھ کر اور دیگر سیاسی پارٹیوں کو ساتھ ملا کر انتخابی دھاندلی کے حوالے سے ایک پرامن تحریک شروع کرنی چاہیے تھی، جو کہ اب تک نہیں کی جاسکی ہے، گو کہ اب پلوں کے نیچے سے بہت سا پانی بہت چکا ہے، لیکن اگر اب بھی پی ٹی آئی طاقتور حلقوں کی جانب دیکھنے کے بجائے کم سے کم نکاتی ایجنڈے پر متاثرہ جماعتوں کو متحد کرے اور اس کو لیڈ کرے تو عوام کا ایک بپھرا ہوا سمندر فارم 47 کی متاثرہ جماعتوں کی پشت پر ہوگا، اس کے مطالبات نظر انداز کرنا نہ کسی طاقتور کے بس میں ہوگا نہ ہی اس تحریک کے سامنے کوئی حکمران ٹھہر سکے گا۔ اب وقت آگیا ہے کہ اہل وطن سوچیں اور اہل ریاست بھی فیصلہ کریں کہ اب تک ان آزمائی اتحادی جماعتوں کے دور حکومت میں ملک و عوام کے حالات بدلے نہ ہی کوئی تبدیلی لائی جاسکی ہے، بلکہ سیکورٹی خطرات میں اضافہ ہی ہو رہا ہے تو پھر کون ہے، جو کہ اس ملک اور اس کے عوام کے حالات بدل سکتا ہے؟ مہنگائی کا خاتمہ بجلی بلوں اور ٹیکسوں میں کمی لا سکتا ہے؟ حکومتی اخراجات میں کمی، وزیروں، ارکان اسمبلی اور بیوروکریسی کی ناجائز مراعات ختم کر سکتا ہے؟ مسئلہ فلسطین، مسجد اقصیٰ اور کشمیر کی آزادی کے لیے امت مسلمہ کو یکجا اور عملی قدم کی جانب بڑھ سکتا ہے؟ اس سوال کے جواب میں ہی پاکستان کے عوام کے مسائل کا حل مضمر ہے، اس اہم سوال کا جواب تلاش کرنا ہوگا اور اس اندھیرے میں عوام کی ہی اُمید کا چراغ جلانا ہوگا، یہ چراغ جلیں گے تو ہی روشنی ہوگی، اس پر کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے کہ۔

جنہیں حقیر سمجھ کر بجھا دیا تو نے
وہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی!

مطابق حکومتوں کی تبدیلی کا ذریعہ صرف عام انتخابات ہیں، لیکن اگر انتخابات ہی ڈھونگ ہوں، جیسا کہ فروری 2024 میں اربوں روپے لٹا کر ڈراما رچایا گیا تو موجودہ صورتحال میں پاکستان میں غیر جانبدار صاف اور شفاف انتخابات کا انعقاد بعید از قیاس ہے، اس ملک میں جب تک فروری 2024 کے انتخابات میں فارم 47 کے ذریعہ بڑے پیمانے پر انتخابی نتائج میں رد و بدل کی تحقیقات اور ذمے داران کو کیفر کردار تک نہیں پہنچایا جاتا اور نتائج کے رد و بدل کے ذریعہ اسمبلی میں آنے والے افراد کو تاحیات نااہل قرار نہیں دیا جاتا تو اس وقت تک کوئی بھی انتخاب معتبر اور قابل قبول نہیں ہوگا۔ افر دیکھا جائے تو گزشتہ انتخابات میں پی ٹی آئی ہی سب سے زیادہ متاثر فریق ہے، اس سے فارم 47 کے ذریعہ حق حکمرانی چھینا گیا ہے، لہٰذا اسے ہی آگے بڑھ کر اور دیگر سیاسی پارٹیوں کو ساتھ ملا کر انتخابی دھاندلی کے حوالے سے ایک پرامن تحریک شروع کرنی چاہیے تھی، جو کہ اب تک نہیں کی جاسکی ہے، گو کہ اب پلوں کے نیچے سے بہت سا پانی بہت چکا ہے، لیکن اگر اب بھی پی ٹی آئی طاقتور حلقوں کی جانب دیکھنے کے بجائے کم سے کم نکاتی ایجنڈے پر متاثرہ جماعتوں کو متحد کرے اور اس کو لیڈ کرے تو عوام کا ایک بپھرا ہوا سمندر فارم 47 کی متاثرہ جماعتوں کی پشت پر ہوگا، اس کے مطالبات نظر انداز کرنا نہ کسی طاقتور کے بس میں ہوگا نہ ہی اس تحریک کے سامنے کوئی حکمران ٹھہر سکے گا۔ اب وقت آگیا ہے کہ اہل وطن سوچیں اور اہل ریاست بھی فیصلہ کریں کہ اب تک ان آزمائی اتحادی جماعتوں کے دور حکومت میں ملک و عوام کے حالات بدلے نہ ہی کوئی تبدیلی لائی جاسکی ہے، بلکہ سیکورٹی خطرات میں اضافہ ہی ہو رہا ہے تو پھر کون ہے، جو کہ اس ملک اور اس کے عوام کے حالات بدل سکتا ہے؟ مہنگائی کا خاتمہ بجلی بلوں اور ٹیکسوں میں کمی لا سکتا ہے؟ حکومتی اخراجات میں کمی، وزیروں، ارکان اسمبلی اور بیوروکریسی کی ناجائز مراعات ختم کر سکتا ہے؟ مسئلہ فلسطین، مسجد اقصیٰ اور کشمیر کی آزادی کے لیے امت مسلمہ کو یکجا اور عملی قدم کی جانب بڑھ سکتا ہے؟ اس سوال کے جواب میں ہی پاکستان کے عوام کے مسائل کا حل مضمر ہے، اس اہم سوال کا جواب تلاش کرنا ہوگا اور اس اندھیرے میں عوام کی ہی اُمید کا چراغ جلانا ہوگا، یہ چراغ جلیں گے تو ہی روشنی ہوگی، اس پر کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے کہ

جنہیں حقیر سمجھ کر بجھا دیا تو نے
وہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی !

کائنات کے راز

مہمان کالم

محمد جمیل شاہین راجپوت

قسط نمبر 1 کائنات کے خفیہ راستے، سدرۃ المنتہیٰ، اور معراج کائنات کے خفیہ راستے ایک پیچیدہ اور گہری بحث کا موضوع ہیں، جو فلسفہ، سائنس، اور روحانیت کے مختلف پہلوؤں پر محیط ہے۔ یہ سوالات کائنات کے اسرار، وقت و مقام کی حدود، اور انسان کی محدود سمجھ کے حوالے سے اہم ہیں۔ 1 کائنات کے خفیہ راستے کائنات کے خفیہ راستوں کی نوعیت کا انحصار اس بات پر ہے کہ ہم اسے کس زاویے سے دیکھتے ہیں: سائنس: خفیہ راستے وہ قوانین اور مظاہر ہو سکتے ہیں جنہیں ہم ابھی تک مکمل طور پر نہیں سمجھ سکے، جیسے بلیک ہولز، ڈارک میٹر، ڈارک انرجی، اور ورم ہولز۔ روحانیت: صوفیانہ تعلیمات کے مطابق، خفیہ راستے وہ باطنی علوم ہیں جو انسان کو معرفت اور حقیقت کی طرف لے جاتے ہیں۔ فلسفہ: فلسفیانہ طور پر، خفیہ راستے زندگی، شعور، اور کائنات کی حقیقت کو سمجھنے کی جستجو سے جڑے ہیں۔ 2. سدرۃ المنتہیٰ: بلیک ہول یا کچھ اور؟ سدرۃ المنتہیٰ قرآن و حدیث میں بیان کیا گیا وہ مقام ہے جہاں انسانی فہم اور مخلوقات کی رسائی ختم ہو جاتی ہے۔ یہ مقام حضرت محمد ﷺ کے واقعہ معراج میں ذکر ہوا ہے۔ بلیک ہول: سائنس کے مطابق، بلیک ہول زمان و مکان کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے اور وہاں وقت اور قوانین طبیعیات بدل جاتے ہیں۔ براہ راست یہ کہنا ممکن نہیں کہ سدرۃ المنتہیٰ بلیک ہول ہے، لیکن دونوں کو علامتی طور پر جوڑنا دلچسپ ہے کیونکہ دونوں ہی ایک "سرحد" یا "حد" کے تصور کو ظاہر کرتے ہیں، چاہے وہ روحانی ہو یا سائنسی۔ 3. واقعہ معراج اور خفیہ راستے حضرت محمد ﷺ کا واقعہ معراج ایک معجزہ تھا جو عام مادی قوانین سے ماورا تھا: اللہ تعالیٰ کی قدرت سے آپ ﷺ نہایت قلیل وقت میں زمینی اور آسمانی سفر پر تشریف لے گئے۔ سائنسی نقطہ نظر سے، یہ "ٹائم ٹریول" یا "ورم ہولز" جیسی چیزوں سے مشابہ لگ سکتا ہے، کیونکہ وقت کی قید کو ختم کر دیا گیا۔ روحانی زاویے سے، معراج ایک ایسا واقعہ تھا جو اللہ کی مخلوقات کے درمیان خفیہ راستوں کی موجودگی کا مظہر ہو سکتا ہے۔ 4. کیا ٹائم ٹریول خفیہ راستوں سے ممکن ہے؟ سائنس: آئن سٹائن کے نظریہ اضافیت کے مطابق، وقت اور جگہ کو جھکایا جا سکتا ہے، اور بلیک ہولز یا ورم ہولز کے ذریعے "ٹائم ٹریول" ممکن ہو سکتا ہے۔ روحانیت: روحانی تجربات میں وقت اور جگہ کی قید کا ختم ہونا عام بات ہے، جیسا کہ معراج میں ہوا۔ یہ ممکن ہے کہ خفیہ راستے وہ مقامات یا مظاہر ہوں جہاں وقت اور جگہ کی حدود ٹوٹ جاتی ہیں۔ 5. زمین پر خفیہ راستے: بلیک ہولز اور برمودا ٹرائی اینگل بلیک ہولز: زمین پر بلیک ہولز موجود نہیں، کیونکہ ان کی شدت زمین کو تباہ کر سکتی ہے۔ برمودا ٹرائی اینگل: یہ وہ علاقہ ہے جہاں جہاز اور طیارے پراسرار طور پر غائب ہو جاتے ہیں۔ کچھ نظریات کے مطابق، یہ مقناطیسی فیلڈز یا قدرتی عوامل کی وجہ سے ہے۔ کچھ لوگ اسے خفیہ راستہ یا ورم ہول سمجھتے ہیں، لیکن سائنسی ثبوت نہیں ملے۔ نتیجہ 1. کائنات کے خفیہ راستے انسانی سمجھ، سائنسی تحقیق، اور روحانی تجربات سے جڑے ہوئے ہیں۔ 2. سدرۃ المنتہیٰ کو بلیک ہول سے جوڑنا براہ راست ممکن نہیں، لیکن دونوں تصورات میں حد اور راز کا مشترکہ تصور موجود ہے۔ 3. واقعہ معراج اللہ کی قدرت کا معجزہ تھا، جو وقت، مقام، اور مادی قوانین سے بالاتر تھا۔ 4. ٹائم ٹریول اور ورم ہولز جیسے تصورات سائنسی اور روحانی دونوں حوالوں سے دلچسپ ہیں۔ 5. زمین پر خفیہ راستے، جیسے برمودا ٹرائی اینگل، ابھی تک پراسرار ہیں، لیکن ان کا سائنسی ثبوت محدود ہے۔ کائنات کے یہ راز انسان کے علم کی حدوں کو چیلنج کرتے ہیں اور ہمیں مزید تحقیق اور غور و فکر کی دعوت دیتے ہیں۔ قسط نمبر 1 کائنات کے خفیہ راستے، سدرۃ المنتہیٰ، اور معراج کائنات کے خفیہ راستے ایک پیچیدہ اور گہری بحث کا موضوع ہیں، جو فلسفہ، سائنس، اور روحانیت کے مختلف پہلوؤں پر محیط ہے۔ یہ سوالات کائنات کے اسرار، وقت و مقام کی حدود، اور انسان کی محدود سمجھ کے حوالے سے اہم ہیں۔ 1 کائنات کے خفیہ راستے کائنات کے خفیہ راستوں کی نوعیت کا انحصار اس بات پر ہے کہ ہم اسے کس زاویے سے دیکھتے ہیں: سائنس: خفیہ راستے وہ قوانین اور مظاہر ہو سکتے ہیں جنہیں ہم ابھی تک مکمل طور پر نہیں سمجھ سکے، جیسے بلیک ہولز، ڈارک میٹر، ڈارک انرجی، اور ورم ہولز۔ روحانیت: صوفیانہ تعلیمات کے مطابق، خفیہ راستے وہ باطنی علوم ہیں جو انسان کو معرفت اور حقیقت کی طرف لے جاتے ہیں۔ فلسفہ: فلسفیانہ طور پر، خفیہ راستے زندگی، شعور، اور کائنات کی حقیقت کو سمجھنے کی جستجو سے جڑے ہیں۔ 2. سدرۃ المنتہیٰ: بلیک ہول یا کچھ اور؟ سدرۃ المنتہیٰ قرآن و حدیث میں بیان کیا گیا وہ مقام ہے جہاں انسانی فہم اور مخلوقات کی رسائی ختم ہو جاتی ہے۔ یہ مقام حضرت محمد ﷺ کے واقعہ معراج میں ذکر ہوا ہے۔ بلیک ہول: سائنس کے مطابق، بلیک ہول زمان و مکان کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے اور وہاں وقت اور قوانین طبیعیات بدل جاتے ہیں۔ براہ راست یہ کہنا ممکن نہیں کہ سدرۃ المنتہیٰ بلیک ہول ہے، لیکن دونوں کو علامتی طور پر جوڑنا دلچسپ ہے کیونکہ دونوں ہی ایک "سرحد" یا "حد" کے تصور کو ظاہر کرتے ہیں، چاہے وہ روحانی ہو یا سائنسی۔ 3. واقعہ معراج اور خفیہ راستے حضرت محمد ﷺ کا واقعہ معراج ایک معجزہ تھا جو عام مادی قوانین سے ماورا تھا: اللہ تعالیٰ کی قدرت سے آپ ﷺ نہایت قلیل وقت میں زمینی اور آسمانی سفر پر تشریف لے گئے۔ سائنسی نقطہ نظر سے، یہ "ٹائم ٹریول" یا "ورم ہولز" جیسی چیزوں سے مشابہ لگ سکتا ہے، کیونکہ وقت کی قید کو ختم کر دیا گیا۔ روحانی زاویے سے، معراج ایک ایسا واقعہ تھا جو اللہ کی مخلوقات کے درمیان خفیہ راستوں کی موجودگی کا مظہر ہو سکتا ہے۔ 4. کیا ٹائم ٹریول خفیہ راستوں سے ممکن ہے؟ سائنس: آئن سٹائن کے نظریہ اضافیت کے مطابق، وقت اور جگہ کو جھکایا جا سکتا ہے، اور بلیک ہولز یا ورم ہولز کے ذریعے "ٹائم ٹریول" ممکن ہو سکتا ہے۔ روحانیت: روحانی تجربات میں وقت اور جگہ کی قید کا ختم ہونا عام بات ہے، جیسا کہ معراج میں ہوا۔ یہ ممکن ہے کہ خفیہ راستے وہ مقامات یا مظاہر ہوں جہاں وقت اور جگہ کی حدود ٹوٹ جاتی ہیں۔ 5. زمین پر خفیہ راستے: بلیک ہولز اور برمودا ٹرائی اینگل بلیک ہولز: زمین پر بلیک ہولز موجود نہیں، کیونکہ ان کی شدت زمین کو تباہ کر سکتی ہے۔ برمودا ٹرائی اینگل: یہ وہ علاقہ ہے جہاں جہاز اور طیارے پراسرار طور پر غائب ہو جاتے ہیں۔ کچھ نظریات کے مطابق، یہ مقناطیسی فیلڈز یا قدرتی عوامل کی وجہ سے ہے۔ کچھ لوگ اسے خفیہ راستہ یا ورم ہول سمجھتے ہیں، لیکن سائنسی ثبوت نہیں ملے۔ نتیجہ 1. کائنات کے خفیہ راستے انسانی سمجھ، سائنسی تحقیق، اور روحانی تجربات سے جڑے ہوئے ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

ہیلتھ گائیڈ

وہ 7 طریقے جن سے بلڈ پریشر میں کمی لانا ممکن

بلڈ پریشر کو خاموش قاتل بھی کہا جاتا ہے جو امراض قلب یا فالج وغیرہ کا خطرہ سنگین حد تک بڑھا دیتا ہے۔ یہ مرض ہر تین میں سے ایک بالغ فرد کو لاحق ہوتا ہے، جس کی مختلف وجوہات ہو سکتی ہیں اور اس کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے ادویات مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ تاہم قدرتی طور پر بھی آپ اپنے طرز زندگی میں چند عادات اپنا یا بدل کر اس پر قابو پاسکتے ہیں۔ ایسے سات طریقے جن کے ذریعے بلڈ پریشر کو نارمل رکھا جاسکتا ہے وہ درج ذیل ہیں۔

ورزش

جسمانی سرگرمیاں فشار خون سے بچانے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ درحقیقت ورزش کو معمول بنالینا جسم پر زبردست اثرات مرتب کرتا ہے اور یہ بلڈ پریشر کو مستحکم رکھنے کا ایک بہترین ذریعہ بھی ہے، ہفتہ بھر میں کم ازکم 30 منٹ سے ایک گھنٹے کی ورزش بلڈ پریشر کی سطح کو کم رکھتی ہے، یہاں تک کہ صرف چہل قدمی کی عادت ہی دل کی صحت کیلئے بہترین ہے۔

سانس

آہستگی اور گہری سانسیں لینا بھی آپ کو پرسکون رہنے اور بلڈ پریشر میں کمی لانے میں مدد دیتی ہیں، سانس کی ورزشوں سے دل کی دھڑکن کو بہتر بنایا جاسکتا ہے، جس کے نتیجے میں خون کی شریانیں بھی زیادہ لچکدار ہوجاتی ہیں۔

پرسکون رہنا

بہت زیادہ تناؤ خون کے ابلنے کا سبب بنتا ہے کم ازکم کچھ دیر کیلئے ضرور ایسا ہوتا ہے۔ امریکن ہارٹ ایسوسی ایشن کے مطابق تناؤ سے دل کی دھڑکن کی رفتار بڑھ جاتی ہے جبکہ خون کی رگیں سکڑ جاتی ہیں، جس سے بلڈ پریشر کچھ وقت کیلئے بڑھ جاتا ہے۔ تناؤ اور ذہنی صحت کو معمول پر رکھنا مجموعی صحت کیلئے بہت ضروری ہے، جس کا بہترین ذریعہ کچھ دیر کیلئے تمام تناؤ اور الجھنیں بھلا کر گھومنا ہے۔

کافی کا کم استعمال

یہ ان لوگوں کے لیے ہے جو کافی پینا پسند کرتے ہیں، اگر آپ ہائی بلڈ پریشر کے شکار نہیں تب بھی کیفین کے زیادہ استعمال سے گریز زیادہ بہتر ہوگا، کیونکہ یہ عنصر دل کی دھڑکن کی رفتار اور بلڈ پریشر کو بڑھا دیتا ہے۔ ابھی یہ تو واضح نہیں کیفین سے بلڈ پریشر کیوں بڑھتا ہے مگر ایسا ہوتا ضرور ہے، اس لئے دن بھر میں 4 کپ سے زیادہ کافی کا استعمال بلڈ پریشر کا مریض بنا دینے کیلئے کافی ہے۔

چائے کو زیادہ نوش کریں

چائے کا استعمال طویل المعیاد بنیادوں پر بلڈ پریشر کو بہتر بناتا ہے، ایک تحقیق کے مطابق بارہ ہفتوں تک چائے کا استعمال بلڈ پریشر کی سطح کو 2.6 ایم ایم ایچ جی سٹولک اور 2.2 ایم ایم ایچ جی ڈایاسٹولک کم کرتا ہے، اس حوالے سے سبز چائے سب سے زیادہ فائدہ مند ہے جس کے بعد دودھ کے بغیر چائے کا نمبر ہے۔

تمباکو نوشی سے گریز

سگریٹ میں شامل نکوٹین بلڈ پریشر کو بڑھاتا ہے، تو جو لوگ دن بھر بے تحاشہ تمباکو نوشی کرتے ہیں ان کا بلڈ پریشر ہمیشہ بڑھا ہوا ہی آتا ہے، جس سے گریز امراض قلب اور فالج وغیرہ سے تحفظ کیلئے بہترین ثابت ہوتا ہے۔

ذا کا حصہ بنائیں

دہی میں شامل پروبایوٹیکس بلڈ پریشر کو صحت مند سطح پر رکھنے میں مدد دیتے ہیں، ایک تحقیق کے مطابق دہی میں شامل یہ جز بلڈ پریشر میں کمی لا کر کولیسٹرول کو بہتر جبکہ بلڈ شوگر کی سطح کو بھی کم کرتا ہے۔

وضو

سے اس مُہلک مرض کا علاج کریں

ماہرین نے ہائی بلڈ پریشر کا انتہائی حیرت انگیز اور بالکل مفت علاج دریافت کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اس سلسلے میں ہونے والی تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ نماز کے لئے کیے جانے والا وضو بلڈ پریشر کا فوری اور مفت علاج ہے، تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ وضو کے دوران جب ہم اپنا چہرہ اور کہنیوں تک ہاتھ اور پاؤں دھوتے ہیں اور سر کا مسح کرتے ہیں تو رگوں میں دوڑنے والے خون کی رفتار نارمل اور صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے جس سے انسان سکون محسوس کرتا ہے اور اس کے خوشگوار اور حیرت انگیز اثرات اعصابی نظام پر بھی پڑتے ہیں جس سے دماغ کو آرام ملتا ہے۔ اعضائے رئیسہ، سر، پھیپھڑے، دل اور جگر وغیرہ کی کارکردگی بحال ہوتی ہے۔ ہائی بلڈ پریشر میں واضح کمی سامنے آنے لگ جاتی ہے، وضو سے چہرے اور ہاتھوں پر رونق اور خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کے مریض کو وضو کرانے سے اسے میں واضح کمی ہوجاتی ہے۔

گُردوں

پر بلڈ پریشر کے انتہائی مضر اثرات

بلڈ پریشر کسی بھی طرح کا ہو ایک صحت مند انسان کو مشکل میں ڈال سکتا ہے۔

ماہرین کے مطابق ہائی بلڈ پریشر کے سبب گردے فیل ہونے کے خطرات زیادہ ہوتے ہیں، شوگر اور بلڈ پریشر کے مریضوں کے لئے گردوں کی دیکھ بھال کرنا ضروری ہے۔ برطانوی ماہرین کی نئی تحقیق کے مطابق ہائی بلڈ پریشر اور شوگر کے مریضوں کو عمر بھر اس حوالے سے خاص احتیاط برتنے کی ضرورت ہے، جن افراد کو ایک بار گردے کا مرض لاحق ہو جائے ان کا علاج مشکل ہوتا ہے۔ اس بارے میں ماہرین کا کہنا ہے مرض کی ابتدا ہی میں تشخیص ہو جائے تو اس پر قابو بھی پایا جاسکتا ہے، مگر زیادہ تر مریضوں کو اس مرض کا بہت دیر بعد پتہ چلتا ہے۔

گردوں کی تکلیف میں مبتلا ہونے والے افراد کو مسلسل اپنی خوراک کا بھی خاص خیال رکھنا ہوگا۔ ماہرین نے بتایا ہے کہ گردے کی پتھری پیدا ہونے کا بھی بلڈ پریشر کے مریضوں کو زیادہ خطرہ ہوتا ہے، شوگر اور پریشر کے مریضوں کو آسانی سے گردے کی پتھری ہو جاتی۔

شہد

اصل اور جعلی شہد میں کیسے فرق کریں؟

شہد آپ کے کھانوں کی مٹھاس بڑھانے کے کام تو آتا ہی ہے مگر صحت کے لحاظ سے بھی انتہائی مفید ہے۔ ہوسکتا ہے آپ کو معلوم نہ ہو مگر شہد جسم کو صحت مند رکھنے اور جلد کو جگمگانے کے لیے بھی بہترین چیز ہے۔ مگر بازار میں متعدد کمپنیاں شہد کو فروخت کرتی ہیں جس کے باعث اصل اور ملاوٹ شدہ شہد کے درمیان فرق کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔

مگر چند آسان طریقوں سے آپ اصل شہد کو آسانی سے پہچان کر خرید سکتے ہیں۔

جیسا آپ کو معلوم ہوگا کہ شہد ایک لیس دار میٹھا سیال ہے جو شہد کی مکھیاں پھولوں کے رس کی مدد سے بناتی ہیں جو کہ مکھیوں کے چھتے میں تین مراحل کے دوران گزر کر یہ سیال شکل اختیار کرتا ہے۔

تو اصل شہد کی پہچان میں مدد دینے والے طریقے درج ذیل ہیں۔

کرسٹلائزیشن ٹیسٹ

شہد بننے کے تیسرے مرحلے میں شہد میں ایسے خامرے شامل ہوتے ہیں جو اس میں سے پانی خارج کرتے رہتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ جب شہد کو اسٹور کیا جاتا ہے تو وہ گاڑھا ہوتا ہے اور بوتل کی تہہ میں کرسٹلن (بلوری) گچھے سے بنے ہوتے ہیں، آسان الفاظ میں اصل شہد ہمیشہ گاڑھا رہتا ہے چاہے جتنا بھی عرصہ ہو جائے جبکہ ملاوٹ شدہ شہد پتلا ہوتا ہے۔

پانی سے حقیقت جانیں

اصل شہد کی ایک خاصیت یہ بھی ہے کہ یہ آسانی سے پانی میں حل نہیں ہوتا، اگر آپ ایک چمچ شہد کو پانی کے گلاس میں ڈالیں (چاہے گرم ہو یا ٹھنڈا)، وہ تہہ میں جائے گا اور اس کے بعد اچھی طرح ہلانے پر پانی میں مکس ہوگا، جبکہ ملاوٹی شہد آسانی سے پانی میں حل ہو جاتا، یہاں تک کہ چمچ ہلانے کی ضرورت بھی نہیں پڑتی۔

کاغذ کا ٹیسٹ

کاغذ کے دو ٹکڑے لیں اور شہد کے دو نمونوں کو ان پر رکھ دیں اور کچھ دیر انتظار کریں، اصل شہد نمی کی کمی کی وجہ سے کاغذ کو نم نہیں کرے گا اور اس میں سوراخ بھی نہیں کرسکے گا جبکہ ملاوٹ شدہ شہد یہ کام بہت جلدی کرتا ہے۔

انگلی سے جانچیں

شہد کی کچھ مقدار لیں اور اسے اپنے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے رگڑیں، کچھ دیر بعد آپ دیکھیں گے کہ یہ آپ کی جلد میں جذب ہوگیا ہے جبکہ وہ انگلیوں پر چپکا ہوا بھی نہیں ہوگا، دوسری جانب ملاوٹی شہد اکثر چینی سے بنتا ہے جو کہ چھونے پر ہی بہت چپچپا ہوتا ہے اور ہاتھوں پر چپک جاتا ہے۔

منشیات

کے عادی افراد کے لیئے اذیت ناک علاج دریافت

ماہرین نے دماغ کے مخصوص گوشے کو متحرک کر کے نشے کی لت کو دور کرنے کا تجربہ کیا ہے جس کے ابتدائی نتائج حوصلہ افزا رہے ہیں۔ امریکی شہر سان ڈیاگو میں واقع اسکرپس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے سائنسدانوں نے چوہوں پر تجربات کیے جس میں چوہوں کے دماغ کے ایک اہم گوشے ''سب تھیلمک نیوکلیئس'' پر برقیرے (الیکٹروڈ) لگا کر انہیں سرگرم کیا۔ دماغ کا یہ حصہ کسی طلب کو روکنے میں کام آتا ہے جسے سائنس کی زبان میں ''انہیبیشن ایریا'' کہتے ہیں۔ اس سے قبل یہی دماغی حصہ پارکنسن بیماری کے دورے کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوا تھا جس کے لیے یہاں الیکٹروڈ سے ہلکی بجلی کے سگنل پہنچائے جاتے تھے۔ ہیروئن کی عادت اور دماغی تعلق پر کام کرنے والے سائنسدان کا کہنا ہے کہ ہیروئن بہت مشکل سے چھوٹتی ہے لیکن تجربے میں چوہوں کو ایک لیور دبا کر ہیروئن کی تھوڑی سی مقدار لینے کی سہولت دی گئی جو 2 ہفتے تک ہر 12 گھنٹے میں ایک مرتبہ ہیروئن تک رسائی ممکن بناتی تھی۔

ماہرین نے چوہوں کے دماغ پر الیکٹروڈ لگا کر سب تھیلمک نیوکلیئس کو تحریک دی جسے ڈیپ برین سیمولیشن کہا جاتا ہے۔ ہلکی بجلی کی تحریک سے چوہوں میں ہیروئن کی طلب کم ہوئی، الیکٹروشاک سے گزرنے اور اس دور رہنے والے چوہوں کو 2 ہفتے تک ہیروئن سے دور رکھا گیا ہے۔ اس کے بعد دوبارہ ان کے سامنے ہیروئن حاصل کرنے کا نظام رکھا گیا تو معلوم ہوا کہ جو چوہے ڈیپ برین سیمولیشن سے گزرے وہ ہیروئن سے دور رہے۔ اس کی شاید یہ وجہ ہے کہ الیکٹروشاک عمل سے دماغی سرکٹ بھی تبدیل ہوجاتا ہے جو نشے کی طلب کم کرتا ہے۔

ڈیپ برین سیمولیشن میں سرجری کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی اور یہ ہر ایک پر کسی خطرے کے بغیر آزمایا جاسکتا ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ بہت جلد انسانوں پر یہ طریقہ آزما کر انہیں نشے کی لت سے دور کیا جاسکے گا

لہسن

کا چھوٹا سا ٹکڑا اور لمبی پرسکون نیند

ماہرین کا کہنا ہے کہ نیند کے مسائل سے دوچار افراد کے لئے اس مصیبت سے چھٹکارا پانے کا آسان طریقہ یہی ہے کہ وہ تکیے کے نیچے لہسن رکھ کر سوئیں۔ ماہرین کے مطابق اس کی خوشبو دماغ پر اثر انداز ہوتی ہے اور اسے بے چینی و منفی لہروں سے پاک کر کے پرسکون کر دیتی ہے۔

اگر آپ بھی نیند کی خرابی کے مسائل سے دوچار ہیں، یا اپنی معمول کی نیند کو مزید پرسکون بنانا چاہتے ہیں تو لہسن کا ایک ٹکڑا چھلکے سمیت تکیے کے نیچے رکھ کر سوئیں، اور پھر اس کا کمال دیکھیں۔

SHOWBIZ
قوت

حریم شاہ کی مردوں کیخلاف باتوں پر عدنان صدیقی کا جوابی وار

حریم شاہ سٹیشن پر موجود ہوں گی تو کوئی بھی ٹرین وقت پر نہیں چلے گی، عدنان صدیقی

کراچی (نیٹ نیوز) پاکستانی اداکار عدنان صدیقی نے مردوں کے خلاف حریم شاہ کی تضحیک آمیز گفتگو وائرل ہونے کے بعد جوابی وار کیا ہے۔ گزشتہ دنوں ٹک ٹاکر حریم شاہ کی ایک ویڈیو وائرل ہوئی تھی جس میں وہ مردوں بارے نامناسب گفتگو کرتی نظر آئی تھیں۔ وائرل ویڈیو پر سوشل میڈیا صارفین نے شدید غصے کا اظہار کیا تھا۔ اب اداکار عدنان صدیقی نے حنا الطاف کے پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ٹک ٹاکر حریم شاہ کسی ریلوے اسٹیشن پر موجود ہوں گی تو وہاں سے کوئی بھی ٹرین وقت پر نہیں چلے گی۔ عدنان صدیقی کے ٹک ٹاکر پر اس طرح کمنٹس کو سوشل میڈیا صارفین تنقید کے زمرے میں شمار کر رہے ہیں اور حالیہ بیان کو ٹک ٹاکر کی وائرل ویڈیو کا جواب قرار دے رہے ہیں۔

بیوی یا خاتون کو عزت نہ دینے والا مرد نہیں ہوسکتا، جان ریمبو



لاہور (شوبز رپورٹر) معروف اداکار جان ریمبو کا کہنا ہے کہ اپنی بیوی یا کسی بھی خاتون کو عزت نہ دینے والا شخص کبھی مرد ہو ہی نہیں سکتا۔ ریمبو نے بتایا کہ انہوں نے پہلی بار اہلیہ صاحبہ کو کیسے شادی کی پیش کش کی تھی؟ اداکار کے مطابق دونوں نے جب پہلی بار ایک ساتھ فلم کی، جب ہی انہیں صاحبہ پسند آگئی تھیں تاہم فلم کی شوٹنگ کے دوران ہی صاحبہ کو واضح طور پر کہا کہ وہ ان سے شادی کرنا چاہتے ہیں لیکن ان کی بات نہ بنی اور اداکارہ ان سے دور رہنے لگیں۔

ثانیہ ملہوترا کی ڈیٹنگ کی قیاس آرائیاں زور پکڑ گئیں

ممبئی (نیٹ نیوز) بالی ووڈ فلم دنگل میں عامر خان کی بیٹی کا کردار ادا کرنے والی اداکارہ ثانیہ ملہوترا کی ڈیٹنگ کی قیاس آرائیاں زور پکڑ گئیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ثانیہ ملہوترا اور ستار بجانے والے رشب رکھیرم شرما کی تصاویر انٹرنیٹ پر وائرل ہو رہی ہیں

پریانکا چوپڑا بطور ایگزیکٹیو پروڈیوسر آسکر کیلئے شارٹ لسٹ

پریانکا چوپڑا کی بطور ایگزیکٹیو پروڈیوسر مختصر فلم انوجا آسکر کے حصول کی فہرست میں شامل ہوگئی

ممبئی (نیٹ نیوز) عالمی شہرت یافتہ بھارتی فنکارہ پریانکا چوپڑا کی بطور ایگزیکٹیو پروڈیوسر مختصر فلم انوجا آسکر کے حصول کی فہرست میں شامل ہو گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پریانکا چوپڑا کی مختصر فلم انوجا کو مارچ میں ہونے والے آسکر کی نامزدگیوں میں شارٹ لسٹ کرلیا گیا ہے۔ یہ فلم دہلی میں شوٹ کی گئی ہے، جس کی کہانی ایک چھوٹی لڑکی انوجا کے گرد گھومتی ہے، فلم میں چائلڈ لیبر اور تعلیم سے جڑے مسائل پر بات کی گئی ہے۔ یہ فلم اس سے قبل شارٹ فلم فیسٹیول میں لائیو ایکشن شارٹ ایوارڈ حاصل کر چکی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم کی ہدایات ایڈم جے گریو نے دی ہے جبکہ پروڈیوسرز ساچیترا متائی ہیں۔ فلم انوجا ایک 9 سالہ لڑکی کی کہانی ہے جسے 9 سال کی عمر میں زندگی کے حوالے سے بڑا فیصلہ لینا پڑتا ہے کہ وہ اپنی بہن کے ساتھ ایک گارمنٹ فیکٹری میں کام کرے، اپنی فیملی کو سپورٹ کرنے کے ساتھ ساتھ انوجا کو یہ بھی فیصلہ کرنا پڑتا ہے کہ کس طرح تعلیم جاری رکھے۔ ایک انٹرویو میں پریانکا چوپڑا نے انوجا کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس فلم کے ساتھ جڑنا میرے لیے فخر کی بات ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ فلم ایک نازک مسئلے پر روشنی ڈالتی ہے

فرحان اختر اور شیبانی ڈانڈیکر کے ہاں جلد بچے کی ولادت متوقع

ممبئی (نیٹ نیوز) بھارتی اداکار، فلم ساز اور گلوکار فرحان اختر اور اہلیہ پروڈیوسر، اداکارہ و گلوکارہ شیبانی ڈانڈیکر والدین بننے والے ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بالی ووڈ انڈسٹری کی اس معروف جوڑی کے ہاں ننھے مہمان کی آمد متوقع ہے، جوڑے کی دو سال قبل شادی ہوئی تھی۔ فرحان اختر اس سے قبل ادھونا بھابانی کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک تھے۔ اداکار فرحان اختر اور ادھونا بھابانی کی شادی 16 سال تک رہنے کے بعد 2017 میں طلاق پر ختم ہوگئی تھی۔

سلطان راہی کو مداحوں سے بچھڑے 29 برس بیت گئے

فن کے سلطان، سلطان راہی 80ء کے عشرے میں پنجابی فلموں کے معروف ہیرو رہے



لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستانی پنجابی فلموں کے نامور اداکار سلطان راہی کو مداحوں سے بچھڑے 29 برس بیت گئے، اس سلسلے میں مختلف تقریبات کا اہتمام کیا گیا جس میں سلطان راہی کی فنی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا جبکہ مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے ان کے مداحوں نے قرآن خوانی اور دعائے مغفرت کی تقریبات کا اہتمام کیا مختلف نجی ٹی وی چینلز سے سلطان راہی کی یادگار فلمیں بھی دکھائی گئیں۔ فن کے سلطان، سلطان راہی 80ء کے عشرے میں پنجابی فلموں کے معروف ہیرو رہے ہیں انہوں نے 15 برس تک فلمی دنیا پر راج کیا اور سات سو سے زائد فلموں میں اداکاری کر کے عالمی ریکارڈ قائم کیا ہے، جن میں پانچ سو فلموں میں انہوں نے بطور ہیرو کردار ادا کیا ہے۔ پنجابی فلموں کے نامور ہیرو سلطان محمد المعروف سلطان راہی 1938ء کو بھارت کے شہر سہارن پور میں پیدا ہوئے قیام پاکستان کے بعد وہ پاکستان منتقل ہوگئے۔

مریم نفیس نے بے بی مون کی تصویریں شیئر کر دیں



کراچی (شوبز رپورٹر) معروف اداکارہ مریم نفیس نے اپنے بے بی مون کی تصاویر شیئر کی ہیں۔ مریم نفیس جلد ہی ننھے مہمان کو اپنی زندگی میں خوش آمدید کہنے والی ہیں۔ سوشل میڈیا ایپ انسٹاگرام پر انہوں نے اپنے شوہر کے ساتھ نئی تصویریں شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ وہ اور ان کے شوہر امان آج کل اپنا بے بی مون انجوائے کر رہے ہیں۔ مستقبل قریب میں والدین بننے والا یہ جوڑا مشرقی افریقا میں واقع جزیرہ نما ملک ماریشس میں سیر سپاٹوں میں مصروف نظر آ رہا ہے۔

اصل نام انوشے گل، یونیورسٹی دوستوں نے شئے گل رکھا، گلوکارہ

یونیورسٹی میں ایک دوست نے اچانک آکر کہا کہ تم سیریز گیم کے کردار شئے سے ملتی جلتی ہو

کراچی (اشوبز رپورٹر) عالمی شہرت یافتہ گانے پسوڑی سے شہرت حاصل کرنیوالی گلوکارہ شئے گل نے بتایا ہے کہ میرا اصل نام انوشے بابر گل ہے، یونیورسٹی کے دوستوں نے نام شے گل رکھا۔ انہوں نے شو میں انکشاف کیا کہ میرا اصل نام شئے گل نہیں بلکہ انوشے بابر گل ہے۔ گلوکارہ نے بتایا کہ جب میں یونیورسٹی میں تھی تو میری ایک دوست نے اچانک آکر کہا کہ تم سیریز گیم آف تھرونز کے کردار شئے سے ملتی جلتی ہو۔ انہوں نے کہا کہ میرے لیے سیریز گیم آف تھرونز کے کردار شئے جیسا نظر آنا کوئی اچھی بات ہر گز نہیں تھی کیونکہ میں نے اس کردار کے بارے میں سنا تھا کہ یہ اچھا کردار نہیں ہے لیکن بس اس دن کے بعد سے میرے دوستوں نے مجھے شئے کہنا شروع کر دیا۔ شئے گل نے بتایا کہ پھر ایک دن میں اور بیسٹ فرینڈ ایمان ہاسٹل میں بیٹھے کسی چیز کے بارے سوچ رہے تھے تو ایک دم سے اس نے مجھ سے کہا کہ تمہیں ہم شئے گل کیوں نہیں کہتے؟۔

دپیکا، رنویر شاہ رخ خان کے پڑوسی بننے کیلئے تیار

دپیکا اور رنویر نے اس عمارت میں 4 منزلہ اپارٹمنٹ 16 سے 19 ویں فلور تک خریدا ہے

ممبئی (نیٹ نیوز) بالی ووڈ اداکارہ دپیکا پڈوکون اور ان کے شوہر رنویر سنگھ 100 کروڑ کے گھر میں منتقل ہو کر شاہ رخ خان کے پڑوسی بننے کے لیے تیار ہیں۔ دپیکا پڈوکون اور رنویر سنگھ نے جس عمارت میں اپنا نیا اپارٹمنٹ خریدا ہے، اس پروجیکٹ کی تعمیر مکمل ہونے والی ہے۔ دپیکا اور رنویر نے اس عمارت میں 4 منزلہ اپارٹمنٹ 16 سے 19 ویں فلور تک خریدا ہے جس کی مالیت 100 کروڑ بھارتی روپے ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس اپارٹمنٹ کا کل رقبہ 11 ہزار 266 مربع فٹ ہے جس میں اضافی 1330 مربع فٹ چھت کی جگہ بھی ہے۔ 4 منزلوں پر مشتمل اداکاروں کا یہ گھر جدید ڈیزائن کے مطابق بنا ہوا ہے جہاں سے سمندر کا نظارہ بھی کیا جا سکتا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دپیکا پڈوکون اور رنویر سنگھ کا یہ نیا اپارٹمنٹ مہنگے رہائشی پراجیکٹ کا حصہ ہے جو بہت ہی مشہور علاقے میں ہے۔

ہانیہ عامر نے انسٹاگرام فالوورز کی دوڑ میں سب کو پیچھے چھوڑ دیا



کراچی (نیٹ نیوز) ڈمپل گرل ہانیہ عامر نے انسٹاگرام فالوورز کی دوڑ میں سب کو پیچھے چھوڑتے ہوئے 17 ملین فالوورز حاصل کرنے والی پاکستان کی پہلی اداکارہ بن گئیں۔ یہ نیا سنگِ میل ہانیہ عامر کو پاکستان کی ان چند سلیبریٹیز میں شامل کرتا ہے جنہوں نے دنیا بھر میں اتنی بڑی فین فالوونگ حاصل کی۔ ہانیہ عامر انسٹاگرام پر 17 ملین فالوورز حاصل کرنے والی پاکستان کی پہلی اداکارہ بن گئی ہیں۔

یش کی نئی فلم ٹاکسک کے بولڈ ٹیزر نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچادیا

فلم کا ماحول عیش وعشرت، دلکشی، اور عیش سے بھرپور پارٹی کا منظر پیش کرتا ہے



ممبئی (نیٹ نیوز) کے جی ایف سے عالمی شہرت حاصل کرنے والے روکنگ اسٹار یش نے اپنی 39 ویں سالگرہ کے موقع پر اپنی آنے والی فلم ”ٹاکسک - بڑوں کے لیے پریوں کی کہانی“ کا شاندار ٹیزر پیش کر کے مداحوں کو حیرت زدہ کر دیا۔ یہ 59 سیکنڈز پر مشتمل ویڈیو ”برڈے پک“ کے طور پر جاری کی گئی، جس میں یش کو ایک سفید سوٹ، فیڈورا ہیٹ، اور سگار کے ساتھ ایک شاندار انداز میں داخل ہوتے ہوئے دکھایا گیا۔ فلم کا ماحول عیش و عشرت، دلکشی، اور عیش سے بھرپور پارٹی کا منظر پیش کرتا ہے، جو اس فلم کی ”پریوں کی کہانی“ کے منفرد اور بالغوں کے لیے مخصوص موضوع کی عکاسی کرتا ہے۔

ماضی کی اداکارہ پونم ڈھلون کو بڑے نقصان کا سامنا

اداکارہ پونم ڈھلون کے گھر سے لاکھوں روپے مالیت کا ہیروں کا ہار چوری ہوگیا

ممبئی (نیٹ نیوز) بالی ووڈ فلموں کی معروف اداکارہ پونم ڈھلون کے گھر سے لاکھوں روپے مالیت کا ہیروں کا ہار چوری ہوگیا، پولیس مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق اداکارہ کے گھر میں کام کرنے والے ایک شخص نے 35 ہزار روپے نقدی اور چند ڈالر بھی چرا لیے۔ رپورٹ کے مطابق 37 سالہ ملزم سمیر انصاری کھار کے علاقہ میں واقع اداکارہ کے گھر میں کام کے سلسلے میں 28 دسمبر تا 5 جنوری رہا۔ وہ گھر کو پینٹنگ کرنے والی ایک ٹیم کے ساتھ آیا تھا، اس عرصہ کے دوران اس نے مبینہ طور پر ایک الماری کے غیر مقفل ہونے کا فائدہ اٹھایا اور سامان چوری کر لیا۔ ویسے تو اداکارہ پونم ڈھلون جوہو میں رہتی ہیں لیکن اکثر وہ کھار میں واقع اپنے گھر میں بھی کچھ وقت گزارتی ہیں جہاں ان کا ایک بیٹا مقیم ہے۔ پولیس کے اداکارہ کی شکایت پر واقعے کا مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی ہے۔

عاطف اسلم اور ہنی سنگھ کی ملاقات کی تصویر وائرل

ممبئی (نیٹ نیوز) گلوکار عاطف اسلم کی بھارتی گلوکار ہنی سنگھ کے ساتھ ملاقات کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ عاطف اسلم کے ہمراہ اپنی ایک تصویر شیئر کی ہے۔ تصویر میں دونوں گلوکار خوش گوار انداز میں کیمرے کیلئے پوز دیتے ہوئے نظر آ رہے ہیں ہنی سنگھ نے تصویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا ہم دونوں مارچ میں پیدا ہونے والے بھائی ہیں۔ تصویر پر صارفین کی جانب سے دونوں گلوکاروں کو ایک ساتھ دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

میرے والد کے ہاتھوں 7 افراد قتل ہوئے، اکرم اداس کا انکشاف



لاہور (شوبز رپورٹر) ٹی وی و سٹیج کے مشہور کامیڈین اکرم اداس نے انکشاف کیا ہے کہ ان کے والد کے ہاتھوں 7 افراد قتل ہوئے۔ کامیڈین اکرم اداس نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے اپنے والد کی ایک دکھ بھری کہانی سنائی۔ انہوں نے بتایا کہ میرا تعلق ایک کھاتے پیتے گھرانے سے تھا اور میرے والد بہت اچھے انسان تھے، وہ ہمیشہ کمزور لوگوں کا ساتھ دیتے تھے اور کبھی کسی پر ظلم نہیں کرتے تھے۔

تارک مہتا کا الٹا چشمہ کے سوڈھی بیمار، ہسپتال داخل

ممبئی (نیٹ نیوز) بھارتی ٹیلی ویژن ڈرامہ تارک مہتا کا الٹا چشمہ کے اداکار گروچرن سنگھ ہسپتال میں داخل ہیں، انہوں نے اپنے پیغام میں اپنی حالت کو بہت خراب قرار دیا ہے۔ روشن سنگھ سوڈھی کا کردار نبھانے والے اداکار گروچرن سنگھ کو ہسپتال میں داخل کروایا گیا ہے

بلاک بسٹر اسپائیڈر مین کی مشہور جوڑی حقیقی زندگی میں بھی ایک ہوگئی

یہ جوڑی 2021 میں ایک دوسرے کے قریب آئی، دونوں کی ایکساتھ تصویریں وائرل ہوئیں



نیویارک (نیٹ نیوز) مشہور اداکارہ زنڈایا نے گولڈن گلوبز میں ڈائمنڈ رنگ پہن کر مداحوں کو حیران کر دیا۔ زنڈایا اور ٹام ہالینڈ، جنہوں نے اسپائیڈر مین فلم سیریز میں پیٹر پارکر اور ایم جے کا کردار ادا کیا، اب حقیقی زندگی میں بھی ہمیشہ کے لیے ایک ہو گئے ہیں۔ گولڈن گلوبز ایوارڈز کے دوران زنڈایا کی انگلی میں چمکتی ڈائمنڈ رنگ نے مداحوں میں خوشی کی لہر دوڑا دی۔ امریکی رپورٹ کے مطابق، ٹام ہالینڈ نے ایک نجی تقریب میں زنڈایا کو شادی کی پیشکش کی، جہاں قریبی دوست اور اہل خانہ موجود تھے۔ ایک قریبی ذریعے نے بتایا، یہ سب جانتے تھے کہ ٹام جلد یہ قدم اٹھانے والے ہیں۔ وہ زنڈایا کے لیے ہمیشہ سنجیدہ رہے ہیں اور انہیں 'واحد' مانتے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹام ہالینڈ نے نئے سال کے آغاز کے قریب اپنے دوستوں کو منگنی کی خوشخبری دی۔ وہ دونوں فی الحال شادی کی کوئی جلدی میں نہیں ہیں اور اپنے کام میں مصروف رہنے کے باوجود اس نئے تعلق کو انجوائے کرنا چاہتے ہیں۔ ٹام ہالینڈ نے ایک پوڈ کاسٹ پر بتایا تھا کہ وہ تعطیلات زنڈایا کے خاندان کے ساتھ گزاریں گے، لیکن مقام کو خفیہ رکھا گیا تھا۔ یہ جوڑی 2021 میں عوامی طور پر ایک دوسرے کے قریب آئی۔ جولائی 2021 میں دونوں کی ایک ساتھ تصویریں وائرل ہوئیں، اور ستمبر میں ٹام نے زنڈایا کی سالگرہ کے موقع پر انسٹاگرام پر ان کے لیے جذباتی پوسٹ شیئر کی۔

ندا یاسر نے نیلم منیر کے شوہر کی شہریت سے متعلق بڑا انکشاف کر دیا

میرا خیال ہے کہ نیلم منیر کے شوہر کا تعلق پنجاب، پاکستان سے ہے اور وہ دبئی میں مقیم ہیں، میزبان

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستان کی مشہور اداکارہ اور مارننگ شو کی میزبان ندا یاسر نے نیلم منیر کے شوہر کی شہریت سے متعلق وضاحت پیش کر دی۔ اداکارہ نیلم منیر اندنوں اپنی دبئی میں ہونے والی شاندار شادی کی تقریب کے بعد سب کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہیں۔ ان کی شادی میں صرف قریبی گھر والوں نے شرکت کی تھی، اور انہوں نے شادی کے ایک ماہ بعد اس کی تصاویر شیئر کی ہیں۔ نیلم منیر نے شادی کی تقریبات کے ساتھ ساتھ اپنے شوہر محمد راشد کے ساتھ ایک خوبصورت فوٹوشوٹ بھی شیئر کیا، جس میں وہ روایتی عربی لباس میں ملبوس نظر آئے۔ اس لباس کے باعث ان کی قومیت کے بارے میں مختلف قیاس آرائیاں شروع ہو گئیں۔ اب تک نیلم منیر نے اپنے شوہر کے بارے میں زیادہ معلومات فراہم نہیں کیں، لیکن کئی مداحوں کا ماننا ہے کہ ان کے شوہر کا تعلق منڈی بہاالدین، پنجاب، پاکستان سے ہے جبکہ یاسر شامی نے ان کے عربی ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ تاہم اب ندا یاسر نے بھی نیلم کے شوہر سے متعلق ایک بیان دیا ہے جو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے۔ ندا یاسر نے اپنے شو میں نیلم منیر کے شوہر کی قومیت کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ میں ہماری بہت خوبصورت اور مشہور اداکارہ نیلم منیر کو شادی کی مبارکباد دینا چاہتی ہوں۔ وہ میرے دل کے قریب ہیں کیونکہ انہوں نے میرے اور میرے شوہر کے ساتھ بہت کام کیا ہے۔ ندا نے مزید کہا، کئی لوگ ان کے شوہر کی قومیت کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں اور سمجھ رہے ہیں کہ وہ عربی ہیں، لیکن میرا خیال ہے کہ ان کا تعلق پنجاب، پاکستان سے ہے اور وہ دبئی میں مقیم ہیں۔ ہم ان کے لیے خوشگوار زندگی کی دعا کرتے ہیں۔

بھارتی بلے باز شبھمن گل کے ساتھ شادی، اداکارہ نے سب سچ بتا دیا

فلم سکندر کا مقدر میں جلوہ گر ہونے والی ردھیما نے افواہوں پر خاموشی توڑ کر ایسی بات کہی کہ سب حیران رہ گئے

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارت کے نوجوان بلے باز شبھمن گل کی سچن ٹنڈولکر کی بیٹی سارہ کے ساتھ تعلقات کے بعد اب ایک اور اداکارہ کے ساتھ ڈیٹنگ کی خبریں سامنے آئی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سچن ٹنڈولکر کی بیٹی سارہ کے ساتھ تعلقات کے بعد اب شبھمن گل کو ایک اداکارہ کے ساتھ جوڑا جا رہا ہے اور دعویٰ ہے کہ دونوں کے درمیان رومانوی تعلقات ہیں۔ اس بار بھارتی کرکٹر کے حوالے سے اطلاعات سامنے آئی کہ وہ اور اداکارہ ردھیما پنڈت ڈیٹنگ کر رہے ہیں جبکہ اس سے قبل یہ اطلاع بھی سامنے آئی تھی کہ دونوں دسمبر 2024 میں ایک دوسرے سے شادی کرنے والے ہیں۔ فلم سکندر کا مقدر میں جلوہ گر ہونے والی ردھیما نے میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے اس افواہ کے حوالے سے سب کچھ واضح کیا اور سچ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ ایک بار بھی شبھمن سے نہیں ملیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ دونوں کے درمیان کچھ بھی نہیں ہے اور نہ ہی معلوم ہے کہ چیزیں یہاں تک کیسے پہنچیں۔

ثنا خان کے دوسرے بیٹے کی پیدائش، طارق مسعود نام رکھنے کی تجویز سامنے آ گئی

ممبئی (شوبز ڈیسک) سابق بھارتی اداکارہ ثنا خان نے دوسرے بیٹے کی پیدائش کی خوشخبری مداحوں کے ساتھ شیئر کر دی۔ ثنا خان نے انسٹاگرام پر ایک اینیمیٹڈ ویڈیو شیئر کی جس میں انہوں نے بتایا کہ 5 جنوری 2025 (5 رجب 1446 ہجری) کو ان کے ہاں ایک ننھے شہزادے کی پیدائش ہوئی ہے۔ ویڈیو میں لکھا گیا کہ "اللہ ہمیں اس بچے کی اچھی پرورش کرنے کی توفیق دے تاکہ یہ اللہ کا تابع دار بندہ بنے۔" ثنا خان کے بڑے بیٹے کا نام طارق جمیل ہے، جس کی وجہ سے مداحوں نے چھوٹے بیٹے کے نام کے لیے دلچسپ تجاویز دیں۔ ایک مداح نے کمنٹ کیا، "اب چھوٹے کا نام طارق مسعود رکھ لیں۔" کسی نے کہا، "اس بچے کا نام مفتی مینک رکھ دیں۔" مداحوں کی جانب سے نیک تمنائیں اور مبارکباد کے ساتھ اس بچے کے نام کے اعلان کا بے صبری سے انتظار کیا جا رہا ہے۔ ثنا خان نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ "اللہ ہمیں ہر چیز صحیح وقت پر عطا کرتا ہے اور جب عطا کرتا ہے تو جھولیاں خوشیوں سے بھر دیتا ہے۔"

اداکارہ اروشی روٹیلا کی وجہ سے کس سیاستدان کی طلاق ہوسکتی ہے؟ بڑا انکشاف

ممبئی (شوبز ڈیسک) اروشی روٹیلا نے 2013 میں فلم سنگھ صاحب دی گریٹ سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور پھر بہت جلد اپنی خوبصورتی اور اداکاری کی بدولت فلم بینوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کروائی اور آج ان کا شمار بالی ووڈ کی نامور اداکاراں میں ہونے لگا ہے۔ اب اروشی روٹیلا کی فلم ڈاکو مہاراج کی ریلیز کے حوالے سے سوشل میڈیا پر بحث جاری ہے۔ اس فلم کے حوالے سے سب سے زیادہ بات کی جا رہی ہے اور مداحوں میں اس کی ریلیز کا بے صبری سے انتظار کیا جا رہا ہے۔ ایک حالیہ انٹرویو میں، ڈاکو مہاراج کے پروڈیوسر ناگا وامسی نے اداکار و سیاستدان نندا موری بالا کرشنا سے اداکارہ اروشی روٹیلا کے کام کے بارے میں سوال کیا تو نندا موری بالا کرشنا نے اپنے منفرد انداز میں جواب دیا۔ انہوں نے ہنستے ہوئے کہا، اگر میں نے اروشی روٹیلا کی تعریف میں کچھ کہا، تو میری بیوی مجھے طلاق دے دے گی۔ یہ جواب نہ صرف نندا موری بالا کرشنا کی مزاحیہ طبیعت کو ظاہر کرتا ہے بلکہ فلم کے حوالے سے ان کی ہنسی مذاق میں بھرپور شرکت بھی دکھاتا ہے۔ ڈاکو مہاراج ایک بھاری بجٹ کی فلم ہے جس کا مداحوں میں کافی جوش و خروش ہے اور اس کی ریلیز 12 جنوری 2025 کو سینما گھروں میں متوقع ہے۔ اس فلم کے بارے میں بڑھتی ہوئی دلچسپی اور اس کے کرداروں کی پرفارمنس کے حوالے سے باتیں ابھی سے شروع ہو چکی ہیں، جس سے اس کی ریلیز کا انتظار مزید دلچسپ ہوگیا ہے۔

اداکارہ شردھا کپور کا جیولری برانڈ تنازع کا شکار ہوگیا، ڈیزائن چوری کا الزام

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی خوبرو اداکارہ شردھا کپور کے جیولری برانڈ پر غیر ملکی برانڈ کے ڈیزائن چوری کرنے کا الزام عائد کر دیا گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق کترینہ کیف اور عالیہ بھٹ کی طرح شردھا نے بھی بزنس کی دنیا میں قدم رکھتے ہوئے ڈیمی فائن جیولری برانڈ کی بنیاد رکھی تھی، جس میں جیولری اسٹرلنگ سلور اور 18 قیراط سونے سے کوٹڈ اسٹین لیس اسٹیل سے تیار کی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ شردھا اس برانڈ میں بطور برانڈ ویژنری شامل ہیں، لیکن ان کے برانڈ کو انٹرنیٹ پر شدید تنقید کا سامنا ہے۔ سوشل میڈیا صارفین نے شردھا کے جیولری ڈیزائنز پر معروف لگژری برانڈز، جیسے کارٹیئر، کے ڈیزائنز کی نقل کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ ریڈٹ پر ایک تھریڈ میں صارفین نے شردھا کے برانڈ کی جیولری کی تصاویر شیئر کرتے ہوئے ان کا موازنہ فرانسیسی لگژری کمپنی کے اصل ڈیزائنز سے کیا اور کہا کہ شردھا کے برانڈ کے ڈیزائن اس معروف برانڈ سے چوری کیے گئے ہیں۔ ایک صارف نے تبصرہ کیا کہ مشہور شخصیات کے پاس اصل ڈیزائن تیار کرنے کے لیے بہتر وسائل ہوتے ہیں، پھر جعلی ڈیزائنز کیوں بیچ رہی ہیں؟ ایک اور نے شردھا کے والد شکتی کپور کے مشہور کردار کرائم ماسٹر گوگو کا حوالہ دیتے ہوئے کہا، کرائم ماسٹر گوگو کی بیٹی سے یہی توقع تھی۔

روہت شرما اور سابق منیجر کا کوہلی کے خلاف بڑا منصوبہ بے نقاب

ویرات کوہلی کی سابق منیجر بنٹی سجدہ نے روہت شرما کے حق میں ٹوئیٹس واسٹیٹس شیئر کروائے

سڈنی (اسپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا کے ہاتھوں ٹیسٹ سیریز میں شکست کے بعد روہت شرما کی پی آر ٹیم نے بھارتی کرکٹ ٹیم کے کپتان کے حق اور ویرات کوہلی کو نیچا دکھانے کیلئے مہم شروع کر دی گئی ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق آسٹریلیا سے پانچ ٹیسٹ میچز کی سیریز میں 3-1 سے شکست کے بعد مشہور شخصیات نے ایک دم سے روہت شرما سے اظہار یکجہتی کیا اور انہیں بھارت کا زبردست کپتان قرار دیا۔ رپورٹ کے مطابق روہت شرما کے حق میں مہم ویرات کوہلی کی سابق منیجر بنٹی سجدہ نے چلائی اور متعدد اہم شوبز و دیگر شخصیات سے روہت کے حق میں ٹوئیٹس واسٹیٹس شیئر کروائے۔ کچھ لوگوں کا ماننا ہے کہ اس مہم کا بڑا مقصد کوہلی کو نیچا دکھانا بھی تھا۔ بالی ووڈ کی شخصیات نے شرما کے حق میں ٹوئیٹس کیں اور انہیں بے لوث قرار دیا۔ ویرات کے پرستاروں کا کہنا ہے کہ روہت اور کوہلی کی سابق منیجر نے شہرت کو نقصان پہنچانے کے منصوبے پر کام شروع کیا اور اب یہ بے نقاب ہو گیا ہے۔ ٹویٹ کرنے والی تقریباً تمام مشہور شخصیات کسی نہ کسی طرح دھرم سے وابستہ ہیں اور بالواسطہ طور پر دکھا رہی ہیں کہ کس طرح خراب فارم میں رہنے والے روہت نے خود کو ڈراپ کیا، لیکن اسی سفر سے گزرنے والے کوہلی نے ایس سی جی ٹیسٹ میچ کھیلنا جاری رکھا۔

آپ مجھ سمیت خواتین کا کرش ہیں، بھارتی میزبان کی پیٹ کمنز سے گفتگو

مجھے اس حوالے سے کچھ نہیں پتہ، میں تو صرف اپنا کام کرتا ہوں، آسٹریلوی کپتان کا جواب

سڈنی (اسپورٹس ڈیسک) آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز اور براڈ کاسٹر کی دلچسپ گفتگو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ اسٹار اسپورٹس کے پروگرام ڈیٹ ود سپر اسٹار میں خاتون میزبان صاحبہ بالی نے پیٹ کمنز سے سوال کیا کہ بھارت میں آپ کی بہت بڑی فین فالوونگ ہے، خاص طور پر بہت سی خواتین کو آپ پر کرش ہے یہاں تک کہ میں اور میری بیسٹ فرینڈ بھی ان میں شامل ہیں۔ صاحبہ بالی نے بات جاری رکھتے ہوئے کہا 'میری بیسٹ فرینڈ نے مجھے میسج کر کے کہا کہ تم پیٹ کمنز سے ملاقات کرنے والی ہو، تم کس قدر خوش قسمت ہو، مجھے تم سے جلن محسوس ہو رہی ہے، ظاہر ہے سب کو علم ہے کہ آپ شادی شدہ ہیں لیکن پھر بھی آپ خواتین سے ملنے والی توجہ کو کیسے ہینڈل کرتے ہیں؟' جواب میں آسٹریلوی کپتان نے کہا 'مجھے اس حوالے سے کچھ نہیں پتہ، میں حیران ہوں کہ میں تو صرف اپنا کام کرتا ہوں'۔ خاتون نے دوبارہ پوچھا کہ 'کیا آپ کو اس بارے میں علم تھا؟'، جواب میں کرکٹر نے کہا 'جی مجھے معلوم ہے کہ بھارت میں میرے بہت مداح ہیں، ہوٹل میں ٹیم کے ساتھ ہونے کے سبب میری مداحوں سے زیادہ بات چیت نہیں ہو پاتی'۔ حال ہی میں پیٹ کمنز کی زیر قیادت آسٹریلوی ٹیم نے بھارت کو بارڈر گواسکر ٹرافی میں 3-1 سے شکست دی تھی، پیٹ کمنز نے تین میچوں میں 17.64 کی شاندار اوسط سے 17 وکٹیں حاصل کیں۔ اس سیریز میں آسٹریلیا کی کامیابی کا سہرا پیٹ کمنز کی ذہین کپتانی اور شاندار مستقل مزاجی کے سر ہے، یاد رہے کہ دو سال پہلے کمنز کی کپتانی ہی میں آسٹریلیا نے انڈیا میں کھیلا جانے والا ون ڈے ورلڈ کپ جیتا تھا۔

سابق پاکستانی کپتان یونس خان افغانستان کرکٹ ٹیم کے مینٹور مقرر

کابل (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان کے سابق کپتان یونس خان کو افغانستان کرکٹ ٹیم کا مینٹور مقرر کر دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق یونس خان چیمپئنز ٹرافی میں افغان ٹیم کے ساتھ بطور مینٹور کام کریں گے۔ اس حوالے سے افغان کرکٹ بورڈ نے بتایا کہ یونس خان کو چیمپئنز ٹرافی کے لیے مینٹور کی ذمہ داری دی ہے، وہ چیمپئنز ٹرافی کے آغاز سے قبل افغانستان کی ٹیم کو جوائن کریں گے۔ واضح رہے کہ یونس خان اس سے پہلے 2022 میں افغانستان ٹیم کے بیٹنگ کوچ رہ چکے ہیں۔

نیوزی لینڈ کے فیلڈر نے 100 سالہ تاریخ کا شاندار کیچ کر کے سب کو حیران کر دیا

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) نیوزی لینڈ نے سری لنکا کے خلاف دوسرے ون ڈے میں فتح حاصل کر کے تین میچوں کی سیریز اپنے نام کر لی۔ سری لنکا کی دعوت پر نیوزی لینڈ نے پہلے بیٹنگ کی اور سری لنکا کو جیت کیلیے 256 رنز کا ہدف دیا۔ نیوزی لینڈ نے راچن رویندرا اور مارک چیپ مین نے شاندار بلے بازی کی۔ بارش کی وجہ سے میچ کو 37 اوورز تک محدود کیا گیا۔ کیوی فیلڈر نیتھن اسمتھ ڈیپ فیلڈ میں کھڑے تھے اس دوران سری لنکا کے کھلاڑی نے اڑتا ہوا شارٹ مارا تو نیتھن نے بھاگ کر ڈائیو ماری اور شاندار کیچ پکڑا۔ نیتھن کے کیچ پر کمنٹیٹر، گراؤنڈ میں بیٹھے شائقین اور سوشل میڈیا صارفین حیران رہ گئے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ کرکٹ کی 100 سالہ تاریخ کا کیچ بہت آسانی اور مہارت کے ساتھ نیتھن نے پکڑا ہے۔ اس میچ میں نیوزی لینڈ نے سری لنکا کو 113 رنز سے شکست دے کر سیریز اپنے نام کرلی۔

چیمپئنز ٹرافی، فخر زمان کی قومی ٹیم میں 100 فیصد واپسی

آپ مجھے پاکستان کی آئندہ وائٹ بال سیریز میں دیکھیں گے، قومی کرکٹر کا اعلان



کراچی (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز بیٹسمین فخر زمان نے چیمپئنز ٹرافی 2025 میں بھرپور کم بیک کی تیاری شروع کر دی اور وہ ہوم گراؤنڈ پر واپسی کے لیے پر امید ہیں۔ پاکستانی بلے باز فخر زمان نے وائپر وائسز پوڈ کاسٹ کو انٹرویو میں بتایا کہ وہ چیمپئنز ٹرافی 2025 میں کھیلنے کیلئے 100 فیصد پر امید ہیں اور پوری محنت سے ٹورنامنٹ کی تیاری کر رہے ہیں۔ فخر زمان نے کہا کہ فی الحال انکا پورا فوکس چیمپئنز ٹرافی پر ہے، اسی لیے وہ آسٹریلیا اور جنوبی افریقا میں نہیں کھیلے، انکی توجہ صرف چیمپئنز ٹرافی کیلئے خود کو دستیاب بنانے اور ٹورنامنٹ کے لیے مکمل فٹ ہونے پر ہے۔ فخر زمان نے کہا کہ وہ T20 ورلڈ کپ کے بعد بیماری اور فٹنس مسائل کے سبب ٹیم کا حصہ نہیں تھے لیکن اب وہ 100 فیصد ٹھیک ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے سلیکٹرز، ہیڈ کوچ سے بات کی اور ہر کوئی چاہتا تھا کہ میں چیمپئنز ٹرافی میں کھیلوں، آپ مجھے پاکستان کی آئندہ وائٹ بال سیریز میں دیکھیں گے۔ واضح رہے کہ فخر زمان نے جون 2024 میں ٹی 20 ورلڈ کپ کے بعد سے بین الاقوامی کرکٹ نہیں کھیلی انہوں نے اپنا آخری ون ڈے 2023 کے ورلڈ کپ میں کھیلا تھا۔ فخر زمان نے چیمپئنز ٹرافی 2017 کے فائنل میں بھارت کے خلاف 114 رنز کی شاندار اننگز کھیل کر پاکستان کو ٹائٹل جتوانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ فخر زمان نے 22 سالہ اوپنر صائم ایوب کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ صائم ایوب نے اپنے ون ڈے کیریئر کا شاندار آغاز کیا ہے، نو اننگز میں تین سنچریاں اور ایک ففٹی، جس میں آسٹریلیا اور جنوبی افریقا میں سنچریاں شامل ہیں۔ امید ہے کہ وہ جلد صحت یاب ہو جائیں گے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بنچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کی، بنچ میں جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس علی مظہر، جسٹس سید حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس شاہد بلال حسن شامل ہیں، وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث نے دلائل دیئے۔سماعت کے آغاز پر جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ ملٹری کورٹس میں ٹرائل کے طریقہ کار پر مطمئن کریں۔جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ جو آفیسر ٹرائل چلاتا ہے کورٹ میں وہ خود فیصلہ نہیں سناتا، ٹرائل چلانے والا افسر دوسرے بڑے افسر کو کیس بھیجتا ہے وہ فیصلہ سناتا ہے، جس آفیسر نے ٹرائل سنا ہی نہیں وہ کیسے فیصلہ دیتا ہوگا۔جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ مجھے 34 سال اس شعبہ میں ہوگئے مگر پھر بھی خود کو مکمل نہیں سمجھتا، اس آرمی افسر کو اتنا تجربہ اور عبور ہوتا ہے کہ سزائے موت تک سنادی جاتی ہے۔وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ ملٹری ٹرائل کے طریقہ کار کو دلائل کے دوسرے حصے میں مکمل بیان کروں گا۔جسٹس نعیم اختر افغان نے استفسار کیا کہ ملٹری کورٹس میں کیسے ٹرائل کیا جارہا ہے اس کے مراحل کیا ہیں سب بتائیں، سب سمجھ رہے ہیں سویلین عدالتوں کی طرح ملٹری کورٹس ٹرائل نہیں ہوتا، ملٹری کورٹس کے ٹرائل کی کوئی مثال دیں۔جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ آرمی ایکٹ اور باقی قانون میں فرق ہوتا ہے، آئین کے مطابق یہ تمام بنیادی حقوق کو تحفظ فراہم کرتا ہے، قانون میں معقول وضاحت دی گئی ہے۔جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ کورٹ مارشل کا طریقہ کار دیا ہوا ہے، جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ فیلڈ مارشل میں ڈیفنس وکیل ہوتا ہے وہاں جج نہیں ہوتے۔وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ آرمی ایکٹ سپیشل قانون ہے اور سپیشل قوانین کے شواہد اور ٹرائل کا طریقہ کار مختلف ہوتا ہے۔جسٹس نعیم افغان نے کہا کہ عام تاثر ہے کہ فوجی عدالت میں ٹرائل صرف سزا دینے کی حد تک ہوتا ہے، مناسب ہوتا کہ آپ آگاہ کر دیتے کہ فوجی عدالتوں میں ٹرائل کن مراحل سے گزرتا ہے، بلوچستان ہائی کورٹ میں کورٹ مارشل کے خلاف مقدمات سنتا رہا ہوں، کورٹ مارشل میں مرضی کا وکیل کرنے کی سہولت بھی ہوتی ہے، فوجی عدالتوں کا ٹرائل بھی عام عدالت جیسا ہی ہوتا ہے۔جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ فوجی عدالت میں بطور وکیل صفائی پیش ہوتا رہا ہوں، ملزم کیلئے وکیل کیساتھ ایک افسر بطور دوست بھی مقرر کیا جاتا ہے، ٹرائل میں وکلاء کے دلائل بھی شامل ہوتے اور گواہان پر جرح بھی ہوتی ہے، فرق صرف اتنا ہے کہ فوجی عدالت میں جج افسر بیٹھے ہوتے ہیں۔جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ معاملہ بنیادی حقوق اور آرٹیکل 10 اے کے تناظر میں دیکھا جاتا ہے، آرمی ایکٹ کا اطلاق صرف فوج پر ہوتا ہے، فوجی افسران کو بنیادی حقوق اور انصاف ملتے ہیں یا نہیں ہم سب کو مدنظر رکھیں گے۔وکیل وزارت دفاع کا کہنا تھا کہ فیصلہ لکھنے کیلئے جیک برانچ کی معاونت حاصل ہوتی ہے۔جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ خواجہ صاحب آپ نے کوئی مثال دی تھی کہ امریکا میں بھی فوجی ٹرائل ہوئے، اگر کسی اور ملک میں ایسا ٹرائل ہوتا ہے تو جج کون ہوتا ہے؟ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ پوری دنیا میں کورٹ مارشل میں آفیسر ہی بیٹھتے ہیں، جس پر خواجہ حارث نے کہا کہ کورٹ مارشل میں بیٹھنے والے افسران کو ٹرائل کا تجربہ حاصل ہوتا ہے۔جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ جج صاحبہ پوچھ رہی ہیں کیا ان افسران کی قانونی قابلیت بھی ہوتی ہے؟ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ اگر اجازت ہو تو میں خود سوال پوچھ لوں؟ ایک آرمی چیف کے طیارے کو ایئرپورٹ کی لائٹس بجھا کر کہا گیا ملک چھوڑ دو، اس واقعے میں تمام مسافروں کو خطرے میں ڈالا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 2

عزم ہے۔پاکستان کی نوجوان آبادی کو تعلیم اور ڈیجیٹل اقدامات کے ذریعے اقتصادی تبدیلی کیلئے بااختیار بنایا جائے گا، 'اڑان پاکستان' کے تحت سی پیک منصوبہ پاکستان کی ترقی کا مرکزی ستون قرار دیا گیا ہے۔"5 ای" فریم ورک کے تحت برآمدات، ای پاکستان، موسمیاتی تبدیلی، توانائی و انفراسٹرکچر اور مساوات پر توجہ مرکوز ہے، فری لانسنگ اور اے آئی کی ترقی کے ذریعے پاکستان کو "عالمی ٹیکنو اکنامک" مرکز بنانے کیلئے بھرپور کاوشیں جاری ہیں۔50 فیصد گرین ہاؤس گیسوں کی کمی، قابل کاشت اراضی میں اضافہ اور پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں بہتری لانے کا عزم کیا گیا، 'اڑان پاکستان' منصوبے کی کامیابی کیلئے نیشنل اکنامک ٹرانسفارمیشن یونٹ کا قیام، موثر عملدرآمد اور احتساب کو یقینی بنانے کیلئے لائحہ عمل تیار کیا گیا ہے۔ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری اور حکومتی اقدامات کی بدولت ملک معاشی ترقی کی جانب گامزن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

امور اور ملک کی مجموعی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں خیبر پختون خواخصوصاً کرم میں قیام امن کے لیے اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی۔محسن نقوی اور مولانا فضل الرحمن نے امدادی اشیاء کے قافلوں کی پاراچنار آمد پر اظہار اطمینان کیا۔محسن نقوی نے کہا کہ کرم میں قیام امن کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا ہے، بعض عناصر نے جان بوجھ کر کرم ایشو کو غلط رنگ دیا، صورت حال کی بہتری کے لیے گرینڈ جرگے کی مخلصانہ کوششوں کو سراہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن سے دیرینہ نیازمندی ہے، پاکستان کی سیاست میں ان کا مثبت کردار قابل تعریف ہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

مظاہرین کی درخواستوں پر سماعت کی۔دالت نے پاکستان تحریک انصاف کے 153 کارکنان کی ضمانتیں منظور جبکہ 24 کارکنان کی درخواستیں مسترد کر دیں۔عدالت کی جانب سے تھانہ کراچی کمپنی کے 48 ملزمان میں سے 43 کی درخواستِ ضمانت منظور جبکہ 5 کی مسترد کردی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 5

کے جاری نوٹی فکیشن میں شاہد خاقان عباسی پارٹی کنوینئر جبکہ مفتاح اسمٰعیل سیکرٹری جنرل ہوں گے۔رپورٹ کے مطابق الیکشن کمیشن نے عوام پاکستان کے انٹراپارٹی الیکشنز بھی تسلیم کرلیے ہیں، عوام پاکستان نے 26 جون کو انٹرا پارٹی الیکشنز کی تفصیلات جمع کرائیں تھیں۔خیال رہے کہ عوام پاکستان پارٹی کے بعد الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تعداد 168 ہوگئی ہے۔واضح رہے کہ یکم فروری 2023 کو شاہد خاقان عباسی نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر کے عہدے سے مستعفی ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا تھا کہ مریم نواز کو اوپن فیلڈ ملنی چاہیے۔شاہد خاقان عباسی نے کہا تھا کہ میں نے سینئر نائب صدر کے عہدے سے استعفٰی جب مریم نواز چیف آرگنائزر بنی تو پارٹی کے صدر شہباز شریف کو دے دیا تھا۔سابق وزیراعظم نے کہا تھا کہ میں پارٹی کا عہدہ دوبارہ قبول نہیں کروں گا، پارٹی نے بے پناہ عزت دی ہے، لاہور سے انتخاب کے لیے میاں صاحب نے خاص طور پر اس کا بندوبست کیا۔انہوں نے کہا تھا کہ مسلم لیگ (ن) میرا گھر ہے، 35 سال سے اس جماعت میں ہوں، اس جماعت نے مجھے ملک کی اولین پوزیشن پر پہنچایا اور اگلا الیکشن مسلم لیگ (ن) کے ٹکٹ پر لڑوں گا۔

بقیہ بقیہ جات 6

جائیں گے۔علیمہ خان کا کہنا تھا کہ ہمیں آج اندر جانے سے روکا گیا، ہم پیدل چل کر اندر والے گیٹ پر گئے۔پہلے پوری فیملی کو اجازت ہوتی تھی۔انہوں نے بانی پی ٹی آئی تک رسائی محدود کر رکھی ہے۔یہ ٹارچر ہے، ذاتی معالج کو بھی نہیں ملنے دیا جارہا۔ بانی پی ٹی آئی چیزیں مانگتے ہیں تو یہ لوگ تنگ کرتے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ ہم اسلام آباد ہائی کورٹ گئے، سپریم کورٹ بھی گئے، کوئی ہماری بات سننے کو تیار نہیں ہے۔اب ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں بچا، ہم اپنے کیسز کو بین الاقوامی سطح پر لے کر جائیں گے۔پاکستان اقوام متحدہ کا سگنیٹری ہے، ہم تمام انٹرنیشنل اداروں کے پاس جائیں گے۔بانی پی ٹی آئی کی بہن نے گفتگو کرتے ہوئے مزید بتایا کہ رانا ثنا کی پریس کانفرنس سن کر عمران خان مسکرائے، انہیں بڑا مزہ آیا۔ہم بانی پی ٹی آئی کا پورا پیغام قوم تک پہنچا رہے ہیں۔ ہماری کوشش ہوتی ہے بانی پی ٹی آئی کی کوئی بات مس نہ ہو۔ یہ بہت بڑی ذمے داری ہے، اسے پورا کریں گے۔اب یہ چیزیں ہم کو نہیں روک سکتیں۔علیمہ خان کا کہنا تھا کہ 2 ماہ پہلے پیغام آیا تھا کہ آپ کے اوپر اے آئی جنریٹڈ ویڈیو نکال دیں گے۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ آپ اکیلے ہیں، میں نے کہا ہمارے پاس پورا پاکستان، سارا سوشل میڈیا اور تمام پاکستانی بھائی سب موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ سمجھتے ہیں ہم سیاست میں آچکے ہیں۔میں ایک بار پھر واضح کردوں کہ ہم سیاست میں نہیں ہیں۔ہم بانی پی ٹی آئی کی رہائی تک سب آپ کے سامنے ہیں۔ بانی پی ٹی آئی کے پاس کوئی عہدہ نہیں ہے، وہ اپنی پارٹی جیل سے چلا رہے ہیں۔بانی پی ٹی آئی پاکستان کے لوگوں کی زبان ہیں۔ وہ پاکستان کے لوگوں کی سوچ ہے۔صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ ہر چیز کا فیصلہ اڈیالہ جیل سے ہی ہوگا اور ابھی بھی ہو رہا ہے۔جب تک بانی پی ٹی آئی باہر نہیں آتے ہیں ہم آپ کے سامنے ہیں۔ہمیں جو دھمکیاں دی جارہی ہیں، اللہ تعالیٰ ہمارا خیال کرنے والا ہے۔ ہم سیاست میں نہیں لیکن گھر سے نکل کر سیکھا بہت کچھ ہے۔ ہم وعدہ کرتے ہیں کہ بانی پی ٹی آئی کی حفاظت بھی کریں گے اور ہر چیز جوان کے ساتھ کی گئی سامنے لائیں گے۔جو غلطیاں اور غداریاں ہوتی ہیں، اس کے اوپر بھی نظر رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 7

پاسپورٹ دفاتر کھولنے کا حتمی فیصلہ کرلیا گیا، تینوں پاسپورٹ دفاتر کو 24 گھنٹے کھولنے کے احکامات جاری کئے گئے ہیں۔شہر میں مجموعی طور پر 4 دفاتر میں 24 گھنٹے پاسپورٹ اجراء کی سہولت میسر ہو گی، شملہ پہاڑی، سانده اور پیکو روڈ کوٹ لکھپت پر پاسپورٹ دفتر کھولے جائیں گے، پاسپورٹ دفاتر کو کھولنے کے لئے نادرا سینٹرز میں علیحدہ کاؤنٹر قائم ہوں گے۔نادرا سینٹرز میں قائم ہونے والے پاسپورٹ دفاتر پر علیحدہ عملہ تعینات کیا جائے گا، وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایت کی روشنی میں تینوں دفاتر کو کھولا جارہا ہے۔آئندہ ہفتے تینوں پاسپورٹ دفاتر کو آپریشنل کر دیا جائے گا، سائلین پورا ہفتہ کسی بھی وقت دفاتر کا وزٹ کر کے پاسپورٹ بنواسکیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 8

کہ گزشتہ 3 سال کے دوران بڑے چیلنجز کا سامنا کرنے کے لیے مل کر کام کیا۔امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے اپنے الوداعی پیغام میں کہا ہے کہ اپنے بطور سفیر تعیناتی کے دوران پاکستانی دوستوں کے ساتھ کام کیا اور شراکت داری کے نئے باب میں داخل ہوئے۔امریکی سفیر نے کہا کہ چیلنجز میں کورونا، 2022ء کا تباہ کن سیلاب اور لاکھوں افراد کی بحالی میں مدد کی فراہمی شامل ہے۔ڈونلڈ بلوم نے کہا کہ ہم نے روزگار کے مواقع پیدا کیے جس سے لوگوں کا معیار زندگی بہتر ہوا۔انہوں نے کہا کہ چائے پر گپ شپ اور قوالی کے فن کے مظاہروں سے کرکٹ کھیلنے تک، سب پُر لطف اور فخریہ تجربات تھے۔ڈونلڈ بلوم نے کہا کہ امریکی سفیر مجھے پاکستان کے ہر کونے سے مہمان نوازی ملی، میں نے لاہور میں مشاہدہ کیا کہ کیسے اس تاریخی شہر میں ثقافت اور روایت رچ بس گئی ہے جبکہ میں نے پنجاب کے زرخیز زمینداروں میں کسانوں کے ساتھ چہل قدمی کی ہے۔امریکی سفیر نے کہا کہ ہم امریکا کی بہترین ٹیکنالوجی سے پاکستان کے توانائی، آبی ذخائر اور زراعت کے شعبوں میں جدت لائے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ذہین ترین افراد سے ملاقات کی جن کے عزم اور تخلیقی صلاحیت مجھے مسلسل متاثر کرتے ہیں۔ڈونلڈ بلوم نے مزید کہا کہ پاکستان میں میری تعیناتی کا وقت ختم ہونے والا تھا تو میں روشنیوں کے شہر کراچی آنا چاہتا تھا، کراچی انٹرپرینیور، کاروباری رہنماؤں کا شہر ہے جو اس ملک کے معاشی مستقبل کو چلا رہے ہیں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان قرض اور انحصاری سے آزادی کی طرف کام کر رہا ہے، ہم نے بھی تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کو اپنی اولین ترجیح بنالیا ہے اور ہم مل کر ایک پرامید اور خوش حال مستقبل تشکیل دے سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 9

قبرص اور نائجیریا سے بھی پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا۔امیگریشن ذرائع کے مطابق 14 پاکستانی پاسپورٹس اور 244 ایمرجنسی دستاویزات پر بے دخل کئے گئے، ڈی پورٹیز میں سے ایک شخص کی شہریت مشکوک ہے جبکہ 16 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق بغیر پرمٹ حج پر پکڑے گئے 2 افراد کو سزا پوری ہونے پر وطن واپس بھیجا گیا۔اسی طرح عمرے پر گئے 4 پاکستانیوں کو زائد المیاد قیام پر سزا دے کر وطن واپس بھیجا گیا۔امیگریشن ذرائع کے مطابق 27 پاکستانی کفیل کے بغیر ملازمت کرتے پکڑے گئے جبکہ سعودیہ میں 16 افراد ویزے کی مدت ختم ہونے کے بعد قیام پزیر تھے۔112 پاکستانیوں کو کفیلوں کی شکایت پر گرفتار کرکے پاکستان بھیجا گیا۔ذرائع کا کہنا ہے کہ یو اے ای سے 21 پاکستانی ڈی پورٹ اور 4 منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث تھے۔یو اے ای اور نائجیریا سے ڈی پورٹ 16 افراد کے نام امیگریشن اسٹاپ لسٹ میں شامل کیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 10

کان بیٹھ جانے سے 12 کان کن پھنس گئے، کان میں دھماکہ گزشتہ رات پیش آیا۔انہوں نے بتایا کہ کوئلہ کان میں پھنسے کانکنوں کو نکالنے کے لیے ریسکیو آپریشن سے جاری ہے، اندھیرے کے باعث ریسکیو آپریشن میں مشکلات کا سامنا رہا، کانکنوں کو نکالنے کے لیے راستہ بنا لیا گیا ہے، ریسکیو ٹیمیں کانکنوں تک پہنچنے کے لیے مصروف عمل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

شوکت یوسفزئی نے کہا کہ شیر افضل مروت اور سلمان اکرم راجا کی میڈیا پر لڑائی دیکھ کر افسوس ہوا، سینئر پارٹی قیادت پارٹی کے اندر ڈسپلن قائم کرے۔حکومت کے ساتھ مذاکرات کے حوالے سے شوکت یوسفزئی نے کہا کہ حکومت اور پی ٹی آئی مذاکرات کا تیسرا دور شاید آخری ہو کیونکہ حکومت سنجیدہ نہیں ہے۔ان کا کہنا تھا حکومت اب بیک فٹ پر جارہی ہے، بانی پی ٹی آئی پہلے ہی کہہ چکے کہ حکومت کے پاس اختیارات نہیں ہے، اختیار ہے تو بانی پی ٹی آئی سے مذاکراتی کمیٹی کی ملاقات کیوں نہیں کرائی جاتی۔انہوں نے مزید کہا اچھا ہوا کہ پی ٹی آئی نے مذاکرات کر کے حکومت کو بے نقاب کر دیا، حکومت مذاکرات سے خوفزدہ لگ رہی ہے، اسٹیبلشمنٹ کو اب سمجھ آجانی چاہیے کہ ن لیگ اور پیپلز پارٹی ملک پر بوجھ ہیں۔شوکت یوسفزئی کا کہنا تھا یہ اڑان پاکستان کی باتیں کر رہے ہیں لیکن پیسے کہاں ہیں، دو سال میں 27 ہزار ارب روپے قرضہ لیا گیا، کیا اڑان پاکستان قرضوں سے چلے گا، وفاقی حکومت بتائے کہ 27 ہزار ارب روپے کہاں خرچ ہوئے، قوم کو حساب دے، ایک روپے کا ریلیف بھی عوام کو نہیں مل سکا۔پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا پنجاب میں ترقی کا جھوٹا دعویٰ کیا جارہا ہے، لیپ ٹاپ تقسیم کرنے سے عوام کے دل نہیں جیتے جاتے۔

بقیہ بقیہ جات 12

شجرکاری کی ہدایات جاری کی گئی تھیں۔عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ملتان شہر کی ہریالی میں اضافے کے لیے جامع فریم ورک تشکیل دیا جائے، ملتان کو موٹروے ایم تھری کے ساتھ ایک گرین سٹی میں تبدیل کریں، تمام متعلقہ محکموں میں ترجمان مقرر کیے جائیں اور سٹیک ہولڈرز سے تجاویز لی جائیں، متعلقہ محکموں سے ماہانہ بنیادوں پر کارکردگی رپورٹس کے حصول اور جائزے کے لیے نظام تشکیل دیا جائے۔جسٹس جواد حسن نے فیصلے میں لکھا کہ تمام متعلقہ حکام ہر ماہ ماہانہ کارکردگی رپورٹس عدالت میں جمع کروائیں، رپورٹس ملتان میں ایئر کوالٹی کی بہتری، شجرکاری اور شہر کے لیے ماحولیاتی حکمت عملی کے بارے میں ہوں گی، بگڑتی ماحولیاتی صورتحال اور ایئر کوالٹی کے حل کے لیے طویل مدتی پالیسی لانا ہوگی۔تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ عدالت شجرکاری، ماحولیاتی قواعد وضوابط کی پابندی کے حوالے سے لیے گئے اقدامات کی تعریف کرتی ہے، ملتان میں بڑھتے ماحولیاتی مسائل سے نمٹنے کے لیے کی گئی کوششیں ناکافی ہیں۔فیصلہ میں کہا گیا کہ ڈی جی پی ایچ اے ملتان کے مطابق انہوں نے 2024 کے دوران اپنے متعلقہ علاقے میں 14 ہزار 825 درخت لگائے، ڈی جی پی ایچ اے ڈی جی خان کے مطابق انہوں نے 2024 میں 28 ہزار 471 درخت لگائے، ڈی جی پی ایچ اے بہاولپور کے مطابق انہوں نے اپنے علاقے میں 27 ہزار 100 درخت لگائے۔عدالت نے قرار دیا کہ تینوں پی ایچ ایز کی جانب سیماحولیات کے حوالے سے آگاہی کمپین سمیت دیگر سرگرمیاں کی گئیں، نجی ہاؤسنگ سکیمز میں ملتان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے 10 ہزار 560 درخت لگائے گئے، کوہ سلیمان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے گزشتہ سال 81 ہزار 906 درخت اور 2 ہزار جھاڑیاں لگائی گئیں۔تحریری فیصلے میں عدالت نے کیس کو ہر ماہ کے پہلے منگل کو سماعت کے لیے مقرر کرنے کی ہدایت کردی۔

بقیہ بقیہ جات 13

امکانات ہوسکتے ہیں، سکیورٹی اور صحت کے سبب خاص انتظام کی بات ہوسکتی ہے، جیل کے اندر ہی ٹرائل کا فیصلہ بھی بانی پی ٹی آئی کی سکیورٹی کے سبب کیا گیا تھا۔نجی ٹی وی سے بات کرتے ہوئے رانا ثنا نے کہا کہ اگر عمران خان کو روزانہ کی بنیاد پر انسداد دہشتگردی کی عدالتوں، ڈسٹرکٹ کورٹس یا ہائیکورٹ میں لایا جائے تو یہ سکیورٹی کے حوالے سے بڑا مسئلہ ہوگا، اس لیے جیل ٹرائل کا فیصلہ کیا گیا اور اسے کسی نے چیلنج بھی نہیں کیا۔

بقیہ بقیہ جات 14

نے ڈسٹرکٹ سیشن کورٹس کی آفیشل ویب سائٹ کا افتتاح کردیا۔اس موقع پر چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق کو ویب سائٹ کے فیچرز سے متعلق بریفنگ میں بتایا گیا کہ ویب سائٹ میں کیسز اور ججمنٹس کی تلاش کے لیے خصوصی فیچرز ہیں۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ ڈسٹرکٹ کورٹس کے تمام عبوری حکم نامے بھی ایک کلک پر دستیاب ہوں گے، کیسز کی تلاش ایف آئی آر نمبر کے اندراج سے بھی ممکن ہوگی۔علاوہ ازیں اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے ڈسٹرکٹ کورٹس کمپلیکس میں سینٹرل لائبریری کا افتتاح بھی کیا۔چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے ڈسٹرکٹ بار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میری کوشش رہی ہے کہ آپ جو بھی مسئلہ لے کر آئیں اس کو حل کروں۔انہوں نے کہا کہ جتنا ہوسکا مسائل حل کروں گا، ڈسٹرکٹ جوڈیشری کی ویب سائٹ لانچ کر دی گئی ہے جس کا سائلین کو فائدہ ہوگا، اس ویب سائٹ سے اوورسیز درخواست گزاروں کو ریلیف ملے گا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کی ویب سائٹ دستیاب تھی مگر ڈسٹرکٹ کورٹس کی نہیں تھی، ایک سال میں اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ جوڈیشری نے 1 لاکھ 19 ہزار کیسز نمٹائے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہم نے ڈسٹرکٹ جوڈیشری سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے لیے نامزدگیاں کی ہیں، ڈسٹرکٹ جوڈیشری میں جلد تعیناتیاں ہوں گی اور جلد اچھی خبر ملے گی۔

بقیہ بقیہ جات 15

افغانستان واپس بھیجنے سے روک دیا۔افغان موسیقاروں کی پاکستان میں پناہ اور زبردستی ملک بدری کے خلاف دائر درخواست پر عدالت نے گزشتہ ساعت کا دو صفحات پر مشتمل مختصر فیصلہ جاری کردیا۔عدالت نے اپنے فیصلے میں افغان موسیقاروں کو زبردستی افغان واپس بھیجنے سے روک دیا اور کہا کہ وفاقی حکومت خود یا متعلقہ افسران افغان موسیقاروں کی پناہ کی درخواستوں پر دو ماہ میں فیصلہ کریں، دو ماہ تک افغان موسیقاروں کو زبردستی واپس نہ بھیجا جائے۔عدالت نے کہا کہ افغان موسیقار پناہ کے لیے یو این ایچ سی آر میں بھی اپلائی کرسکتے ہیں، دو ماہ میں فیصلہ نہ ہونے کی صورت وزارت داخلہ درخواست افغان موسیقاروں کو مزید رہنے کی اجازت دیں۔عدالت نے کہا کہ حکومت جب تک ان کی کیسز پر فیصلہ نہیں کرتی وفاقی، صوبائی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے موسیقاروں کوئی سخت ایکشن نہ لیں، موسیقاروں کی درخواستیں نمٹائی جاتی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 16

پیداوار شروع کرنے کا اعلان کردیا ہے۔اس ضمن میں پاکستان پیٹرولیم کی جانب سے کوٹری سے گیس پیداوار شروع کرنے کی اطلاع پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو ارسال کردہ خط میں دی گئی ہے۔خط کے مطابق کوٹری نارتھ بلاک ون سے گیس کی یومیہ پیداوار 5.3 ملین میٹرک کیوبک فٹ ہے۔خط میں بتایا گیا ہے کہ کنوئیں سیومیہ گیس کا حصول 950 پاؤنڈ فی مربع انچ کے ساتھ ہو رہا ہے۔خط کے مطابق کوٹری سے گیس پیداوار میں پاکستان پیٹرولیم، یونائیٹڈ انرجی پاکستان لمیٹڈ اور ایشیاء ریسورسز آئل لمیٹڈ کے مشترکہ شیئرز ہیں۔خط میں بتایا گیا ہے کہ کوٹری میں نکری ون کنوئیں سے ملنے والی گیس کو علی آباد پراسیسنگ پلانٹ سے سوئی سدرن سسٹم میں شامل کیا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

کے دوران مجموعی طور پر 17.8 ارب ڈالر آئے جو مالی سال 24ء کی پہلی ششماہی کے موصول شدہ 13.4 ارب ڈالر کے مقابلے میں 32.8 فیصد اضافہ ہے۔نمو کے لحاظ سے ترسیلات زر دسمبر 2024ء سال بسال 29.3 فیصد اور ماہ بہ ماہ 5.6 فیصد بڑھ گئیں۔دسمبر 2024ء کے دوران ترسیلات زر زیادہ تر سعودی عرب (770.6 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (631.5 ملین ڈالر)، برطانیہ (456.9 ملین ڈالر) اور ریاست ہائے متحدہ امریکا (284.3 ملین ڈالر) سے آئیں۔سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں نے دسمبر 2024 میں سب سے زیادہ 770.6 ملین ڈالر بھیجے۔ماہانہ بنیادوں پر یہ رقم 6 فیصد زیادہ تھی لیکن گزشتہ سال کے اسی مہینے میں تارکین وطن کی جانب سے بھیجے گئے 577.6 ملین ڈالر کے مقابلے میں 33 فیصد زیادہ تھی۔متحدہ عرب امارات سے ماہانہ بنیادوں پر ترسیلات زر میں 2 فیصد اضافہ ہوا جو نومبر میں 619.4 ملین ڈالر سے دسمبر میں 631.5 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں۔سالانہ بنیادوں پر ترسیلات زر میں تقریباً 51 فیصد اضافہ ہوا کیونکہ گزشتہ سال کے اسی مہینے میں ترسیلات زر 419.2 ملین ڈالر تھیں۔دسمبر 2024 میں برطانیہ سے ترسیلات زر کا حجم 456.9 ملین ڈالر رہا جو نومبر 2024 میں 409.9 ملین ڈالر کے مقابلے میں 11 فیصد زیادہ ہے۔برطانیہ سے سالانہ آمد میں 24 فیصد اضافہ ہوا ہے۔دسمبر 2024 میں امریکا میں مقیم بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے 284.3 ملین ڈالر بھیجے جو ماہانہ بنیاد پر ایک فیصد کمی ہے۔یورپی یونین کی جانب سے ترسیلات زر میں 11 فیصد اضافہ ہوا اور یہ نومبر میں 323.5 ملین ڈالر کے مقابلے میں دسمبر 2024 میں 360.3 ملین ڈالر رہیں۔

بقیہ بقیہ جات 18

دہشتگردی عدالت میں پی ٹی آئی رہنما اعجاز چودھری کی 7 مقدمات میں عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ہوئی، اے ٹی سی کے جج منظر علی گل نے درخواستوں پر سماعت کی، اعجاز چودھری کے وکیل دلائل کے لیے پیش نہ ہوئے، پولیس کی جانب سے تمام مقدمات کا ریکارڈ عدالت میں پیش کر دیا گیا۔دوران سماعت اعجاز چودھری کے معاون وکیل نے عدالت کو بتایا کہ سینئر وکیل لاہور ہائیکورٹ میں مصروف ہیں جس پر عدالت نے ریمارکس میں کہا کہ ہمیں کہتے ہیں آپ فیصلہ نہیں کرتے اور خود عدالتوں میں پیش نہیں ہوتے، پچھلی کئی تاریخوں سے عدالت میں پیش نہیں ہو رہے۔ایڈمن جج منظر علی گل نے ریمارکس دیئے کہ عدالت آخری موقع دے رہی ہے اگر اگلی تاریخ پر اعجاز چودھری کے وکیل پیش نہ ہوئے تو فیصلہ کر دیں گے۔بعدازاں عدالت نے اعجاز چودھری کی ضمانت کی درخواستوں پر مزید سماعت 22 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 19

ہفتے میں دوروز پیرس سے اسلام آباد اور اسلام آباد سے پیرس آیا جایا کریں گی۔وزیر دفاع خواجہ آصف نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ آج ہمارے لیے تاریخی دن ہے، قومی ایئر لائن کے منافع بخش روٹس بند ہوگئے تھے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی قومی ایئر لائن کی پروازوں کا یورپ کے مختلف ملکوں میں بتدریج آغاز کریں گے، چاہیں گے کہ قومی ایئر لائن کی نجکاری کی جائے۔وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ یورپ کی فضاؤں میں ایک بار پھر سبز ہلالی پرچم لہرانا شروع ہوگیا ہے، برطانیہ کے لیے بھی قومی ایئر لائن کی براہ راست پروازوں کا اجرا جلد ہوگا۔واضح رہے کہ مئی 2020 میں کراچی میں ہونیوالے پی آئی اے طیارہ حادثے کے بعد کی گئی تھی جس میں 97 افراد جاں بحق ہوئے تھے۔اس کے بعد ایک سابق وزیر ہوابازی کے بیان نے عالمی سطح پر تحفظات پیدا کیے تھے جس میں کہا گیا تھا کہ تقریباً 40 فیصد مقامی پائلٹس کے لائسنس مشکوک ہیں، اس کے نتیجے میں یورپی ریگولیٹرز نے پی آئی اے پر پابندی عائد کردی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 20

سماعت پر جواب طلب کرلیا۔ہائی کورٹ نے پولیس اور ایف آئی اے کو خدیجہ شاہ کو ہراساں کرنے سے روک دیا۔دوران سماعت درخواست گزار خدیجہ شاہ کی جانب سے وکیل آمنہ علی عدالت پیش ہوئیں اور موقف اختیار کیا کہ درخواست گزار کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہم کی جائے۔مقدمات کی تفصیلات تک پولیس کو درخواست گزار اور ان کی فیملی کو ہراساں کرنے سے روکا جائے۔بعدازاں عدالت نے کیس کی سماعت آئندہ ہفتے تک کے لیے ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 21

کی درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔سرگودھا کی انسداد دہشتگردی عدالت میں اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب، اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان بھچر، عالیہ حمزہ اور صنم جاوید سمیت دیگر کیخلاف میانوالی میں درج 6 مقدمات کی سماعت ہوئی، مختلف علاقوں سے آئے 150 سے زائد ملزمان عدالت پیش ہوئے۔مقدمات میں نامزد ملزمان عمر ایوب، ملک احمد خان بھچر، عالیہ حمزہ، صنم جاوید اور بلال اعجاز چھٹہ کی جانب سے ان کے وکلاء نے حاضری معافی کی درخواست دی، وکلاء صفائی نے ملزمان کی بریت کی درخواست پر بحث مکمل کرلی۔بعدازاں عدالت نے ملزمان کی حاضری معافی کی درخواست منظور کرلی، عدالت نے آئندہ سماعت پر ملزمان کی حاضری یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 17 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 22

تک پھیلانے کا فیصلہ کرلیا۔فورس کے منصوبہ سازوں نے 60 ہزار سے زائد لاجسٹک ضروریات کی فہرست مرتب کرلی۔سرکاری دستاویز کے مطابق حکومت سے کہا گیا ہے کہ رائٹ منیجمنٹ اسٹاف کے لیے 12 ہزار یونیفارم درکار ہیں، 12 ہزار باڈی آرمر پروٹیکٹو گیئرز، مظاہرین سے نبرد آزما ہونے کے لیے 12 ہزار گیس ماسک، 2 ہزار الیکٹرک شاک شیلڈز فراہم کی جائیں۔پرتشدد کارروائیوں کی ریکارڈنگ کے لیے 500 باڈی کیم نصب کرنا ہوں گے، فورس کے رسپانس کے لیے 200 آرمرڈ اینٹی رائیٹ ٹرکس، 100 ریسکیو وہیکلز درکار ہوں گی۔رائیٹ فورس کے اہلکاروں کے لیے 5 ہزار فرسٹ ایڈ باکسز، 500 کینن پولیس پروٹیکٹو گیئرز کی ضرورت ہوگی۔حکام کی تیار کردہ فہرست کے مطابق 2 ہزار پیپر اسپرے گنز، 4 سو پیپر بال گنز آلات میں شامل کرنا ہوں گے، 50 سرویلنس ڈرونز، 50 ٹیئر گیس کاپٹرز، 50 واٹر کینن فورس کو فراہم کرنا ہوں گے، 500 لانگ رینج ڈیوائسز، 500 وائرلیس ایل ای ٹی سیٹ خریدنا ہوں گے۔پولیس حکام کے مطابق رائیٹ منیجمنٹ پولیس کے لیے لاجسٹکس ضروریات کی فہرست وزیر اعلی پنجاب کو جلد پیش کردی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 23

نجی ٹی وی کے مطابق منی لانڈرنگ مافیا کے خلاف ایف بی آر کا کریک ڈاؤن جاری ہے۔سولر پینل کی درآمد میں اربوں روپے کے ٹیکس گھپلے کا اسکینڈل پکڑا گیا ہے، 7 جعلی کمپنیوں نے سولر پینل کی درآمدات کی آڑ میں 106 روپے کی منی لانڈرنگ کی۔حکام کے مطابق منی لانڈرنگ کے خلاف شواہد کی بنیاد پر کارروائیوں سے منی لانڈرنگ کے بدنام زمانہ کارٹیل کو کامیابی کے ساتھ ختم کردیا گیا ہے جس نے 7 جعلی کمپنیوں کے ذریعے 106 ارب روپے کی منی لانڈرنگ کی۔تحقیقات کے دوران مذکورہ 7 جعلی درآمد کنندگان اوور انوائسنگ اور سولر پینل کی درآمدات کے عوض 106 ارب روپے کے منی لانڈرنگ میں ملوث پائے گئے حالانکہ درآمد کیے جانے والے سولر پینل کی مجموعی مالیت انکم ٹیکس ڈیکلریشن کے مطابق 11 کروڑ 90 لاکھ روپے تھی۔ان بوگس کمپنیوں کی 85 ارب روپے کی تمام مقامی فروخت غیر رجسٹرڈ اور ناقابل شناخت افراد کے نام پر ظاہر کی گئی۔تحقیقات کے دوران اس بات کے واضح ثبوت ملے ہیں کہ درآمدی مرحلے پر بڑے پیمانے پر اوور انوائسنگ کی نشاندہی ہوئی ہے۔برآمد کنندہ ملک چین کی اصل کمرشل انوائس کے مطابق سولر پینلز کی حقیقی قیمت 0.15 سینٹ فی واٹ تھی، بعدازاں پاکستان میں 0.35 سے 0.70 امریکی ڈالر فی واٹ کی ویلیو کے تناسب سے درآمد کیے گئے جو 235 فیصد سے 500 فیصد کے درمیان بڑے پیمانے پر اوور انوائسنگ کو ظاہر کرتا ہے۔خصوصی ٹیموں کے متحرک ہونے اور تحقیقات میں تیزی کے ساتھ ایف بی آر تمام مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

کی۔کامیاب (ن) لیگی امیدوار میاں ذیشان رفیق کی جانب سے عمران چدھڑ ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔الیکشن ٹریبونل نے محفوظ کیا گیا فیصلہ سناتے ہوئے درخواست خارج کردی۔درخواست گزار کا موقف تھا کہ کامیاب قرار دیے گئے امیدوار نے 35000 ووٹ حاصل کیے جبکہ درخواست گزار نے 50 ہزار سے زائد ووٹ حاصل کیے، ریٹرننگ آفیسر نے ملی بھگت سے نتائج کو تبدیل کیا لہٰذا ٹریبونل الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کامیابی کے نوٹیفکیشن کو کالعدم قرار دے۔

بقیہ بقیہ جات 25

سپریم کورٹ کی ممبر جیل اصلاحاتی کمیٹی و پی ٹی آئی رہنما خدیجہ شاہ کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست پر سماعت ہوئی، جس میں چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب طلب کرلیا۔ ہائی کورٹ نے پولیس اور ایف آئی اے کو خدیجہ شاہ کو ہراساں کرنے سے روک دیا۔دوران سماعت درخواست گزار خدیجہ شاہ کی جانب سے وکیل آمنہ علی عدالت پیش ہوئیں اور موقف اختیار کیا کہ درخواست گزار کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہم کی جائے۔مقدمات کی تفصیلات تک پولیس کو درخواست گزار اور ان کی فیملی کو ہراساں کرنے سے روکا جائے۔بعدازاں عدالت نے کیس کی سماعت آئندہ ہفتے تک کے لیے ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 26

وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد کرنے کا تحریری حکم جاری کردیا گیا۔تحریری حکم کے مطابق عائد الزامات میں دو قصور وار نہیں، پرویز الٰہی نے ٹرائل کا سامنا کرنے کا دعویٰ کیا، عدالت گواہوں کو طلبی کے نوٹسز جاری کرتی ہے، پرویز الٰہی نے مستقل حاضری معافی کی درخواست دائر کی۔پرویز الٰہی کی درخواست پر حکام آئندہ سماعت پر جواب جمع کرائیں، احتساب عدالت سماعت 21 جنوری تک ملتوی کرتی ہے۔احتساب عدالت کے جج زبیر شہزاد کیانی نے ایک صفحے پر مشتمل حکم جاری کیا۔

بقیہ بقیہ جات 27

سے واپسی کے بعد ملک احمد خان نے سپیکر پنجاب اسمبلی کا عہدہ دوبارہ سنبھال لیا۔اسی طرح ظہیر اقبال چنڑ نے ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی کا چارج دوبارہ سنبھال لیا۔اسمبلی سیکرٹریٹ نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 28

بیرون ملک جانے کی اجازت مل گئی۔تحریری فیصلے میں کہا گیا ہے کہ سیکرٹری داخلہ یقینی بنائیں سردار لطیف کھوسہ کو بیرون ملک جانے سے نا روکا جائے، سیکرٹری داخلہ عدالتی حکم سے متعلق نیب، ایف آئی اے، پولیس اور امیگریشن اتھارٹیز کو بھی آگاہ کریں۔عدالت نے تحریری فیصلے میں کہا کہ سردار لطیف کھوسہ نے ٹکٹ پیش کیا کہ وہ کینیڈا 10 جنوری سے 24 جنوری جانا چاہتے ہیں، لطیف کھوسہ ہائیکورٹ اور انسداد دہشت گردی عدالت میں شورٹی بھی جمع کرائیں۔عدالت نے کیس کی مزید سماعت چھ فروری تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 29

نیم پاگلوں کا بھی علاج کریں گی۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اب جعلی پیری مریدی کا کاروبار چلانے والوں کے بچے بھی مریم نواز کو طعنے دیں گے، مریم نواز کی چند ماہ کی کارکردگی باقی صوبوں کے لیے مثال ہے، پنجاب میں کام ہورہا ہے اور نظر بھی آرہا ہے، مریم نواز کی کارکردگی سے حسد وہ کررہے ہیں جو کئی سالوں سے حکومتوں میں بیٹھے ہیں۔لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ مریم نواز صوبے کے وسائل سے لوگوں کو سکالرشپس، گرین ٹریکٹرز اور کسان کارڈ دے رہی ہیں، ایک جماعت ایک صوبے میں 16 سال سے اور دوسری 12 سال سے اقتدار میں ہے، ان دونوں سے کارکردگی کا پوچھیں تو مظلومیت کارڈ اور ذاتیات کارڈ کھیلنا شروع کردیتے ہیں۔صوبائی وزیر نے کہا کہ جو کارکردگی سے مقابلہ نہیں کرسکتے وہ زبان درازی میں مقابلہ کرنا چاہتے ہیں، نواز شریف کے ویژن اور انکی لیڈرشپ میں پاکستان آگے بڑھ رہا ہے، شہباز شریف اور مریم نواز کی انتھک محنت سے لوگوں کی زندگیوں میں آسانیاں آئی ہیں، مشکل وقت گزر چکا اب ترقی اور خوشحالی کا دور شروع ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

نواز شریف نے ملتان یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا دورہ کیا اور گرلز ہاسٹل کا سنگ بنیاد رکھ دیا، گرلز ہاسٹل میں رہائشی کمروں کی تعداد 119 ہوگی، گرلز ہاسٹل میں میس ہال، جمنزیم، تفریحی لاؤنج اور 5 دفاتر بھی ہوں گے۔دوسری جانب وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ملتان یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے مختلف شعبوں کا معائنہ بھی کیا اور مسٹ یونیورسٹی میں جدید گوگل کلاس رومز، ڈیجیٹل لائبریری کا بھی وزٹ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 31

کے روز سے شروع کردی گئی۔تمام نامزد بینک روزانہ کی بنیاد پر جمع درخواستوں کو پورٹل پر فوری اپ لوڈ کریں گے اور سرکاری کوٹہ مکمل ہونے پر درخواستوں کی وصولی فوری روک دی جائے گی۔نئے درخواست گزار پہلی دو قسطوں کی مد میں 6 لاکھ روپے یکمشت جمع کرائیں گے، قربانی یا الگ کمرے کے اضافی اخراجات ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 32

کے قانونی مقدمات کو جلد از جلد نمٹانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ محصولات کے مقدمات کے جلد سے جلد نمٹائے جانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ اپیلیٹ ٹربیونلز ان لینڈ ریونیو میں بین الاقوامی معیار کی افرادی قوت کو مسابقتی تنخواہوں، مراعات اور پیشہ ورانہ ٹیلنٹ کی بنیاد تعینات کیا جائے، اپیلیٹ ٹربیونلز میں بہترین ٹیلنٹ کو تعینات کرکے محصولات کے کیسز فوری حل کیے جائیں۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ اس کام میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، ایف بی آر اصلاحات پر کام تیزی سے جاری ہے، حال ہی میں کراچی میں فیس لیس اسسمنٹ نظام کا اجراء کیا۔شہباز شریف نے کہا کہ جدید خودکار نظام سے کرپشن کا خاتمہ اور کسٹمز کلیئرنس کیلئے درکار وقت میں خاطر خواہ کمی آئی، ملک وقوم کی ایک ایک پائی کا تحفظ کریں گے، ٹیکس نادہندگان سے ٹیکس وصول کریں گے نہ کہ غریب عوام پر ٹیکس کا مزید بوجھ ڈالیں۔اجلاس میں وزیراعظم کو ان لینڈ ریونیو اپیلیٹ ٹربیونلز کی اصلاحات پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا، انہوں نے اصلاحات کو معینہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت دی۔اجلاس میں وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک، اٹارنی جنرل اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 33

ہوں گی۔اس کانفرنس کا عنوان "مسلم ممالک میں بچیوں کی تعلیم" ہے۔ملالہ یوسف زئی کو سوات میں خوارجی دہشتگردوں نے اس وقت سر پر گولی مار کر شدید زخمی کردیا تھا جب وہ سکول سے گھر واپس جانے کے لئے سکول وین میں سوار تھیں۔اس حملے کے وقت ملالہ کی عمر 15 سال تھی۔عسکری ہسپتال میں ان کی جان بچانے کے لئے ڈاکٹروں نے سرتوڑ کوششیں کیں، سر کی مزید پیچیدہ سرجری کے لئے انہیں لندن منتقل کیا گیا۔تب سے وہ وہیں مقیم ہیں تاہم دو مرتبہ پاکستان آچکی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

کو جون 2025 تک مکمل طور پر ڈیجیٹلائز کردیا جائے گا۔وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان کے مطابق ڈیجیٹلائزیشن سے ریکارڈز محفوظ رکھنا، رسائی حاصل کرنا آسان ہوجائیگا، دفتری امور پیپر لیس ہونے سے سالانہ لاکھوں روپوں کی بچت ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 35

ایجوکیشن نے 50 سال تک والے اساتذہ کو ریٹائرمنٹ کا آپشن دے دیا، محکمہ سکول ایجوکیشن نے پچاس سال تک والے اساتذہ کا ڈیٹا طلب کرلیا۔محکمہ سکول ایجوکیشن ذرائع نے بتایا ہے کہ ریٹائرمنٹ پالیسی میں تبدیلی کے لیے چیف سیکرٹری کو لکھ دیا گیا ہے، موجودہ پالیسی کے تحت 55 سال یا اس سے زائد عمر کے اساتذہ پری میچور ریٹائرمنٹ لے سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 36

شکل دے کر سکیورٹی کو مزید بڑھایا جا رہا ہے، ایئرپورٹ پر غیر ملکی مہمانوں کے تناظر میں سکیورٹی کو فول پروف بنایا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

رابطہ نے ان خیالات کا اظہار جمعہ کو یہاں نسٹ یونیورسٹی میں سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا شمار موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثرہ ملکوں میں ہوتا ہے، درجہ حرارت 1.5 تک محدود کرنے کے پیرس معاہدے پر عمل نہ ہوسکا ہے۔رومینہ خورشید عالم نے کہا کہ پاکستان نے 9 سالہ مذاکراتی عمل کے بعد آرٹیکل 6 پر اتفاق کیلئے اہم کردار ادا کیا، کاربن کے اخراج میں کمی لانے کے اقدامات کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 2025 میں شروع ہونے والے منصوبوں کیلئے 730 ملین ڈالرز سے زائد وعدے کیے گئے۔رومینہ خورشید عالم نے کہا کہ پاکستان میں 2022 میں آنے والے سیلاب نے تباہی مچائی، سیلاب کے دوران خواتین زیادہ متاثر ہوئیں۔انہوں نے کہا کہ ناگہانی آفات میں نقصانات کو کم سے کم کرنے کیلئے عوام میں آگاہی ضروری ہے۔وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی پرنسٹ کا وزارت موسمیاتی تبدیلی کے ساتھ تعاون خوش آئند ہے، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے میں نوجوان اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔رومینہ خورشید عالم نے کہا کہ محفوظ آب وہوا کے اہداف کیلئے ہمیں ایک دوسرے کا ساتھ دینا ہوگا، ماحولیاتی تحفظ کے پیش نظر صنعت میں جدید ٹیکنالوجی استعمال کریں گے۔انہوں نے کہا کہ کاپ میں پاکستان کا کردار قابل اعتماد رہا ہے، پاکستان نے کاپ میں مثبت کردار ادا کیا، دنیا بھر میں موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا ہوگی، کاپ میں پاکستان نے موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ ملکوں کی نمائندگی کی۔انہوں نے کہا کہ کاپ میں پاکستان نہ صرف اپنی جنگ لڑی بلکہ تمام متاثرہ ملکوں کی نمائندگی کی۔

بقیہ بقیہ جات 38

ایک بیان میں کہا کہ ہر سال ملکی حالات سے دلبرداشتہ لاکھوں افراد قانونی اور غیر قانونی دونوں طریقوں سے بیرون ملک جانے کی کوشش کرتے ہیں۔غیر قانونی طریقوں سے باہر جاتے ہوئے ہزاروں لقمہ اجل بھی بن جاتے ہیں۔سوچنے کی ضرورت ہے کہ ملک کو اس نہج پر کس نے پہنچایا ہے؟ حالات دن بدن ابتر ہوتے چلے جارہے ہیں۔بحرانوں نے ملکی معیشت کا بیڑہ غرق کر کے رکھ دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ استحصالی نظام خون نچوڑ رہا ہے۔قوم کو نجات کے لئے قوم کو حافظ نعیم الرحمان کا ساتھ دینا ہوگا۔جماعت اسلامی بجلی کی قیمتوں میں کمی کے لئے 17 جنوری کو بھرپور احتجاج کرے گی۔پاکستان کو دیمک کی طرح چاٹنے والوں کا انجام بھی حسینہ واجد جیسا ہوگا۔ظلم کا نظام زیادہ دیر نہیں چل سکتا۔وقت کا تقاضا ہے کہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرے۔جاوید قصوری نے اس حوالے سے مزید کہا کہ 21 ماہ سے اڈیالہ جیل میں قید بانی تحریک انصاف پر حکومت 55 کروڑ روپے خرچ کر چکی ہے۔یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے۔اس کے پاس وژن نام کی کوئی چیز ہے اور نہ ہی اہلیت، صلاحیت اور قابلیت ہے۔ڈنگ ٹپاؤ اقدامات سے درپیش مسائل حل نہیں ہوسکتے۔

بقیہ بقیہ جات 39

کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا، کریک ڈاؤن کا مقصد قیمتی جانوں کو محفوظ بنانا ہے، موٹرسائیکل حادثہ کی صورت میں ہیلمٹ کا استعمال سر کی چوٹ سے محفوظ رکھتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

چلائی۔انہوں نے کہا کہ بدانتظامی اور نااہلی کی بدولت ملک بدترین دلدل میں پھنس گیا، دو سال کی محنت کے بعد دنیا بھر میں معاشی بحالی کے چرچے ہیں، مہنگائی کو ناپنے کا پیمانہ کم ترین سطح ایک اعشاریہ نو فیصد آ گیا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ جن حالات میں ملک کو ہم سے چھینا گیا تھا انہی حالات میں بحالی کی کوشش کر رہے ہیں، اوورسیز پاکستانی مبارکباد کے مستحق ہیں جنہوں نے 30 فیصد زیادہ ترسیلات بھیجی گئیں۔احسن اقبال نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں نے ترسیلات روکنے کے منصوبے بنانے والوں کی اپیلوں کو خاک میں ملا دیا، اوورسیز پاکستانیوں نے اڑان پاکستان میں اپنا حصہ ڈالا، اڑان پاکستان کے ذریعے ملک کو تیزی سے بڑھتی معیشت میں ڈھالنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

قصوری، پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن ضلع لاہور کے صدر پروفیسر ڈاکٹر ملک شاہد شوکت نے خصوصی شرکت کی۔اور دیگر اضلاع سے بھی ڈاکٹرز کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 42

خونی کھیل سے دور رکھیں جبکہ اساتذہ اور سول سوسائٹی خطرناک کھیل اور کاروبار کی روک تھام میں اپنا کردار ادا کریں۔آئی جی پنجاب نے کہا کہ شہری پتنگ بازی کی صورت میں 15 پر اطلاع دے کر ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔پتنگ فروشوں اور پتنگ بازوں کے خلاف کارروائیوں کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 31 ملزمان گرفتار، 34 مقدمات درج کیے گئے۔انہوں نے مزید بتایا کہ 5500 سے زائد پتنگیں، 300 ڈور چرخیاں برآمد اور 18 مقدمات کے چالان جمع کروائے گئے۔صوبائی دارالحکومت لاہور میں 19 ملزمان گرفتار، 22 مقدمات درج، 70 پتنگیں اور 25 ڈور چرخیاں برآمد کروائی گئیں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ گزشتہ سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں 12525 ملزمان گرفتار، 11866 مقدمات درج کیے گئے جبکہ ملزمان کے قبضہ سے 06 لاکھ 77 ہزار سے زائد پتنگیں، 36 ہزار سے زائد چرخیاں ڈور برآمد کی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 43

کوایڈوانس ہوٹل بکنگ اور اخراجات کے لیے مناسب رقم نہ ہونے پر آف لوڈ کیا گیا۔ٹمپریری ایمپلائمنٹ پرمٹ پر ملائشیا جاتے ہوئے مسافر ندیم کو ویزا پروٹیکٹر اسٹیمپ نہ ہونے اور دیگر وجوہات کی بنا پر روک لیا گیا۔پرسنل وزٹ ویزا پر سعودی عرب جاتے ہوئے 4 افراد کو آف لوڈ کیا گیا، ایک خاتون کو فیملی وزٹ ویزا سے متعلق دستاویزات نہ ہونے پر سعودی عرب جاتے ہوئے پرواز سے اتارا گیا۔ٹورزم ویزے پر ترکیہ جاتے ہوئے ایڈوانس ہوٹل بکنگ اور مناسب فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے نذیر نامی مسافر کو آف لوڈ کیا گیا۔محمد نبیل کو ٹورزم ویزا اور سید محمد علی کو ورک ویزہ پر آذربائیجان جاتے ہوئے ہوئے مناسب دستاویزات اور ویزا پروٹیکٹ نہ ہونے پر پرواز سے اتارا گیا۔محمد شکیل، محمد ایوب اور علی محمد کو فیملی وزٹ ویزا پر عمان جاتے ہوئے ایڈوانس ہوٹل بکنگ اور مناسب رقم نہ ہونے پر آف لوڈ کیا گیا۔3 مسافروں کو ورک ویزا پر سعودی عرب جاتے ہوئے ویزہ سے متعلق دستاویزات نہ ہونے پر آف لوڈ کیا گیا۔ندیم علی کو عارضی ایمپلائمنٹ پرمٹ پر ملائشیا جاتے ہوئے پروٹیکٹر نہ ہونے اور دیگر وجوہات کی بنا پر آف لوڈ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 44

کاروبار ترقی کرسکیں۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کے بہت سے ادارے سفید ہاتھی بنے ہوئے ہیں جو مطلوبہ نتائج دیئے بغیر سالانہ اربوں روپے کا خسارہ کر رہے ہیں، حکومت کو چاہیے کہ ان کی نجکاری کے لئے تیز رفتاری سے پیشرفت کرے تاہم اس میں ملک وقوم کے مفاد کو پیش نظر رکھا جانا چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نجی شعبے کو پارٹنر کے طور پر اعتماد میں لے، نجی شعبے میں بہت سے لوگ کامیابیاں سمیٹ رہے ہیں اس لئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا ماڈل اپنایا جائے۔خادم حسین نے کہا کہ پاکستان میں شرح سود ابھی بھی خطے کے دیگر ممالک میں سب سے زیادہ ہے جسے سنگل ڈیجٹ میں لانے کی ضرورت ہے۔شرح سود نیچے آنے سے مقامی کاروباروں سے وابستہ تاجر قرض لیں گے جس سے معیشت ترقی کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 45

نوجوان کی جان بچانے والے ڈاکٹرز اور نرسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور قابلیت کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ مریض کی زندگی بچانا ڈاکٹرز کی اولین ترجیح ہوتی ہے۔ایل جی ایچ کے ہیلتھ پروفیشنلز نے کوئی لمحہ ضائع کیے بغیر طبی امداد فراہم کی جو قابل تعریف ہے۔پروفیسر الفرید ظفر نے امید ظاہر کی مستقبل میں بھی ہیلتھ پروفیشنلز اسی جذبے ولگن کے ساتھ فرائض سرانجام دیتے رہیں گے۔جس سے نہ صرف سرکاری ہسپتالوں پر شہریوں کے اعتماد میں مزید اضافہ ہوگا بلکہ ایل جی ایچ کی نیک نامی بھی ہوگی۔ڈاکٹرز کے مطابق زخمی کو پیر تک ہسپتال سے ڈسچارج کردیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 46

سیکرٹری کی نشست پر بھی 3، لائبریری سیکرٹری کی نشست پر 4 جبکہ آڈیٹر کی نشست پر 2 امیدواروں کے درمیان مقابلہ ہوگا۔الیکشن کمیشن کی جانب سے ضابطہ اخلاق جاری کردیا گیا ہے، جس کے تحت الیکشن کے لئے طے کئے گئے قواعد وضوابط پر بھاری جرمانے کیے جائیں گے۔پولنگ صبح نو بجے سے شام پانچ بجے تک جاری رہے گا، ووٹرز بائیو میٹرک سے اپنا ووٹ کاسٹ کریں گے۔لاہور بار کے انتخابات کے موقع پر کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کے لئے سکیورٹی کے بھی غیر معمولی انتظامات کیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 47

یہی صورتحال برقرار رہی تو آئندہ چند روز میں مرغی کے گوشت کی قیمت میں مزید اضافہ متوقع ہے۔پولٹری ٹریڈرز کا کہنا ہے کہ چوزے کی قیمت میں کمی کے بغیر چلن کی قیمت کم نہیں ہوسکتی، اس وقت 5 روپے والا چوزہ 230 روپے میں فروخت ہو رہا ہے جبکہ فیڈ کی قیمتوں میں بھی کسی طرح کی کمی نہیں ہو رہی۔

بقیہ بقیہ جات 48

آج عوام بھی جانتے ہیں کہ جعلی حکمرانوں کا اصل خوف کیا ہے، حیلے بہانوں سے پی ٹی آئی کو دباؤ میں رکھنے کیلئے سازشیں اور کوششیں جاری ہیں لیکن پی ٹی آئی کی قیادت اور کارکنان کے حوصلے بلند ہیں۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے خلاف پراپیگنڈا کرنے والے جعلی حکمران چاہتے ہیں انہیں کسی طرح فیس سیونگ مل جائے لیکن عوام اب اصل حقائق سے آگاہ ہیں۔عمران خان نے ہمیشہ ایک ہی بات کی ہے کہ ملک کو آئین و قانون کے مطابق چلایا جائے لیکن باریاں لینے والوں کو یہ راستہ پسند نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

پاتے ہیں۔ پائیدار معاشی وسماجی حالات کیلئے ملکی معیشت کو توانا بنانا انتہائی ناگزیر ہے۔کاروبار چلنے سے ہی معیشت مضبوط ہوتی ہے ملک ترقی کرتے ہیں اور قومیں خوشحال ہوتی ہیں۔ملک کے عام آدمی سے لے کر تاجر صنعتکار تک کی خوشحالی پاکستان کی معیشت کو خوشحالی سے ہمکنار کرے گی۔حکومت اس حوالے سے صنعتی حلقوں کی مشاورت سے اقدامات کرے۔

بقیہ بقیہ جات 50

ور دیگر شہروں میں بھی دھند کا راج رہا، قومی شاہراہوں پر بھی حد نگاہ کم ہونے سے ڈرائیورز کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔شدید دھند کے باعث لوڈر ٹرک رکشہ کو بچاتے میٹرو ٹریک کے فٹ پاتھ سے ٹکرا گیا۔جس کے نتیجے میں ٹرک اور رکشے کے ڈرائیور شدید زخمی ہو گئے۔اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور میٹرو ٹریک سے لوڈر ٹرک کو ہٹانے کا عمل شروع کردیا گیا، لوڈر ٹرک مین ٹریک پر ہونے سے میٹرو بسوں کی آمد ورفت بھی متاثر ہوئی۔علاوہ ازیں لاہور میں ایئرپورٹ پر دھند کے باعث فلائٹ آپریشن بھی متاثر رہا، متعدد پروازوں کا رخ اسلام آباد کی جانب موڑ دیا گیا۔جدہ سے آنے والی سعودی ایئر لائن کی پرواز ایس وی 738 کو لاہور ایئرپورٹ پر لینڈنگ کی اجازت نہ مل سکی جس کے بعد طیارے کا رخ اسلام آباد ایئرپورٹ موڑ دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 51

طرف کیا گیا، بر طرف ہونیوالے دونوں ڈاکٹر سروسز ہسپتال میں تعینات تھے۔

بقیہ بقیہ جات 52

جائے۔روڈا ایکسیڈنٹ میں مڈل کلاس افراد کے لئے فنڈ کا فی الفور قیام کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب مارکیٹس وبازاروں کی مقامی تنظیموں کی مشاورت کے بغیر تجاوزات کے نام دو کانیں سیل نہ کرے اور نہ ہی تاجروں کو ہراساں کیا جائے۔افسران کی نالائقی کا ملبہ تاجران پر نہ ڈالا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 53

بننے کے بجائے عوامی مسائل پر توجہ دینی چاہیے، پنجاب کا پیسہ عوام پر خرچ ہونے کے بجائے لندن منتقل ہو رہا ہے جبکہ خیبر پختونخوا میں عوام کا پیسہ عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جارہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کی قیادت میں کے پی پہلا قرض اتارنے والا صوبہ بن گیا ہے، جو لیڈر سر درد کے علاج کیلئے بھی لندن جاتا ہو وہ عوام کیلئے کیا کرے گا؟ صوبائی مشیر اطلاعات نے کہا کہ چچا اور بھتیجی دونوں وفاقی اور صوبائی خزانے کو لوٹنے میں مصروف ہیں، شریف خاندان کے منی لانڈرنگ قصے زبان زد عام ہیں، حکومت نے اس بار کرپشن کے ساتھ لاقانونیت کو بھی فروغ دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

میں بہتری سے ہی ممکن بن سکتی ہے۔پاکستان میں بھی صنعتوں مارکیٹوں بازاروں کی خوشحالی سے ہی ملک میں ترقی کا سورج طلوع ہوگا۔کاروبار کا پہیہ تیز رفتار چلنے سے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے۔

بقیہ بقیہ جات 55

بزنس سے نفع کما کر اپنا خسارہ پورا کرتا ہے۔برائلر ریٹ کیپنگ کے حوالے سے حکومت کا ریٹ نکالنا بھی غلط فیصلہ ہے۔برائلر اور انڈے کا ریٹ دہائیوں سے ڈیمانڈ اینڈ سپلائی کے ساتھ اوپر نیچے ہوتا ہے۔آج فارمر شدید سردی کے سیزن میں بھاری نقصان اٹھا کر بھی ڈیمانڈ اینڈ سپلائی کے ساتھ انڈے کا ریٹ خسارے میں دے رہا ہے۔پولٹری بزنس سیکٹر کے حوالے سے حکومت کو پائیدار اور زمینی حقائق کے مطابق پالیسی دینی چاہیے۔مخصوص طبقہ بھی کاروباری طریقہ کار میں قیمت اور لاگت کے گراف دیکھتے ہوئے اپنی رائے قائم کرے۔

بقیہ بقیہ جات 56

پر ریلیف اور سہولیات فراہم کرے گی۔آل پاکستان پیپرز مرچنٹس ایسوسی ایشن کی قیادت پیپر بزنس سیکٹر کی خدمت میں دن رات پیش پیش ہیں۔آل پاکستان پیپرز مرچنٹس ایسوسی ایشن اپنی بزنس کمیونٹی کے حقوق کے تحفظ کیلئے متحد بھی ہے اور متحرک بھی ہے۔پاکستان کی معیشت کو بحرانوں سے نکالنے کا پائیدار حل یہی ہے ریاست اپنی ذمہ داریاں نبھائے۔پاکستان میں کمزور معیشت مہنگائی کی لہر عدم استحکام کا شکار کاروباری حالات غریب سے دو وقت کی روٹی بھی چھین رہے ہیں۔مسلم لیگ ن کی حکومت اپنی ماضی کی کارکردگی مدنظر رکھتے ہوئے غریب مزدور عام آدمی تاجر صنعتکار کو ریلیف فراہم کرے ٹیکسوں کا بوجھ کم ہونا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 57

پر بزلا ایل، ڈرم پر راہم اور گٹار پر ریشل بابر نے اپنے فن کا جادو جگایا۔چیئرمین الحمراء رضی احمد نے اس حوالے سے اپنے تاثرات میں کہا کہ الحمراء اپنے دونوں کمپلیکسز سے فن وثقافت کی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء توقیر حیدر نے کہا کہ انہی نوجوان آرٹسٹوں سے مستقبل کے ستار پیدا ہونگے، الحمرا فنون لطیفہ کے ہر شعبہ میں نوجوانوں کو مساوی موقع فراہم کرتا رہے گا۔

بقیہ بقیہ جات 58

غربت میں دھکیل رہی ہے، ملک میں ترقی نظر نہیں آرہی آج بھی ناروا پالیسیوں کے باعث استحصالی اقدامات جاری ہیں، حکومت عوام کو ریلیف دے ناروا ٹیکسز، مہنگائی اور بے روزگاری نے لوگوں کی معاشی سکت ختم کردی۔انہوں نے مزید کہا کہ حکمرانوں نے آئی ایم ایف کی غلامی قبول کرکے کروڑوں لوگوں کو غربت کی لکیر سے نیچے کی زندگی بسر کرنے پر مجبور کردیا ہے اگر حکمران نے ملک میں آئی ایم ایف کی ساری پالیسوں کو ہی نافذ کرنا ہے اور ساری شرائط انہی کی ماننی ہیں تو بھر بتایا جائے ملک کی آزادی کہاں ہے؟ حکمران آئی ایم ایف کی غلامی کی بجائے اللہ کی غلامی اختیار کریں تو ان شاء اللہ ملک ترقی اور خوشحالی کے راستے پر چل پڑے گا۔

بقیہ بقیہ جات 59

مروت میں 17 شہریوں کو دہشتگردوں کی جانب سے اغواء کرنے کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ ریاست اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے شہریوں کی حفاظت اور ان کے تحفظ کے لیے تمام تر اقدامات کرے۔دہشت گردوں نے غریب شہریوں کو اغوا کر کے انتہائی بے غیرتی کا مظاہرہ کیا ہے۔جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔اغوا میں ملوث دہشتگردوں کو پکڑ کر نشان عبرت بنائے جائے تاکہ آئندہ کوئی ایسی حرکت نہ کرے۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب دیپالپور/ ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت لیاقت علی (متوفی) ولد ذوالفقار علی ساکن چک نمبر 18/D تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع چک نمبر 18/D تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔لیاقت علی (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے۔جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔خالدہ پروین (بیوہ)، اسامہ علی، عبداللہ لیاقت، علیشبہ لیاقت، حبیبہ لیاقت پسران و دختران متوفی لیاقت علی ساکنان چک نمبر 18/D تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہے۔لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت لیاقت علی (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت حسب ضابطہ منظور وتصدیق کر دیا جائے گا اور بعدازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 60

دھند کے باعث بند ہیں۔ترجمان کا کہنا ہے شہری دھند میں احتیاطی تدابیر پر عمل کرتے ہوئے گاڑی چلائیں، دھند میں لین کی خلاف ورزی حادثات کا سبب بن سکتی ہے، شہری غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کریں، تیز رفتاری سے پرہیز کریں اور اگلی گاڑی سے مناسب فاصلہ رکھیں۔

بقیہ بقیہ جات 61

مار کر شدید زخمی کیا۔واقعے کا مقدمہ تھانہ ہنجروال کے سب انسپکٹر انتظار حسین کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے۔ایس ایچ او کے مطابق والد، والدہ اور دونوں چچاؤں کو پولیس نے گرفتار کرلیا اور ملزمان سے پستول بھی برآمد کرلیا گیا۔ملزمان نے پسند کی شادی کرنے پر شائلہ کو قتل کرنے کی کوشش کی، جن سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

میں فتح ہمارے پینل کا مقدر بنے گی ان شاء اللہ ہمارا پینل کامیاب ہوکر آئین وقانون کی بالادستی، بار کی فلاح و بہبود اور وکلا برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لئے مل کر کام کرے گا ملک کو درپیش تمام مسائل کا حل اور بحرانوں سے نجات کا واحد راستہ عادلانہ اور منصفانہ نظام کے قیام میں ہی ہے، وکالت ایک مقدس پیشہ ہے جدید معاشروں کے سدھار میں وکالت کا اہم کردار ہے۔موجودہ ملکی صورتحال میں بھی وکلا کے کندھوں پر بڑی ذمہ داری ہے کہ وہ پبلک کی رہنمائی کیساتھ ساتھ تمام اداروں میں ہم آہنگی برقرار رکھنے کا کردار ادا کررہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 63

گاڑیوں کی بندش عمل میں لائی جائے گی، ٹوکن ٹیکس کی ادائیگی میں مزید تاخیر پر جرمانوں میں اضافہ کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 64

بھیج کر بانی پی ٹی آئی کی کال مسترد کردی۔سینئر وزیر پنجاب نے مزید کہا کہ سول نافرمانی کی کال دینے والوں کو بیرون ملک پاکستانیوں نے جواب دے دیا ہے، انہوں نے دسمبر 2024 میں 3 اعشاریہ 1 ارب ڈالر بھجوائے، یہ رقم دسمبر 2023ء کے مقابلے میں 29 اعشاریہ 3 فیصد زیادہ ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ساڑھے 4 سال بعد یورپ کے لئے قومی ایئر لائن کی پروازیں بھی شروع ہوگئی ہیں، یہ وہ بہروپیے تھے جنھوں نے پارلیمان میں بیانات دے کر اپنے قومی اثاثوں کو نقصان پہنچایا۔مریم اورنگزیب نے یہ بھی کہا کہ ساڑھے 4 سال کے نقصان کا جواب کون دے گا، عثمان بزدار کے پہلے ایک سال اور مریم نواز کے ایک سال کا موازنہ کریں جواب خود مل جائے گا۔انہوں نے کہا کہ 2022-2024 ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا، مہنگائی میں تاریخی کمی ہوئی، غیر ملکی دوستوں کی واپسی، سی پیک کی بحالی تاریخی منصوبے بنائے۔

بقیہ بقیہ جات 65

نے ریمارکس دیئے کہ ملٹری کورٹس میں ٹرائل کے طریقہ کار پر مطمئن کریں۔جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ جو آفیسر ٹرائل چلاتا ہے کورٹ میں وہ خود فیصلہ نہیں سناتا، ٹرائل چلانے والا افسر دوسرے بڑے افسر کو کیس بھیجتا ہے وہ فیصلہ سناتا ہے، جس آفیسر نے ٹرائل سنا ہی نہیں وہ کیسے فیصلہ دیتا ہوگا۔جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ مجھے 34 سال اس شعبہ میں ہوگئے مگر پھر بھی خود کو مکمل نہیں سمجھتا، اس آرمی افسر کو اتنا تجربہ اور عبور ہوتا ہے کہ سزائے موت تک سنادی جاتی ہے۔وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ ملٹری ٹرائل کے طریقہ کار کو دلائل کے دوسرے حصے میں مکمل بیان کروں گا۔جسٹس نعیم اختر افغان نے استفسار کیا کہ ملٹری کورٹس میں کیسے ٹرائل کیا جارہا ہے اس کے مراحل کیا ہیں سب بتائیں، سب سمجھ رہے ہیں سویلین عدالتوں کی طرح ملٹری کورٹس ٹرائل نہیں ہوتا، ملٹری کورٹس کے ٹرائل کی کوئی مثال دیں۔جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ آرمی ایکٹ اور باقی قانون میں فرق ہوتا ہے، آئین کے مطابق یہ تمام بنیادی حقوق کو تحفظ فراہم کرتا ہے، قانون میں معقول وضاحت دی گئی ہے۔جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ کورٹ مارشل کا طریقہ کار دیا ہوا ہے، جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ فیلڈ مارشل میں ڈیفنس وکیل ہوتا ہے وہاں جج نہیں ہوتے۔وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ آرمی ایکٹ سپیشل قانون ہے اور سپیشل قوانین کے شواہد اور ٹرائل کا طریقہ کار مختلف ہوتا ہے۔جسٹس نعیم افغان نے کہا کہ عام تاثر ہے کہ فوجی عدالت میں ٹرائل صرف سزا دینے کی حد تک ہوتا ہے، مناسب ہوتا کہ آپ آگاہ کر دیتے کہ فوجی عدالتوں میں ٹرائل کن مراحل سے گزرتا ہے، بلوچستان ہائی کورٹ میں کورٹ مارشل کے خلاف مقدمات سنتا رہا ہوں، کورٹ مارشل میں مرضی کا وکیل کرنے کی سہولت بھی ہوتی ہے، فوجی عدالتوں کا ٹرائل بھی عام عدالت جیسا ہی ہوتا ہے۔جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ فوجی عدالت میں بطور وکیل صفائی پیش ہوتا رہا ہوں، ملزم کیلئے وکیل کیساتھ ایک افسر بطور دوست بھی مقرر کیا جاتا ہے، ٹرائل میں وکلاء کے دلائل بھی شامل ہوتے اور گواہان پر جرح بھی ہوتی ہے، فرق صرف اتنا ہے کہ فوجی عدالت میں جج افسر بیٹھے ہوتے ہیں۔جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ معاملہ بنیادی حقوق اور آرٹیکل 10 اے کے تناظر میں دیکھا جاتا ہے، آرمی ایکٹ کا اطلاق صرف فوج پر ہوتا ہے، فوجی افسران کو بنیادی حقوق اور انصاف ملتے ہیں یا نہیں ہم سب کو مدنظر رکھیں گے۔وکیل وزارت دفاع کا کہنا تھا کہ فیصلہ لکھنے کیلئے جیک برانچ کی معاونت حاصل ہوتی ہے۔جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ خواجہ صاحب آپ نے کوئی مثال دی تھی کہ امریکا میں بھی فوجی ٹرائل ہوئے، اگر کسی اور ملک میں ایسا ٹرائل ہوتا ہے تو جج کون ہوتا ہے؟ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ پوری دنیا میں کورٹ مارشل میں آفیسر ہی بیٹھتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 66

بند کردی، ایسی انٹرنیٹ سپیڈ میں ہم سرمایہ کاری کو کیسے راغب کریں گے، مغربی ممالک سے پاکستان کے اندرونی معاملات پر بیانات آرہے ہیں، مغربی ممالک کو اچانک پاکستان کا ایٹمی پروگرام نظر آگیا، پاکستان کے مفادات سیاسی مفادات سے بالاتر ہیں، ان کا کہنا تھا کہ دنیا پہلے خود سے یہ سوال کرے کہ پاکستان کو ایٹم بنانے کی ضرورت کیوں پڑی، ایٹمی پروگرام کی قیمت جس نے ادا کی ہے وہ گڑھی خدا بخش میں دفن ہے، میں نے بھی سنا ہے کہ معیشت میں بہتری آرہی ہے، اگر معاشی بہتری آرہی ہے تو اس کا اثر عوام تک پہنچنا چاہیے۔

ٹھیکہ برائے نیلامی کنٹین

گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین طارق آباد کھوکھر کی گوجرانوالہ کینٹین کی نیلامی ایک سال کے لیے یکم فروری 2025 تا 2026 درکار ہے

ہر بولی دہندہ کو قبل از بولی مبلغ /5000 روپے (ناقابل واپسی) کالج دفتر میں جمع کروا کر کالج کینٹین کے متعلقہ شرائط وضوابط دفتری اوقات میں بولی سے ایک دن قبل لے سکتے ہیں۔

نیلامی مورخہ 20 جنوری 2025 کو زیر دستخطی کے دفتر میں روبرو کمیٹی اور بولی دہندگان صبح 10 بجے ہوگی

قبل از بولی دہندگان کو مبلغ /50000 روپے زیر ضمانت بذریعہ بنک ڈرافٹ کی صورت میں جمع کروانا ہوگی ورنہ بولی میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہوگی۔

کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ باقی تمام بولی دہندہ کو زیر ضمانت رقم واپس کردی جائے گی۔

کینٹین کمیٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کوئی وجہ بتائے بغیر ایک یا تمام بولیوں کو مسترد کردے نیز اس کے خلاف کوئی قانونی کارروائی نہ ہوگی۔

پرنسپل
گورنمنٹ گریجویٹ کالج طارق آباد کھوکھر کی گوجرانوالہ

المشتہر: پرنسپل گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار ویمن گوجرانوالہ سٹی۔۔۔۔

کراچی، وفاقی وزیر فوڈ سیکیورٹی رانا تنویر حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب بھر میں ہیلمٹ نہ پہننے والوں کیخلاف سخت کارروائی کے احکامات

کوئی بھی اہلکار، سرکاری و نیم سرکاری ملازمین ہیلمٹ کی پابندی سے مستثنیٰ نہیں، مرزا فاران بیگ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن "قانون کی پاسداری ہم سب کی ذمہ داری" کے تحت ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے صوبہ بھر میں ہیلمٹ نہ پہننے والوں کیخلاف سخت کارروائی کے احکامات جاری کر دیے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام اضلاع کے سی ٹی اوز و ڈی ٹی اوز اپنے اضلاع میں ہیلمٹ کی پاسداری کو ہر صورت یقینی بنائیں۔ صوبہ بھر میں رواں ماہ بغیر ہیلمٹ سواروں کو 15 ہزار سے زائد چالان کیے گئے، بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کا 2 ہزار جرمانہ ہے، کوئی بھی اہلکار، سرکاری و نیم سرکاری ملازمین ہیلمٹ کی پابندی سے مستثنیٰ نہیں ہیں، موٹر سائیکل چلانی ہے تو ہیلمٹ لازمی پہننا ہوگا۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں قانون شکنی کی کوئی گنجائش نہیں ہے، بغیر ہیلمٹ و بغیر لائسنس موٹر سائیکل سواروں (بقیہ نمبر 39)

258 پاکستانیوں کو بے دخل کرنا

بدنامی کا باعث ہے، جاوید قصوری

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی جاوید قصوری نے کہا ہے کہ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک دن میں سعودی عرب، یو اے ای، چین سمیت 7 ملکوں سے 258 پاکستانیوں کو بے دخل کرنا تشویشناک امر ہے، 7 بھکاریوں سمیت 232 افراد سعودی عرب جبکہ یو اے ای سے 21 پاکستانی ڈی پورٹ ہوئے، چین، قطر، انڈونیشیا، قبرص اور نائجیریا سے بھی پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا جو کہ ملکی بدنامی کا باعث ہے۔ انہوں نے اپنے (بقیہ نمبر 38)

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں نوجوان

اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، رومینہ خورشید

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ رومینہ خورشید عالم نے کہا ہے کہ عالمی حدت میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے، پاکستان نے کاپ 29 میں موسمیاتی مذاکرات کے حوالے سے اہم کردار ادا کیا، پاکستان نے ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کے مفادات میں توازن پیدا کیا۔ وزیر اعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی (بقیہ نمبر 37)

علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی

سکیورٹی مزید سخت کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی سکیورٹی مزید سخت کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا، غیر ملکیوں کی آمد کے حوالے سے انٹرنیشنل لیول کے سکیورٹی انتظامات ہوں گے۔ نجی ٹی وی کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں، اے ایس ایف اور سی ٹی ڈی نے سروے مکمل کیا ہے، سروے میں ایئرپورٹ کے گردونواح میں 10 مقامات کو خطرناک قرار دیا گیا۔ خطرناک پوائنٹس پر سکیورٹی کے سخت اقدامات مکمل کرنے کیلئے ٹیمیں تشکیل دی گئیں، انتظامات کے لیے لاہور پولیس، انتظامیہ، ایس پی یو اور سی ٹی ڈی افسران ٹیم میں شامل ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق انتظامات کو حتمی (بقیہ نمبر 36)

12TH WEXNET
EDF
10TH WEXNET EXHIBIT
URATION CER

وفاقی سیکرٹری جواد پال خواجہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

محکمہ ٹرانسپورٹ، ماس ٹرانزٹ کو ڈیجیٹلائز اور پیپر لیس کرنے کا فیصلہ

دفتری امور پیپر لیس ہونے سے لاکھوں روپوں کی بچت ہوگی، وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر

لاہور (این این آئی) محکمہ ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ کا جدت کی جانب ایک اور اقدام اٹھا لیا گیا۔ محکمہ ٹرانسپورٹ اور ماس ٹرانزٹ کو ڈیجیٹلائز اور پیپر لیس کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ وزیر ٹرانسپورٹ کی ہدایت پر محکمہ کو مکمل ڈیجیٹلائز، پیپر لیس کرنے کی تیاری شروع کر دی گئی۔ محکمہ ٹرانسپورٹ (بقیہ نمبر 34)

محکمہ سکول ایجوکیشن کا 2 سے 3 ہزار اساتذہ کو سسٹم سے نکالنے کا فیصلہ

صرف میٹرک تک تعلیم والے اساتذہ کو ترجیحی بنیادوں پر ریٹائرڈ کیا جائے گا، ذرائع

لاہور (این این آئی) پنجاب میں دو سے تین ہزار اساتذہ کو سسٹم سے نکالنے کا فیصلہ کر لیا گیا، محکمہ سکول ایجوکیشن نے اساتذہ کی ارلی ریٹائرمنٹ کے حوالے سے پالیسی تیار کر لی۔ ذرائع کے مطابق صرف میٹرک تک تعلیم والے اساتذہ کو ترجیحی بنیادوں پر ریٹائرڈ کیا جائے گا، محکمہ سکول (بقیہ نمبر 35)

CAPITAL CITY POLICE
LAHORE

لاہور، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کیپیٹل پولیس ہیڈ کوارٹر میں سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مہنگائی کو 38 سے 4 فیصد پر لانا حکومت کی بڑی کامیابی ہے

احسن اقبال

ملک کو مشکلات سے نکالنے کی کوشش کر رہے ہیں، ایٹمی طاقت ملک کی چابیاں ایسے شخص کو دی گئیں جس نے کبھی یونین کونسل نہیں چلائی

بدانتظامی، نااہلی کی بدولت ملک بدترین دلدل میں پھنس گیا، دو سال کی محنت کے بعد دنیا بھر میں معاشی بحالی کے چرچے ہیں، وفاقی وزیر

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا کہ مہنگائی کو 38 سے 4 فیصد پر لانا حکومت کی بڑی کامیابی ہے، آئندہ وقت میں اشیا کی قیمتوں میں ٹھہراؤ آئے گا۔ مسلم لیگ ن کے رہنما مظفر شجرہ کی رہائشگاہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ ملک کو مشکلات سے نکالنے کی کوشش کر رہے ہیں، ایٹمی طاقت ملک کی چابیاں ایسے شخص کو دی گئیں جس نے کبھی یونین کونسل بھی نہیں (بقیہ نمبر 40)

حکومت خسارے والے اداروں کی نجکاری کرے، خادم حسین

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا ماڈل اپنایا جائے، ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی، سینئر نائب صدر فیروزپور بورڈ اور سابقہ ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ حکومت سالانہ اربوں روپے کا خسارہ کرنے والے اداروں کی نجکاری کیلئے تیز رفتاری سے پیشرفت کرے، معیشت کی ترقی کیلئے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کا ماڈل اپنانا ہوگا، اسٹیٹ بینک شرح سود کو سنگل ڈیجٹ میں لائے تاکہ مقامی (بقیہ نمبر 44)

بلوچستان، مستونگ میں مسلح

افراد نے سیمنٹ فیکٹری جلادی

مستونگ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع مستونگ میں مسلح افراد نے گزشتہ شب لیویز چوکی پر حملہ کر دیا اور اہلکاروں کو یرغمال بنالیا۔ لیویز حکام نے بتایا کہ مسلح افراد نے سیمنٹ فیکٹری پر بھی حملہ کر کے اسے نذر آتش کیا اور کوئٹہ-سکھر قومی شاہراہ پر ناکہ بندی کر کے گاڑیوں کی تلاشی بھی لی، ملزمان نے لیویز اہلکاروں کو یرغمال بنایا اور اسلحہ، موبائل فون اور موٹر سائیکلیں چھین کر فرار ہوگئے

آئی جی پنجاب کا انسداد پتنگ بازی

ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد کا حکم

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے تمام آر پی اوز، ڈی پی اوز کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ پتنگ بازوں، پتنگ فروشوں اور مینوفیکچررز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے۔ جان لیوا سرگرمی کی ہرگز اجازت نہیں اور خونی دھندے میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس اپنائیں جبکہ دھاتی ڈور اور پتنگوں کے آن لائن کاروبار میں ملوث عناصر کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ والدین اپنے بچوں کو اس (بقیہ نمبر 42)

قائم مقام گورنر ملک احمد کی پی ایم اے

کے عشائیہ میں شرکت

لاہور (سٹاف رپورٹر) پروفیسر ڈاکٹر اشرف نظامی کی جانب سے دیئے گئے لاہور پی ایم اے کے عشائیے کے موقع پر قائم مقام گورنر پنجاب و سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان، منسٹر ہیلتھ سلمان رفیق، پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے نیشنل صدر ڈاکٹر اظہار احمد چوہدری و سیکرٹری جنرل ڈاکٹر عبدالغفور شورو، ورلڈ میڈیکل ایسوسی ایشن کے ایسوسی ایٹ رکن ڈاکٹر عبدالقدوس کھوکھر، نواب زادہ فتح باز خان قصوری، نوابزادہ عبدالقیوم خان (بقیہ نمبر 41)

TaxValley
ANNUAL ANNOUN
TAX VA
LEGAL FRATE

بار اور لاہور ہائیکورٹ بار کے امیدواروں کے اعزاز میں عشائیہ کے موقع پر اعجاز الحق ایڈووکیٹ خطاب کر رہے ہیں

کراچی، 24 گھنٹوں میں بیرون ممالک جاتے ہوئے 35 مسافر آف لوڈ

سعودی عرب جاتے ایڈوانس ہوٹل بکنگ اور مناسب رقم نہ ہونے، 3 مسافروں کو ورک ویزا پر آف لوڈ کیا گیا

کراچی (این این آئی) کراچی سے بیرون ممالک جاتے ہوئے 24 گھنٹے میں مزید 35 مسافر آف لوڈ کر دیے گئے۔ 18 مسافروں کو عمرہ ویزہ پر سعودی عرب جاتے ہوئے ایڈوانس ہوٹل بکنگ نہ ہونے اور اخراجات کیلئے مناسب رقم نہ ہونے پر آف لوڈ کیا گیا جبکہ 3 مسافروں کو ورک ویزا پر سعودی عرب جاتے ہوئے آف لوڈ کیا گیا۔ ٹور ازم ویزے پر امارات جاتے ہوئے 3 افراد (بقیہ نمبر 43)

ملتان، بس سٹینڈ پر 4 افراد کی لڑکی سے مبینہ زیادتی

واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا، ملزمان کو گرفتار نہ کیا جاسکا، پولیس

ملتان (این این آئی) ملتان میں نجی بس اسٹینڈ پر 4 افراد نے لڑکی سے مبینہ طور پر زیادتی کی ہے۔ پولیس کے مطابق لڑکی اسٹینڈ پر صفائی کا کام کرتی تھی۔ ورکشاپ میں 4 افراد نے لڑکی کو اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا، ملزمان کو گرفتار نہ کیا جاسکا۔

انجمن تاجران مصطفیٰ آباد علامہ اقبال روڈ پرانا دھرمپورہ کے نو منتخب صدر عمران مانی و دیگر کا گروپ فوٹو

پیپرز بزنس سیکٹر کو سازگار حالات فراہم کرنے چاہئیں، احمد امین

امید ہے حکومت ہماری اپیل پر ریلیف اور سبسڈیز فراہم کرے گی، ای سی ممبر لاہور چیمبر

لاہور (سٹی رپورٹر) چیئرمین آل پاکستان پیپرز مرچنٹس ایسوسی ایشن و ای سی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری احمد امین ملک نے کہا ہے پیپرز بزنس سیکٹر کا ملکی معیشت کو سہارا دینے میں اہم ترین کردار ہے۔ حکومت کو ہمارے بزنس سیکٹر کے تحفظات خدشات اور مشکلات کا ازالہ کرتے ہوئے پیپرز بزنس سیکٹر کو کاروبار کرنے میں سازگار حالات فراہم کرنے چاہئیں۔ امید ہے حکومت ہماری اپیل (بقیہ نمبر 56)

پولٹری بزنس سیکٹر ڈیمانڈ اینڈ سپلائی کے ساتھ چلتا ہے، ملک شریف

انڈے کے ریٹ میں بہت زیادہ کمی سے فارمرز شدید نقصان اٹھا رہے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) چیئرمین پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن نارتھ زون ملک شریف نے کہا ہے انڈے کے ریٹ میں بہت زیادہ کمی سے فارمرز شدید نقصان اٹھا رہے ہیں۔ پولٹری بزنس سیکٹر ڈیمانڈ اینڈ سپلائی کے ساتھ چلتا ہے۔ آج بھاری نقصان اٹھانے والے فارمر کو کل جب پورا ریٹ ملتا ہے تو مخصوص طبقہ ریٹ بڑھنے کا شور مچا دیتا ہے۔ آج نقصان اٹھانے والے پولٹری فارمر نے کل اسی (بقیہ نمبر 55)

ڈور سے زخمی نوجوان کی حالت تسلی بخش، پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے عیادت کی

صابر مسیح کو پیر تک جنرل ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا جائے گا: ڈاکٹرز کی بریفنگ

لاہور (خبر نگار) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے پتنگ کی ڈور سے زخمی لاہور جنرل ہسپتال میں زیر علاج نوجوان کی عیادت کی۔ سرجیکل تھری کے ڈاکٹرز کریم اللہ اور ڈاکٹر احمد نعیم اختر نے زخمی صابر مسیح کی صحت کے متعلق پرنسپل کو تفصیلی بریفنگ میں بتایا کہ زخمی تیزی سے روبصحت ہو رہا ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے لواحقین سے گفتگو میں کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کی روشنی میں زخمی کی ہسپتال آمد سے لے کر اب تک سینئر ڈاکٹرز معیاری علاج معالجہ کی سہولیات و نگہداشت کر رہے ہیں۔ پرنسپل جنرل ہسپتال نے بروقت کامیاب آپریشن کر کے (بقیہ نمبر 45)

لاہور: پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر جنرل ہسپتال میں زیر علاج پتنگ کی ڈور سے زخمی ہونے والے نوجوان کی عیادت کر رہے ہیں

کراچی میں ٹینکرز موت بانٹتے پھر رہے ہیں، کامران ٹیسوری

غم کی اس گھڑی میں لواحقین کے ساتھ ہوں، گورنر سندھ کا متاثرین سے اظہار یکجہتی و ہمدردی

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ معاشی حب کراچی میں ٹینکرز موت بانٹتے پھر رہے ہیں جو لمحہ فکریہ ہے۔ گورنر سندھ نے کراچی کے علاقے شہید ملت روڈ پر ٹینکر سے 2 افراد کے جاں بحق ہونے پر اظہار تشویش کیا اور آئی جی سندھ سے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی۔ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ غم کی اس گھڑی میں لواحقین کے ساتھ ہوں۔ واضح رہے کہ کراچی میں 24 گھنٹے کے دوران ٹینکر کی ٹکر سے 4 افراد جاں بحق ہوگئے ہیں۔ شہید ملت روڈ اور بلدیہ حب ریور روڈ پر واٹر ٹینکر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 2،2 افراد جاں بحق ہوگئے تھے۔

چینی باشندوں کی سکیورٹی کو یقینی بنایا جائے، سی سی پی او لاہور

ٹرائی سیریز اور چیمپئنز ٹرافی کے پرامن انعقاد کیلئے فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے جائیں

لاہور (این این آئی) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او لاہور نے چینی باشندوں کی سکیورٹی کے ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے آئندہ ماہ کھیلی جانے والی ٹرائی سیریز اور چیمپئنز ٹرافی کے پرامن انعقاد کے لئے فول پروف سکیورٹی انتظامات کرنے کی بھی ہدایات دیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے پولیس افسران کو پتنگوں اور دھاتی ڈور کی تیاری کے ہاٹ سپاٹ ایریاز پر ریڈ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ دھاتی ڈور اور پتنگوں کے خونی کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ٹوکن ٹیکس نادہندہ گاڑی مالکان سے ایک کروڑ سے زائد کی وصولی

اگلے مرحلے میں غیر رجسٹرڈ گاڑیاں بند کی جائیں گی، محکمہ ایکسائز کے صوبہ بھر میں ناکے

لاہور (این این آئی) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا ٹوکن ٹیکس نادہندہ اور غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق لاہور، ملتان، گوجرانوالہ، سرگودھا، فیصل آباد، راولپنڈی، بہاولپور، ساہیوال، ڈی جی خان، گجرات اور ریجن ڈی سمیت پنجاب بھر میں کارروائیاں جاری فیلڈ آپریشن میں نویں روز 10355 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ 310 غیر رجسٹرڈ گاڑیوں اور 548 جعلی نمبر پلیٹوں والی گاڑیاں روک لی گئیں، 1,027 ٹوکن ٹیکس نادہندگان سے ایک کروڑ 25 لاکھ 3 ہزار 759 روپے کی موقع پر وصولی کی گئی۔ ترجمان کے مطابق اگلے مرحلے میں غیر رجسٹرڈ (بقیہ نمبر 63)

لاہور، جیلانی پارک میں سیر و تفریح کیلئے آنیوالی لڑکی مصنوعی آبشار کے پاس تصویر بنوا رہی ہے

لاہور بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کے لئے ووٹنگ آج ہوگی

11 نشستوں پر 35 امیدوار مدمقابل، صدر کی نشست پر چار امیدواروں میں مقابلہ ہوگا

لاہور (این این آئی) لاہور بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات کے لئے ووٹنگ آج (ہفتہ) کے روز ہوگی جس میں 14 ہزار 712 رجسٹرڈ ووٹرز بائیومیٹرک کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے۔ 11 نشستوں پر مجموعی طور پر 35 امیدوار مدمقابل ہیں، صدر کی نشست پر عاصمہ جہانگیر گروپ کے میاں فیصل علی، حامد خان گروپ کے مبشر رحمن، عرفان حیات باجوہ اور ادیب اسلم بھنڈر مدمقابل ہوں گے۔ نائب صدر لاہور بار کی سیٹ پر 16، نائب صدر ماڈل ٹاؤن کچہری سیٹ پر 3، نائب صدر کینٹ کچہری کی نشست پر 3، سیکرٹری لاہور بار کی سیٹ پر 6 امیدواروں، جوائنٹ سیکرٹری کی سیٹ پر 3، فنانس (بقیہ نمبر 46)

صنعتی مراکز کو ریلیف ملنا انتہائی ضروری ہے، میاں اختر علی

صنعتوں، مارکیٹوں، بازاروں کی خوشحالی سے ہی ملک میں ترقی کا سویرا طلوع ہوگا

لاہور (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو لائف سٹائل انٹرنیشنل میاں اختر علی نے کہا ہے ملکی معیشت کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے صنعتی مراکز کو ریلیف ملنا انتہائی ضروری ہے۔ صنعتی و کاروباری اعشاریئے بہتر ہونے سے ہی ملک ترقی کر سکتا ہے۔ صنعت و تجارت پر لاگو ٹیکسوں میں کمی کر کے اقتصادی و صنعتی شعبہ ہائے زندگی کی ترقی کر سکتے ہیں۔ دنیا میں ترقی و خوشحالی صنعتی و کاروباری شعبہ ہائے زندگی کے حالات (بقیہ نمبر 54)

حکومت وعدے پورے، بینک انٹرسٹ 6 فیصد تک لائے، عمران بشیر

بجلی کے کمرشل یونٹ کا ریٹ کم کر کے 25 روپے اور گھریلو 18 روپے تک لائے

لاہور (سٹی رپورٹر) سینئر وائس چیئرمین فاؤنڈر گروپ مارکیٹس کوآرڈی نیشن کمیٹی لاہور، پیٹرن انچیف انجمن تاجران لاہور قائد اعظم گروپ و چیئرمین ہال روڈ مارکیٹ خدمت گروپ عمران بشیر نے کہا کہ حکومت اپنے وعدے پورے کرے، بینک انٹرسٹ 13 فیصد سے 6 فیصد تک لائے۔ بجلی کے کمرشل یونٹ کا ریٹ کم کر کے 25 روپے اور گھریلو 18 روپے تک لائے تاکہ ملکی معیشت کا پہیہ چل سکے۔ گیس کی 50 فیصد تک قیمتیں کم کرے۔ پیٹرول کی قیمت کو 150 تک لایا جائے تاکہ ضروریات زندگی کی اشیا سمیت مہنگائی کا طوفان کم ہو۔ انہوں نے کہا کہ ڈالر 170 روپے تک لایا (بقیہ نمبر 52)

پنجاب میں شدید دھند کی وجہ سے نظام زندگی بری طرح متاثر

موٹروے متعدد مقامات سے بند، فلائٹ، ٹرین آپریشن متاثر، متعدد پروازوں لاہور میں لینڈ نہ کر سکیں

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت پنجاب کے میدانی علاقے شدید دھند کی لپیٹ میں ہونے سے نظام زندگی بری طرح متاثر ہوا، موٹروے متعدد مقامات سے بند ہونے کے ساتھ ساتھ فلائٹ اور ٹرین آپریشن بھی متاثر ہوئے جس کی وجہ سے مسافروں کو شدید مشکلات درپیش رہیں۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق شدید دھند کے باعث موٹر ویز متعدد مقامات سے بند رکھی گئی، ایم 2 لاہور سے کوٹ مومن تک، ایم 4 پنڈی بھٹیاں سے فیصل آباد تک جبکہ لاہور سے سیالکوٹ موٹروے ایم 11 کو دھند کے باعث بند رکھا گیا۔ اس کے علاوہ لاہور، گوجرانوالہ، فیصل آباد، ملتان ا (بقیہ نمبر 50)

الحمراء کلچرل کمپلیکس میں ابھرتے ستاروں

کی رنگا رنگ پرفارمنس کا انعقاد

لاہور (این این آئی) الحمراء کلچرل کمپلیکس، گلبرگ 3 میں ابھرتے ستاروں کی رنگارنگ پرفارمنس کا انعقاد کیا گیا۔ شام موسیقی میں گلوکاروں عالیہ اکبر، علینہ سرفراز، ایمن فاطمہ اور سیدہ مریم نے گیت پیش کیے۔ ہیر گائیکی، مرزا نے پیش کی، وائلن پر آنگل سنیل نے ساتھ دیا۔ فلیوٹ پر شہریار، طبلہ پر علیشہ، ڈھولک پر ہارون، کی بورڈ (بقیہ نمبر 57)

شہری دھند میں احتیاطی تدابیر پر عمل کرتے

ہوئے گاڑی چلائیں، ترجمان سیف سٹیز

لاہور (این این آئی) ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی نے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہری دھند میں احتیاطی تدابیر کیساتھ گاڑی چلائیں۔ شہر لاہور میں شدید دھند کی صورتحال بارے سیف سٹی اتھارٹی نے آگاہی فراہم کر دی۔ ترجمان کے مطابق لاہور شہر شدید دھند کی لپیٹ میں ہے، شدید دھند کے باعث حد نگاہ چند میٹر رہ گئی ہے، مال روڈ، کنال روڈ، فیروزپور روڈ، جیل روڈ، ٹھوکر نیاز بیگ، قائد اعظم انٹرچینج، ایئرپورٹ، گجومتہ و اطراف میں شدید دھند کا راج ہے، لاہور سے ملحقہ موٹرویز بھی (بقیہ نمبر 60)

بار انتخابات میں فتح ہمارے پینل کا

مقدر بنے گی، اعجاز الحق صفدر ایڈووکیٹ

لاہور (این این آئی) لاہور بار ایسوسی ایشن اور لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے امیدواروں ثاقب اقبال گوندل ایڈووکیٹ امیدوار برائے صدر لاہور ہائی کورٹ بار، عبد الرحمن رانجھا ایڈووکیٹ امیدوار برائے نائب صدر لاہور ہائی کورٹ بار، ادیب اسلم بھنڈر ایڈووکیٹ امیدوار برائے صدر لاہور بار، زرو حبیب خان ایڈووکیٹ امیدوار برائے خزانچی لاہور بار سمیت دیگر وکلاء کے اعزاز میں اعجاز الحق صفدر ایڈووکیٹ نے اپنی رہائش گاہ پر عشائیہ تقریب کا انعقاد کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اعجاز الحق صفدر ایڈووکیٹ نے کہا کہ بار انتخابات (بقیہ نمبر 62)

مریض کے لواحقین کے ساتھ بدتمیزی

پر 2 ڈاکٹر نوکری سے برطرف

لاہور (این این آئی) محکمہ صحت نے ہڑتال امن وامان کا مسئلہ پیدا کرنے، غیر ذمہ دارانہ رویہ اور مریض کے لواحقین کے ساتھ بدتمیزی پر 2 ڈاکٹروں کو نوکری سے برطرف کر دیا، ڈاکٹروں کی برطرفی کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر نے ایڈہاک ڈاکٹر محمد راشد علی کو غیر ذمہ دارانہ رویہ اپنانے اور مریض کے لواحقین سے بدتمیزی کرنے پر برطرف کیا۔ دوسرے ڈاکٹر پوسٹ گریجویٹ ٹرینی محمد فائق کو ہڑتال کرنے اور امن وامان کا مسئلہ پیدا کرنے پر ملازمت سے بر (بقیہ نمبر 51)

بلوچستان یونیورسٹی کے متعدد غیر مستقل

ملازمین کی میرٹ پر مستقل تعیناتی

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کے نوٹس پر سینیٹ سٹینڈنگ کمیٹی آف ایجوکیشن نے ایکشن لیتے ہوئے بلوچستان یونیورسٹی کے متعدد غیر مستقل ملازمین کی میرٹ پر مستقل تعیناتی کر دی۔ جمعہ کو سینیٹ سیکرٹریٹ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق متاثرہ ملازمین کی درخواست پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے معاملہ سینیٹ کی سٹینڈنگ کمیٹی آف ایجوکیشن کے سپرد کیا تھا۔ 2 جنوری کو سینیٹر بشریٰ انجم بٹ کی صدارت میں سینیٹ ایجوکیشن کمیٹی کی میٹنگ ہوئی جہاں چیئرمین ایچ ای سی ڈاکٹر مختار احمد، وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی ڈاکٹر ظہور احمد بازئی سمیت کمیٹی اراکین نے شرکت کی۔

سپیشل برانچ کی زیر استعمال رہنے والے

عمر رسیدہ سنیفر ڈاگ کی نیلامی کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) سپیشل برانچ کی زیر استعمال رہنے والے عمر رسیدہ سنیفر ڈاگ کی نیلامی کا فیصلہ کر لیا گیا۔ محکمہ پولیس کی جانب سے اس سلسلہ میں نیلامی کا اشتہار بھی جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق عمر رسیدہ سنیفر ڈاگ کی نیلامی 27 جنوری کو سپیشل برانچ ڈاگ بریڈنگ اینڈ ٹریننگ سنٹر بیدیاں روڈ لاہور میں کی جائے گی۔ خصوصی کمیٹی سنیفر ڈاگ کی ریزرو قیمت متعین کرے گی۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

اسلام آباد، وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر رومینہ خورشید عالم تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے بانی پی ٹی آئی کال مسترد کر دی، مریم اورنگزیب

فتنوں کی سیاہ رات کے خاتمے پر خوشحالی کی صبح قوم کو مبارک ہو، سول نافرمانی کی کال دینے والوں کو بیرون ملک پاکستانیوں نے جواب دیدیا

عثمان بزدار کے پہلے ایک سال اور مریم نواز کے ایک سال کا موازنہ کریں جواب خود مل جائے گا، ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا، سینئر صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے بانی پی ٹی آئی کال مسترد کر دی۔ لاہور سے جاری بیان میں مریم اورنگزیب نے کہا کہ ریکارڈ ترسیلات زر اور یورپ کیلئے قومی ایئر لائن کی پروازوں کے آغاز پر قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فتنوں کی سیاہ رات کے خاتمے پر خوشحالی کی صبح قوم کو مبارک ہو، بیرون ملک پاکستانیوں نے 3 اعشاریہ 1 ارب ڈالر کی ریکارڈ رقم پاکستان (بقیہ نمبر 64)

لکی مروت میں شہریوں کے اغواء کا واقعہ قابل افسوس ہے، سنی علماء کونسل

دہشتگردوں، ان کے سہولت کاروں سے سختی سے نمٹا جائے، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ لکی مروت میں شہریوں کے اغوا کا واقعہ قابل افسوس ہے، ریاست دہشتگردوں کی ایسی کارروائیوں کو روکنے کیلئے تمام تر اقدامات کرے اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرے، دہشتگردوں اور ملک میں ان کے سہولت کاروں سے سختی سے نمٹا جائے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ لکی (بقیہ نمبر 59)

آئی ایم ایف کی غلامی ملک کو غربت میں دھکیل رہی، جے یو آئی

حکومت عوام کو ریلیف دے، ناروا ٹیکسز، مہنگائی، بیروزگاری نے لوگوں کی معاشی سکت ختم کر دی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ آئی ایم ایف کی غلامی ملک کو (بقیہ نمبر 58)

غیرت کے نام پر والدین نے بیٹی پر گولیاں برسا دیں، لڑکی ہسپتال منتقل

شمائلہ کو پسند کی شادی کرنے پر قتل کرنے کی کوشش کی گئی، پولیس کی مدعیت میں مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کے علاقے ہنجروال میں والدین نے غیرت کے نام پر اپنی ہی بیٹی پر گولیاں برسا دیں، جس سے زخمی ہونے والی 20 سالہ شمائلہ کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ ہنجروال میں غیرت کے نام پر بیٹی کو قتل کرنے کی کوشش کا واقعہ پیش آیا۔ پولیس کے مطابق شمائلہ کو اس کے والد فیاض، والدہ مسرت بی بی اور 2 چچاؤں نے منصوبہ بندی کے ساتھ گولیاں (بقیہ نمبر 61)

لاہور چیئرپرسن پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی جہاں آرا سندس فاؤنڈیشن کے دورہ کے موقع پر ایک بچے کو گفٹ دے رہی ہیں

ملکی معیشت کو توانا بنانا انتہائی ناگزیر ہے، رمیض دیوان

صنعتوں، مارکیٹوں اور تجارتی مراکز کی خوشحالی سے ہی ممالک ترقی کرتے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) چیئرمین نارتھ لاہور انڈسٹری ٹریڈرز ایسوسی ایشن رمیض دیوان نے کہا ہے صنعتوں، مارکیٹوں اور تجارتی مراکز کی خوشحالی سے ہی قومیں اور ممالک ترقی کی جانب گامزن ہوتے ہیں۔ انڈسٹریل و بزنس کمیونٹی ملکی معیشت کا وہ اہم ترین ستون ہے۔ جس کی بنیاد پر ملک کی نظام معیشت کھڑی ہے۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک صنعت و تجارت کی خوشحالی سے ترقی (بقیہ نمبر 49)

آنیوالا وقت بانی پی ٹی آئی عمران خان کا ہے، مسرت جمشید چیمہ

جعلی حکمران چاہتے ہیں انہیں کسی طرح فیس سیونگ مل جائے، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ آنے والا وقت بانی پی ٹی آئی عمران خان کا ہے، جعلی حکمرانوں نے پی ٹی آئی کو دیوار کے ساتھ لگانے کے تمام حربے آزما لئے لیکن انہیں سوائے ناکامی کے کچھ نہیں مل سکا، ان شاء اللہ عمران خان کی قیادت میں ہی پاکستان مشکلات کی دلدل سے باہر نکلے گا۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ (بقیہ نمبر 48)

لاہور، شادمان کے علاقہ میں راہگیر بزرگ شخص سٹیچو بنے فنکار کو حیرت سے دیکھ رہا ہے

مریم نواز عمران خان بننے کے بجائے عوامی مسائل پر توجہ دیں، بیرسٹر سیف

خان شریف خاندان کے اعصاب پر سوار ہیں، شریف خاندان کو خواب میں بھی بانی پی ٹی آئی نظر آتے ہیں، مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا کا ردعمل

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ مریم نواز کو بانی پی ٹی آئی عمران خان بننے کے بجائے عوامی مسائل پر توجہ دینی چاہیے۔ مریم نواز کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ مریم نواز بانی پی ٹی آئی جیسا بننے کی ناکام کوشش کر رہی ہیں، عمران خان شریف خاندان کے اعصاب پر سوار ہیں، شریف خاندان کو خواب میں بھی بانی پی ٹی آئی نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کو بانی پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 53)

اعلان تقرری

ABC CERTIFIED
قوت

حاجی محمد رمضان
تحصیل رپورٹر کوٹ رادھا کشن
0300-8855457
مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔
ادارہ